UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224018
UNIVERSAL
LIBRARY

جلد اول ستمبر سنہ ۱۹۲۵ع نمبر

نورس

اورنگ آباد کالج کا دوماہی رسالہ

انجمن اردو کے مطبع میں چھپا

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	نورس	اڈیٹر	۱
۲	شذرات	ایضاً	۵
۳	اخبار علمیہ	ایضاً	۱۷
۴	بانی بدھ مت سے خطاب	شیخ چاند متعلم سکنڈ ایر عثمانیہ کالج اورنگ آباد دکن	۲۵
۵	نورسوں سے خطاب	مولوی عبدالقدیر صاحب قدیر ایولہ ضلع ناسک	۳۶
۶	خاموش گویائی	سردار سنگھ طالب علم عثمانیہ کالج اورنگ آباد دکن	۳۸
۷	عادت	محمد ایوب خان ملعم سینیر انٹر میڈیٹ عثمانیہ کالج اورنگ آباد دکن	۴۷
۸	شہر کا نظارۂ شب	افضل حسین فاروقی	۵۷
۹	اخبار کلیہ		۶۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نورس

آج کل اُردو میں رسالے اس کثرت سے نکل رہے ہیں کہ اُن کے لئے نام تجویز کرنا ایسا ہی مشکل ہو گیا ہے جیسے شاعروں کے لئے نئے تخلص کا انتخاب۔ علی گڈہ مسلم یونیورسٹی کی انجمن اردوے معلے ایک رسالہ نکالنا چاہتی ہے لیکن نام نہیں ملتا۔ وہاں اچھے اچھے ادیب اور باکمال موجود ہیں لیکن اس نو۔ مولود کے لئے کوئی موزوں نام نہیں سوجھتا۔ دور و نزدیک خط لکھے جا رہے ہیں مگر کوئی دستگیری نہیں کرتا۔ جب مجھے اپنے کالج کی طرف سے رسالہ نکالنے کا خیال ہوا تو نام کی مجھے بھی فکر ہوئی۔ میرے ایک عزیز دوست نے اس کا نام دلرس تجویز کیا۔ اس لئے کہ مقبرۂ رابعہ دورانی جو اورنگ آباد میں ہے اور جہاں میرا قیام ہے ممالک محروسہ سرکار عالی میں سب سے بہتر اسلامی عمارت ہے۔ یہ اورنگ زیب کی چہیتی بیوی کا مقبرہ ہے جن کا نام دلرس بانو تھا۔ اورنگ آباد کی خصوصیت سے یہ نام بہت اچھا

تھا لیکن دلرس کا نام سنتے ھی میرے ذھن میں نورس کا خیال آیا—

نورس کا خیال مجھے کیسے آیا ؟-کچھہ عرصہ پہلے ایک عجیب اتفاق سے سلطان ابراھیم عادل شاہ کی نایاب کتاب نورس میرے ھاتھہ لگی تھی اور میں اس کا مطالعہ کر رھاتھا-یہ اس خیال کا باعث ھوئی-ابراھیم عادل شاہ کو بھی یہ لفظ محض اتفاق سے ملا-کہتے ھیں کہ جب بادشاہ اپنا نیا شہر تعمیر کر رھے تھے تو ایک روز پاس کے موضع کے لوگ ایک شیشہ شراب کا بطور پیشکش کے بادشاہ کی خدمت میں لے کر حاضر ھوے-بادشاہ نے پی تو بہت ھی لطف و نشاط حاصل ھوا اور فرمایا "امروز مارا کیفے نورسیدہ" اس لفظ کا زبان پر آنا تھا کہ انھوں نے اسے فال نیک سمجھا اور نو تعمیر شہر کا نام اُسی وقت نورس پور رکھہ دیا-اب اس لفظ سے انھیں ایسا عشق ھوا کہ ھر مقام اور ھر شے پر اس کا استعمال کرنے لگے-چنانچہ مہمات مالی و ملکی میں بھی ایک عمل نورس قرار پایا اور دفتر کے معاملات دادوستدوغیرہ نورس کے حساب سے ھونے لگے-اپنی خاص مہر پر جو یمنی عقیق کی تھی بجاے اپنے نام کے نورس کا لفظ کندہ کرایا-نورس نام کا سکہ چلایا-علم نورس اور نشان نورس بناے گئے-محل

خاص کا نام نورس تجویز ہوا۔ اپنی تالیف کا نام جو فن موسیقی میں ہے نورس رکھا۔ ایک عید نورس قرار پائی جو نویں مہینے جمعہ کو ہوتی تھی اور اس میں بڑے بڑے کلارنت اور صاحب فن جمع ہوتے تھے اور اپنا اپنا کمال دکھاتے تھے۔ بادشاہ کی دیکھا دیکھی امرا و اعیان دولت نے بھی اس لفظ کے استعمال کو باعث فخر سمجھا۔ چنانچہ ظہوری کا دیباچۂ نورس مشہور ہے۔ یہ بادشاہ کی مدح میں ہے۔ محمد قاسم فرشتہ نے اپنی تاریخ کا نام نورس نامۂ فرشتہ رکھا۔ اس زمانہ کے ایک شاعر عبدالقادر کا تخلص نورس تھا —

یہ لفظ ایسا سادہ اور خوبصورت ہے کہ اس کے ذہن میں آتے ہی پھر دوسرا کوئی نام نہ جچا اور میں نے رسالہ کا یہی نام تجویز کردیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک کالج کے رسالے کے لئے جو حال ہی میں قائم ہوا ہے اور ان طلبہ کی مناسبت سے جو اس میں تعلیم پاتے ہیں اس سے موزوں کوئی دوسرا نام نہیں ہوسکتا۔ اس رسالے کو کسی قسم کا دعویٰ نہیں۔ یہ محض طالب علموں کے لئے ہے اور انہیں کی ملک ہے۔ اس کا منشا اُن میں علمی اور ادبی ذوق پیدا کرنا ہے۔ اس لئے ایک خاص حصہ انہیں کے لئے مخصوص کردیا ہے۔ مختلف علمی معلومات بھی بہم پہنچانے کی کوشش کی گئی

ھے تاکہ ان کا علم صرف درسی کتابوں ھی تک محدود نرھے اور اُن میں مطالعہ کا شوق پیدا ھو-تعلیم کی ایک بڑی غایت یہ بھی ھے کہ طالب علم اپنے مافی الضمیر کو صحت اور سلیقہ کے ساتھہ ظاھر کر سکے-اصل میں اس رسالے کی اشاعت کا مقصد اس غایت کی تکمیل ھے-اگر ھمارے طالب علموں میں ادبی ذوق پیدا ھو گیا اور اُن کی توجہ انشا پردازی کی طرف ھو گئی تو ھمارا مقصد حاصل ھو جاے گا- یہی زمانہ اُن کے کچھہ کرلینے اور حاصل کرلے نے کا ھے-اس وقت کی کوشش اور کاوشیں اُن کی آیندہ زندگی میں بارآور ھونگی-یہ وقت بونے اور پرورش کرنے کا ھے-اس محنت کا پھل اُس وقت ملے گا جب دنیا کے کار خانے میں قدم رکھیں گے- جو بوئیگا—

فی الحال اس رسالے کو ھم نے اپنے ھاتھہ میں رکھا ھے- جب طالب علم اس کی ترتیب وغیرہ کا کام سیکھہ جائیں گے تو یہ امانت اُن کے حوالہ کردی جائیگی تاکہ وہ خود ھی ترتیب دیں اور خود اس کے چلانے کا انتظام کریں-البتہ جس قسم کی مدد اُنھیں درکار [illegible] شی سے اُنھیں دیں گے—

عبدالحق

شذرات

ربع صدی کے بعد آج پھر اورنگ آباد کی پرانی نگری ایک کلیہ کے قیام سے منور نظر آتی ہے۔ وہ زمانہ دوسرا تھا۔ اُس زمانے کے خیالات بھی دوسرے تھے۔ لارڈ میکالے کا بویا ہوا بیج پھل پھول لارہا تھا۔ انگیزی زبان کی گرم بازاری تھی۔ "گیسوے اردو" "منت پذیر شانہ" تھا اور اِسی وجہ سے ہمارا "اورنگ آباد کالج" بھی علوم کی نشر و اشاعت کے لئے سات سمندر پار کی زبان کو استعمال کرتا تھا۔ لیکن زمانے نے پلٹا کھایا۔ اُردو زبان کی قسمت جس خس و خاشاک کے نیچے دبی ہوی تھی شاہانہ الطاف کے جھونکوں نے اُسے اُڑادیا اور سرسوتی نے ایک مدت بعد اپنی زبان کھولی اور اپنی مہابانی سے جو ہندوستان کی چہیتی زبان ہے سرزمین دکن پر موتی برسائے —

—:o:—

جامعۂ عثمانیہ کیا چیز ہے۔ اس کی اہمیت کیا ہے دارالترجمہ ہماری زبان کی کیا خدمت کررہا ہے؟ اِن سوالات کا جواب ہم آپ نہیں دے سکتے۔ ہم تصویر کے اتنے

نزدیک کھڑے ہوے ہیں کہ اس کے اصلی حسن اور خوبی کو معلوم نہیں کرسکتے-ہاں! آنے والی نسلیں اس کی اصلی اہمیت کو سمجھیں گی اور اُس کے سرپرست اعلیٰ کی پیش بینی کی داد دیں گی-آنے والے مورخین حیدرآباد دکن کی طرف اِشارہ کریں گے اور بتلائیں گے کہ اسی افق سے ہندوستان میں علم و حکمت کا ایک نیا آفتاب طلوع ہوا تھا-اسی زمین سے وہ سوت پھوٹی تھی جس نے بڑھتے بڑھتے ایک اتھا سمندر کی شکل اختیار کرلی جس کی موجوں نے اختلاف زبان کی دیوار کو بات کی بات میں گرا دیا اور ایک متحدہ اور مشترک زبان دے کر جنم بھوم-قومیت اور نسل کے امتیاز کے باوجود ایک متحدہ "قومیت" پیدا کردی-اُردو جگت بھاشا نہ ہو تو نہ ہو-ہندوستان کی قومی زبان ضرور ہوگی اور اُن اجزا کی شیرازہ بندی کرے گی جو اب تک بکھرے ہوے تھے—

———:o:———

جس آفتاب کی ضیا باریوں نے قلمروے آصفیہ کی حدود سے بڑھ کر پورے ہندوستان کے اندھیرے میں اجالا کردیا ہو اُس کی شعاعیں دلی اور سراج کے جنم بھوم تک کیوں کر نہ پہونچتیں-اگر حیدرآباد فرخندہ

بنیاد تخت آصفی کا سب سے زیادہ چمکدار ہیرا ہے-تو اورنگ آباد خجستہ بنیاد اُس کا گوہر تابدار ہے اور تاریخی حیثیت سے اسے اولیت کا فخر حاصل ہے-چنانچہ یہاں بھی آبان سنہ ۱۳۳۴ ف میں انٹر میڈیٹ کالج کا قیام عمل میں آیا-بڑے ہیرے کی جوت سے یہ چھوٹا سا موتی بھی جگمگا اُٹھا—

گرچہ خوردیم نسبتے است بزرگ
ذرۂ آفتاب تا با نیم

———:o:———

جس طرح تعلیم و تربیت تکمیل حیات انسانی کے دو الگ الگ شعبے ہیں اسی طرح ہر اِدارۂ علمی کے لئے درس و تدریس کے ضابطوں کے علاوہ کچھہ ذاتی صفات کا ہونا بھی ضروری ہے-اظہار خیال کی قدرت-زندگی کے مختلف مسائل سمجھنے کی صلاحیت اور بلند پایہ انسانیت کا نشو و نما یہ وہ چند صفتیں ہیں جن کا پیدا کرنا ہر تعلیم گاہ کا پہلا فرض ہے-اگر زندگی کو نیرنگیوں کی وحدت مان لیا جاے تو اِس مجموع کے اجزا کی فرداً فرداً تکمیل کتنی ضروری ہوجاتی ہے-ہمارے رسالہ کا اجرا وہ پہلا قدم ہے جو اِس تکمیل کی طرف بڑھایا جارہا ہے-نورس میدان صحافت میں کسی دعوے کے ساتھہ نہیں

اُترا ھے-وہ صرف ایک مقصد کا حامل ھے-وھی مقصد جو ھر کلیہ کے رسالے یا میگزین کا ھوتا ھے یعنی طلبا میں ان کی بساط کے موافق علم وتحقیق کی چیٹک پیدا کرنا- انہیں اس قابل بنانا کہ اپنے کچے پکے خیالات کو اچھے اسلوب کے ساتھہ پیش کر سکیں اور اھم اور دلچسپ معلومات حاصل کرسکیں-اسی مقصد کو پیش نظر رکھکر ھم نے اس رسالہ کے بڑے حصہ کو طلبہ کے مقالات کے لئے وقف کردیا ھے لیکن ساتھہ ھی ساتھہ ھماری یہ بھی نیت ھے کہ اس میں دیگر اھل ذوق حضرات کے لئے بھی معلومات و تفریح کا اچھا خاصہ سامان فراھم کیا جاے-ان کی سر پرستی ھمیشہ ھمارے لئے باعث فخر رھے گی اور "نورس کا دامن" پختہ مغزان عام و فن کے سامنے ھمیشہ پھیلا ھوا رھے گا—

—:o:—

اب تک ھندوستان کی قدیم یونیورسٹیوں میں اُردو اور عام طور پر السنۂ مشرقیہ کی سرپرستی کرنے والی صرف تین یونیورسٹیاں رھی ھیں-یعنی پنجاب اور الہ آباد اور مدراس-لیکن اب یہ دیکھہ کر خوشی ھوتی ھے کہ دوسری یونیورسٹیوں کی توجہ بھی اسطرف ھوتی جاتی ھے-چنانچہ حال میں بمبئی یونیورسٹی کی مجلس رفقا نے اپنے ھاں شعبہ علوم مشرقی قائم کرنے کی تجویز کو

منظور کیا ھے-بمبئی یونیورسٹی کے طلبہ ایف-اے پاس کرنے کے دو سال بعد B. O. L. اور ۴ سال بعد M. O. L. کی ڈگریاں حاصل کر سکیں گے-ان ڈگریوں کے لئے جو گروپ قائم کئے گئے ھیں اُن میں عربی-فارسی-اُردو-پہلوی-ایک پراکرت-سنسکرت-ھندی وغیرہ زبانیں داخل ھیں-سب سے بڑی بات یہ ھے کہ ان علوم کی تعلیم بھی ھندوستانی زبانوں ھی میں دی جائیگی-مغرب کی دلدادہ بمبئی یونیورسٹی کی اِس مشرق پسندی کو عام طور پر علمی حلقوں میں حیرت کی نظروں سے دیکھا جا رھا ھے-لیکن ھم کو اس پر مطلق تعجب نہیں ھے-جس صوبہ کے پڑوس میں جامعہ عثمانیہ موجود ھو اُس سے تو کہیں زیادہ کی توقعات رکھی جا سکتی ھیں-دیکھنا یہ ھے کہ ارباب کلکتہ و دوسری یونیورسٹیاں اس "بدعت" کی کب مرتکب ھوتی ھیں؟

——:o:——

وسایل آمد رفت کی مدد سے مغربی تہذیب نے جس سرعت کے ساتھہ ترقی کی ھے اس کا ایک ادنیٰ نتیجہ یہ ھے کہ وھاں کے لوگ یہ سننا تک گوارا نہیں کرتے کہ ان کا تمدن مشرق کا زیر بار احسان ھے-چنانچہ ابھی سو سال اوپر یورپ کے علمی حلقوں میں یہ خیال رائج تھا کہ انسان کی ذھنیت کا آغاز ۱۰۰۰ سال ق-م یعنی ھومر کے زمانے

سے ہوتا ہے-آشوریوں اور فنیقیوں کو وہ لوگ محض وحشی سمجھتے تھے لیکن حال میں جو اکتشافات ہوے ہیں انہوں نے ثابت کردیا ہے کہ ہومر کی الیڈ سے کئی ہزار سال قبل بھی مصر-شام-عراق اور ہندوستان میں علم کے چرچے رہتے تھے اور جس چراغ سے یونانیوں اور یہودیوں نے اپنی حکمت کا دیا جلایا وہ مشرق کی سبھا میں بہت پہلے سے روشن تھا—

—:o:—

گزشتہ ماہ میں مسٹر دولے کو آر میں اور مسٹر میکے کو کش میں جو آثار دستیاب ہوے ہیں ان کی عمر ۶۰۰۰ سال کی ہے-یعنی ۴۰۰۰ سال ق-م-آر (Ur) اور کش (Kish) یہ دونوں مقامات عراق میں واقع ہیں-ان اکتشافات سے معلوم ہوتا ہے کہ عراق عرب کے سمیرین لوگ عیش و عشرت میں بسر کرتے تھے-اُن کے مذہبی خیالات بھی ہمارے زمانے کے خیالات سے بہت کچھہ ملتے جلتے تھے اور اُن میں تجارت بھی تھی—

—:o:—

اِن آثار کے مطالعہ سے ہندوستان کی قدیم تاریخ پر بھی عجیب و غریب روشنی پڑتی ہے-ان ہردو حضرات نے جیسی مہریں عراق میں پای ہیں وہ بالکل ویسی ہی ہیں

جو کچھہ عرصہ قبل سندہ سے دستیاب ہوی تھیں-تل البعید میں (جو آر کے نزدیک ہے) نندی کے مجسمے بھی ملے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں بھی گاے کو مقدس اور "خالق اکبر" مانا جاتا تھا-وہاں کی عمارتوں کا انداز بالکل وہی ہے جو بعد کی بودہ مت کی عمارتوں میں پایا جاتا ہے-ان اکتشافات نے ثابت کردیا ہے کہ پرانے زمانے میں عراق اور ہندوستان کے مابین تجارتی تعلقات تھے اور ہندوستانی تہذیب نے ان سمیریوں کی تہذیب کا گہرا اثر قبول کیا ہے-خدا معلوم ان کی طرح مشرقی تہذیب کے کتنے خاموش گواہ ہنوز زیر خاک مدفون ہیں؟

—:o:—

یہ تو تہذیب انسانی کی داستان تھی-اب ارتقاے انسانی کا ذکر سنیے-گذشتہ نومبر میں کمبرلے (جنوبی افریقہ) سے ۸۰ میل کے فاصلہ پر بمقام ٹوانگس (Tuangs) باقیات الارض کے ماہرین نے ایک عجیب و غریب کھوپڑی ڈھونڈ نکالی ہے-اس کے متعلق علمی حلقوں میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ اُس ذی حیات کی کھوپڑی ہے جسے ڈارون نے "گم شدہ کڑی" (Missinig link) کہا ہے-یہ کھوپڑی بندرنما انسان نہیں-بلکہ انسان نما بندروں کے وجود کا پتہ دیتی ہے-جبڑے کی ساخت حیوانی ہے-لیکن دماغ کے

حصے مخ اور مخیخ (Cerebrum & Cerebellum) بالکل انسانوں کے جیسے ھیں-ماھرین کا خیال ھے کہ یہ جانور اب سے ۵ لاکھہ سال قبل موجود تھا-لیکن یہاں پر یہ دلچسپ سوال پیدا ھوتا ھے کہ کیا افریقہ میں اس تمام مدت میں ارتقا کا عمل ملتوی رھا حالانکہ انسان دوسرے مقامات میں ھر اعتبار سے ترقی کرتا رھا ؟ اصلیت جو کچھہ بھی ھو اس نئی دریافت نے محدود عقل انسانی کے لئے قیاسات کے نئے دروازے کھولدے ھیں —

—:o:—

مادیت پسند یورپ سدا سے مشرقی روحانیت اور اس کے کرشموں کا منکر رھا ھے-لیکن آج کل روحانیت کی تحریک وھاں بھی تیزی اختیار کرتی جارھی ھے-اس تحریک کے زبردست حامی مشہور ناول نویس سر ا-کے-نن ڈایل ھیں اور مشہور سائنس داں سر آلی ور لاج بھی اب روحانیوں (Spritualist) کی صف میں مل گئے ھیں-حال ھی میں لندن پریس کلب کی ایک دعوت میں آپ نے دور-خیالی (Telepathy) کے متعلق حسب ذیل الفاظ میں اظہار خیال فرمایا ھے —

" میں نے اس کی تحقیق کر لی ھے اور میں آپ کو یقین دلاتا ھوں کہ یہ اصلیت پر مبنی ھے-

سردست ہم صرف اتنا جانتے ہیں کہ حواسوں کے
واسطے کے علاوہ اور بھی واسطے ہیں جن کے
ذریعہ سے ایک ذہن دوسرے ذہن پر اثر ڈال سکتا
ہے۔ذہن انسانی طبعی اعمال سے بے نیاز ہوکر بھی
دوسرے ذہنوں تک اچھا اثر پہونچا سکتا ہے۔وہ
بغیر مادہ کے بھی اپنا وجود باقی رکھہ سکتا ہے،،

——:o:——

اسی سلسلہ میں ناظرین کے لئے یہ معلوم کرنا بھی
خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ سر کے نن ڈایل کے خلاف ایک
صاحب ہوڈینی (Houdini) نے ازالۂ حیثیت عرفی
و بدگوئی کا ایک مقدمہ امریکہ میں دایر کیا ہے۔مسٹر
ہوڈینی ایک اطالوی نوجوان ہیں۔آپ عرصہ تک
روحانی تحریروں۔روحوں سے گفتگو۔روحوں کی تصویریں
اور اِسی قسم کے مباحث پر غور کرچکے ہیں۔آپ نے ایک
سلسلۂ مضامین میں مذہب روحانیت کی تردید کی تھی۔
اور اس کے مذکورۂ بالا مظاہرات کو شعبدہ بازی کہا تھا۔
سر کے نن ڈایل نے آپ کے مضامین پر ان الفاظ میں اظہار
خیال کیا—

"ان کی کوئی راے مذہب روحانیت کے متعلق
قابل وقعت نہیں ہے.....انہیں چاہئے کہ

اپنے کام میں مصروف رہیں اور ایک ایسی بحث
میں نہ پڑیں جو کہ تعصب اور اُن کے مختل
دماغ کی وجہ سے اُن کی فہم سے باہر ہے"

مسٹر ہوڈی نی کا دعویٰ ہے کہ وہ روحانیت کے تمام کرشموں کو خود بھی دکھا سکتے ہیں۔ دیکھنا ہے کہ مادیت اور روحانیت کے اس مقدمہ کا فیصلہ کیا ہوتا ہے —

ہماری رائے میں یہ ایک ہی تصویر کے دو رخ ہیں۔ حق دونوں میں ہے لیکن طالب حق کو دونوں رخ پیش نظر رکھنے چاہئیں۔ ایک رخی ضد اور تعصب سے لڑنے مرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ جن کی نظر میں دونوں رخ ہیں وہ خاموش ہیں —

——:o:——

مرد ہمیشہ سے صنف نازک پر ناقص العقل ہونے کا الزام لگا رہے ہیں۔ لیکن زمانۂ حال کی نفسیاتی تحقیق نے اس الزام کو غلط ثابت کر دیا ہے۔ امریکہ کی مختلف یونیورسٹیوں نے جب عورتوں اور مردوں کے ذہن کی پیمایش کی تو حسب ذیل نتیجہ بر آمد ہوا۔ کولے روڈ و کالج میں ۵۱۱ مرد اور ۱۱۱ عورتوں کی ذہنی پیمایش کی گئی تو دونوں صنفوں نے اوسطاً ۱۴۲ نشانات حاصل کئے۔ ۴ یونیورسٹیوں کے ۳۱۷۵ طلبہ اور ۱۵۷۵ طالبات میں سے

اعلیٰ درجہ میں کامیاب ہونے والے ۷۵٫۳ فیصدی مرد تھے اور ۷۵٫۲ عورتیں!

———:o:———

ہارورڈ یونیورسٹی میں جو ذہنی پیمایش کی گئی اُس میں ایک مرد اور ایک عورت دونوں نے برابر اعلیٰ ترین نشانات ۸۶ حاصل کئے۔مردوں میں سب سے کم نشانات ۸ تھے اور عورتوں میں ۲۸۔سب مردوں نے اوسطاً ۵۰ نشانات حاصل کئے اور عورتوں کے اوسط نشانات ۵۵ تھے—

———:o:———

ان نتائج سے ثابت ہوتا ہے کہ باعتبار ذہانت عورتیں مردوں سے پیچھے نہیں ہیں۔لیکن عورتوں اور مردوں کی یہ مساوات اُن کی یکسانیت کو مستلزم نہیں ہے۔پروفیسر تھارن ڈایک نے جو کولمبیا یونیورسٹی میں "نفسیات تعلیمی" کے پروفیسر ہیں دونوں صنفوں کے خصوصیات کی حسب ذیل تقسیم کی ہے۔عورتیں ہجے۔انگریزی۔غیر ملکی زبانیں۔قریبی حافظ اور ذہنی خازنیت (Retentiveness) میں مردوں سے بڑھی ہوی ہیں۔اور مرد تاریخ۔جدت۔طبیعات۔کیمیا اور حرکات کی صحت کے اعتبار سے عورتوں پر فوقیت رکھتے ہیں۔ہمیں امید ہے کہ بہت جلد ہمارے ملک میں بھی ذہنی پیمایش کے طریقے رائج ہو جائیں گے

ہمارے یہاں کی خواتین پر سے ناقص العقلی کا الزام اُٹھہ جاے گا اور علمی ترقی کے جائز مواقع سے اُنہیں محروم نہ رکھا جاے گا —

اخبار علمیہ

مشہور بنگالی ماہر سائنس ڈاکٹر جے-سی-بوس نے روشنی کی ایسی کرنیں دریافت کرلی ہیں جو کثیف اجسام کو شفاف بنا سکتی ہیں—

—:o:—

طبیعیات کے علاوہ ڈاکٹر بوس نے نباتات کا بھی بہت گہرا مطالعہ فرمایا ہے-آپ نے ایسے آلات بنائے ہیں جن کی مدد سے درختوں کی نیند-اُن میں تہیجات کی رفتار-ان کی تکان اور دیگر نباتی اعمال کی تحقیق ممکن ہے-لیکن ابھی حال میں آپ نے ایک عجیب و غریب مشین تیار کی ہے جو درختوں کے بڑھنے کی رفتار کو ساعت بہ ساعت معلوم کرسکتی ہے-اس مشین کی مدد سے یہ بھی دریافت کیا جاسکتا ہے کہ کون کون سے درخت کس مقدار میں حرارت اور روشنی چاہتے ہیں—

—:o:—

آسٹریا کے ایک سائنس داں نے نقلی شیشہ تیار کیا ہے-

یہ شیشہ مختلف اقسام کے سریشوں سے بنایا گیا ہے۔یہ بالکل بے رنگ ہے اور پائداری اور چمک کے اعتبار سے اصلی شیشہ سے کہیں بڑھا ہوا ہے۔وائنا کی یونیورسٹی میں اس کے خواص کے متعلق تجربے کئے جا چکے ہیں اور توقع کی جاتی ہے کہ اس دریافت کا اثر شیشہ سازی کی صنعت پر بہت گہرا ہوگا—

—:o:—

اب تک طیارے بنانے کی غرض یہ ہوتی تھی کہ مختلف ملکوں کے درمیان فضائی سلسلہ تجارت وسفر قایم ہو۔لیکن حال میں کپتان جی۔ڈی۔ہاوی لان نے ایک چھوٹا دونشت کا طیارہ بنایا ہے جو "فضائی تفریح" کا کام دے گا۔اور جس طرح آج کل لوگ موٹروں یا گاڑیوں پر ہوا خوری کرتے ہیں اِس پر بھی کر سکیں گے۔یہ طیارہ ایک چھوٹے موٹرخانے میں آسانی کے ساتھ رکھا جاسکتا ہے۔ ۲ منٹ سے کم میں اُس کے پر پرزے سمیٹے جاسکتے ہیں۔ اس کی رفتار ۳۸ میل فی ساعت سے ۹۰ میل تک کی ہے۔اس میں پٹرول کا صرف ۳۰ میل فی گیلن ہوگا۔یہ مکمل طیارہ ۸۵۰ پونڈ میں فروخت کیا جا سکے گا۔

—:o:—

وینس اٹلی کا مشہور شہر ہے اور "ملکۂ بحرین" کے

نام سے یاد کیا جاتا ھے-سڑکوں کی بجاے یہاں آمد و رفت نہروں کے ذریعہ ھوتی ھے-لیکن اب اس شہر میں بھی زیر زمین ریلوے نکالی جارھی ھے-یہ ریل شہر کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک جائیگی-اس کا طول ۸ میل ھوگا—

—:o:—

ھر شخص جانتا ھے کہ متعدی امراض کے جراثیم اکثر اوقات مکھیوں کے ذریعہ سے دوسروں تک پہونچتے ھیں- یہ خردبین کی مدد سے دکھای دیتے ھیں لیکن حال میں ایک عجیب و غریب طریقے سے ایک مکھی کا عکس کلاں نما شیشوں کی مدد سے بایسکوپ کے پردوں پر ڈالا گیا-اندازہ کیا جاتا ھے کہ ٹائیفائڈ (موتی جھرہ) کے ۷۰۰۰۰۰۰ جراثیم اس ایک مکھی میں موجود تھے—

—:o:—

اب تک علم تشریح الاعضا کی حیرت انگیز ایجادیں زمانہ حال سے منسوب کی جاتی تھیں-لیکن اب معلوم ھوا ھے کہ اب سے ۱/۲ ۴ صدی قبل اس علم نے اٹلی میں بہت کچھہ ترقی کرلی تھی-وھاں کے ماھرین تشریح ضائع شدہ ناک-کان-اور ھونٹ کو درست کرنا اور انہیں ازسرنو بنانا جانتے تھے—

—:o:—

مشہور مرہٹہ سردار شیواجی کی نسل کا خاتمہ گزشتہ ماہ میں ہوگیا۔ شری منت پرتاپ سنگھ المعروف بہ بھاو صاحب چتراپت۔ مہاراجہ ستارہ اس نسل کے آخری فرد تھے۔ ان کا انتقال گزشتہ ماہ میں ستارہ میں ہوگیا ہے۔

—:o:—

انگلستان کے مشہور ماہر طبیعیات پروفیسر رس آج کل یہ تجربہ کر رہے ہیں کہ آیا مصنوعی طریقوں کی مدد سے انسانی بصارت کو اس حد تک تیز کیا جاسکتا ہے یا نہیں کہ اندھیرے کی چیزیں دکھای دیں۔ پروفیسر موصوف کا خیال ہے کہ ہماری بصارت میں ۱۵ فیصدی کے قریب اضافہ ممکن ہے —

—:o:—

جل ویدک (Water-cure) اب تک بخار اور مختلف قسم کے درد کے لئے مفید سمجھی جاتی تھی۔ لیکن ابھی حال میں اس کے ذریعہ سے ایک ایسے شخص کا علاج کیا گیا ہے جس کا ۲/۳ جسم جل چکا تھا اور جس کے بچنے کی کوئی توقع نہ تھی۔ یہ شخص چھہ روز تک پانی کے ایک تب میں رکھا گیا۔ پانی برابر بدلا جاتا تھا اور اس شخص کو بہت سا پانی پلایا جاتا تھا اور کوئی علاج نہیں کیا گیا۔ یہ شخص اب اچھا ہے اور ایک ہفتہ کے اندر اپنی معمولی

حالت پر آجاے گا—

—:o:—

لندن میں عنقریب ایک نئے قسم کی ٹریم چلائی جاے گی-اس کو صرف ایک شخص چلاے گا-اس گاڑی کے دروازے اس قسم کے ھیں کہ جب تک گاڑی متحرک رھے وہ کھل نہیں سکتے-گاڑی کے رک جانے کے بعد بھی اس وقت تک دروازے نہیں کھل سکتے جب تک کہ کوئی شخص پائدان کے قریب اترنے کے لئے تیار نہ کھڑا ھو-خیال کیا جاتا ھے کہ اس ایجاد سے ٹریموے کے حادثوں میں کمی ھو جاے گی—

—:o:—

امریکہ میں آج کل دنیا کا سب سے بڑا گیس پائپ بنایا جا رھا ھے-اس کا قطر ۱۶ انچہ اور لمبائی ۲۱۰ میل ھے-یہ پائپ بے جوڑ ھوگا اور زمین کے اندر ھی اندر کئی غاروں-چار ریاستوں اور دو دریاوں میں سے ھو کر گزرے گا—

—:o:—

مکروبیات "Bacteriology" کے متعلق تازہ ترین تحقیق

پروفیسر آر-سی گرین-پروفیسر مکروبیات می نی سوٹا یونیورسٹی کی ھے-آپ نے بڑی کاوش کے بعد خود جراثیم میں سے ایسے چھوٹے چھوٹے جراثیم علحیدہ کر لئے ھیں جو

اول الذکر سے چمٹے رہتے ہیں اور اپنی خوراک انہی سے حاصل کرتے ہیں۔ جس طرح جراثیم جسم انسانی سے اپنی غذا حاصل کرتے ہیں اسی طرح سے یہ چھوٹے جراثیم ان بڑے جراثیم کے زلہ خوار ہیں۔ پروفیسر موصوف کا دعویٰ ہے کہ یہ نئی چیز ہر قسم کے جراثیم کے لئے سم قاتل کا حکم رکھتی ہے۔ انہوں نے جب متعدی امراض کے جراثیم رکھنے والے اجزا کو مقطر کیا تو انہیں ایک سفید سی رقیق شے دستیاب ہوئی۔ جب اس کا ایک قطرہ ایسے پانی میں ڈالا گیا جس میں پہلے سے جراثیم موجود تھے تو یہ سب کے سب چند گھنٹوں کے اندر مر گئے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر اس چیز کو دس لاکھ گنا پانی میں ڈالا جاے تو بھی یہ جراثیم کے لئے مہلک ہوتی ہے اس دریافت سے متعدی امراض کے علاج میں بہت بڑی مدد ملے گی —

—:o:—

ملیریا کے جتنے واقعات ہوتے ہیں اُن سب کا باعث ڈنک دار مچھر ہیں اور اُن کے دفعیہ کے لئے دوائیں بھی ہیں۔ لیکن حال میں جو بیان ڈاکٹر لوی پال لی جندر نے فرانس کی مجلس علوم کے روبرو دیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مچھروں کے سب سے بڑے دشمن خود ایک قسم کے بے ڈنک کے مچھر ہیں۔ یہ بے ڈنک کے مچھر بری تے نی کے

مختلف حصوں میں پاے جاتے ھیں اور ان کی مدد سے مچھروں کی دستبرد سے نجات مل سکتی ھے—

—:o:—

ڈاکٹر رابرٹ-ایچ گالٹ پروفیسر نفسیات نارتھہ وسٹرن یونیورسٹی نے حال میں ایک ایسا آلہ ایجاد کیا ھے جس کی مدد سے بہرے سے بہرا شخص بھی ھتیلیوں کے ذریعہ سے آواز کا احساس کرسکے گا-چنانچہ اس آلہ کی مدد سے ڈاکٹر صاحب موصوف نے پانچ بہرے آدمیوں کو ۱۵ جملے سکھاے ھیں اور وہ ھتیلیوں کے ذریعہ سے ان جملوں کو "سنکر" پہچان سکتے ھیں-یہ آلہ ٹیلیفون کے صوت-گیر (Receiver) کی طرح ھے-فرق صرف اس قدر ھے کہ آواز کے ارتعاشات بجاے کان کے ھاتھہ کی ھتیلیوں پر پڑتے ھیں اور اُن کی مدد سے آوازیں پہچانی جاتی ھیں-ڈاکٹر صاحب موصوف آج کل یونیورسٹی سے رخصت لے کر اپنے آلہ کی تکمیل میں مصروف ھیں—

—:o:—

پرتگال کے ایک مقام پر ایسی توپ موجود ھے جو خود بخود دن کے بارہ بجے دغتی ھے-بڑے بڑے کلان نما شیشوں کو اس ترکیب سے رکھا گیا ھے کہ ٹھیک بارہ بجے سورج کی شعاعیں ان سے مرتکز ھوکر توپ کی نال پر پڑتی ھیں اور

وہ چل جاتی ہے۔خدا معلوم ابر یا بارش کی صورت میں اس " خود-سر " توپ کے چلانے کی کیا ترکیب کی جاتی ہے—

—:o:—

فرانسیسی زراعت کو مزدوروں کی قلت سے نجات دلانے کے لئے وہاں کی حکومت زرعی فارموں میں بجلی کا استعمال کثرت سے کررہی ہے۔چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ وہاں آج کل گایوں کو دھنے۔مکھن نکالنے اور بالائی چھانٹنے کا کام بجلی سے لیا جاتا ہے—

—:o:—

ایک کیمیا دان نے مچھلی کے چھلکوں سے ایسے موتی تیار کر لئے ہیں جو آب و تاب کے لحاظ سے اصلی موتیوں سے کسی طرح کم نہیں ہیں۔ان مصنوعی موتیوں کا ہار ۲۰۰ ڈالر (تقریباً ۶۰۰ روپیہ) تک دستیاب ہوسکتا ہے—

—:o:—

ابھی حال میں ایک ایسی موٹر سائکل بنائی گئی ہے جو خشکی و تری میں یکساں کام دے سکے گی—

بانی بدھ مت سے تخاطب

کچھہ عرصہ قبل اجنتہ کے غاروں کی زیارت کا اتفاق ہوا۔ اُن غاروں کو دیکھنے سے جو اثر دل پر ہوا اُس کو ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ گو یہ نہایت مشکل کام ہے لیکن اپنی بساط کے موافق قلم بند کرنے کی جرأت کی۔ اس کے لئے میں نے اس مضمون کو چار حصوں میں چار عنوان کے تحت تقسیم کیا ہے ---

پہلا عنوان "شہزادہ گوتم سے خطاب" اس میں عیش و عشرت کی زندگی کو لات مار کے شہزادہ گوتم کا جنگل میں ریاضت ہائے شاقہ کرنے کا نہایت مختصر ذکر کیا ہے۔ دوسرا عنوان "بدھہ سے خطاب" اس عنوان کے تحت بدھہ کی ابتدائی تعلیم اور اُس کے متعلق مختلف طبقوں کے خیالات کا مختصر حال درج ہے۔ تیسرا عنوان "مہاتما بدھہ سے خطاب" جب بدھہ کی تعلیم نے لوگوں کے دلوں میں گھر کرلیا اور لوگ جوق جوق اُس کے پیرو بنتے جا رہے تھے اس کا مختصر خاکہ اور آخری وقت کا ذکر کیا ہے۔ چوتھا عنوان

" مہاتما جی کی رنگین تصویر یا سنگی مورت سے خطاب "
اس میں یہ آرزو کی گئی ہے کہ آج وہی مہاتما ہمارا رہبر بنے - کیوں کہ ہم کو ایک ایسے معلم کی ضرورت ہے جو " خاموشی لیکن پر جوشی " کا درس دے —

شہزادہ گوتم سے خطاب

گیانی گُنی گوتم ! تو کپل وستو کی آباد خوبصورت نگری سے کیوں برداشتہ ہوگیا ہے - آج جب کہ تیرے لڑکے کی ولادت کی خوشی میں رقص و سرود کے جلسے ہو رہے ہیں - تو جنگل کی طرف کیوں اس قدر بے چینی سے قدم بڑھائے جارہا ہے - غضب ! یہ وحشت کیسی ؟ تو نے صاحب تخت و تاج کے گھر جنم لیا - آرام و آسائش کے گہوارے میں پرورش پائی - رنج و الم سے بیگانہ ہے - پھر دنیا سے اس قدر گھبرا اُٹھنا تعجب سے خالی نہیں - اللہ ! بتادے یہ اضطراب کیا ہے - خیر نہ سہی - تو یونہی تیز قدمی کئے جا - میں دیکھ لوں گا - جہاں تو اپنی اس وحشت اور بے چینی کو سکوت اور چین سے بدل دے گا —

اُف رے بے چینی ! یہ لق و دق جنگل جابجا ترائی جھاڑیوں کے جھنڈ - جھلسے ہوئے خاردار درختوں کے جھرمٹ - غیر مسطح زمین - کبھی تیز و تند ہوا کے جھونکے اور کبھی سناٹے کا عالم - یہ جنوں خیز منظر تجھے کیوں کر بھایا - کیا

لبنی کا خوش نما باغ کہ جہاں رنگ برنگ کے پھولوں کے تختے انسان کو محو نظارہ کر دیتے ھیں تیری آنکھوں کو خوش نہیں آتا۔ بلبلوں کے سریلے نغموں کے مقابلے میں جنگلی پرندوں کی کرخت آوازیں تیرے کانوں کو کیوں کر بھلی معلوم ھوتی ھیں۔ سوسائٹی کی نعمتوں سے بیزار ھو کر تو اس ھو کے عالم میں تنہائی کا مورد عذاب بننے کیوں جارھا ھے۔ حکومت، تزک و احتشام، شوکت و شان، جاہ و ثروت تیری نظر میں کیوں ھیچ و پوچ ھیں۔ بے سرو سامانی اور تنہائی کو کیوں قابل ترجیح سمجھتا ھے ؟ یہ چیزیں نہ سہی تو کیا دنیا میں کوئی بھی ایسی شے نہیں جو تیرے دل کو لبھا سکے ؟ کیا دنیا کی سحر کاریاں اتنی بے سود ھوگئی ھیں!

اے دنیا کیا تو گوتم کے مقابلے میں اپنی خرد فریب ادائیں بھول گئی۔ جا اور شہزادۂ گوتم پر اپنا جادو چلا، ناکام دنیا۔ تیرا طلسم اس پر بے اثر ھے۔ بزرگوار حالی نے اس کے کان میں کہہ کر تیرا رھا سہا کام بگاڑ دیا—

دنیا کی حقیقت نہیں جز حسرت و حرمان
چھل بل میں تم اس زال فسوں گر کی نہ آنا

شہزادہ گوتم ! اُنتیس برس عیش پسندی و عشرت دوستی میں گزارنے کے بعد تجھہ پر یہ دشت نوردی

کیوں کر نہ کٹھن گزرے۔اس کی صعوبتوں سے تیرا گلاب سا چہرہ جھلس گیا۔تو جس چیز کی تلاش میں ہے کیا وہ صحرا ہی میں گم ہوگئی ہے ؟ کیا وہ عالیشان پررونق شہروں میں نہیں مل سکتی ؟

ہیں! یہ تو کیا کیا کرتا ہے ؟ پہروں آنکھیں بند کئے خاموشی میں ڈوب جانا، پھر گھبرا کر اُٹھنا، تھوڑی دیر اِدھر اُدھر بھٹکنا اور چور ہوکر پھر خاموشی میں غرق ہو جانا، بتا تو کس تصور میں محو رہتا ہے ؟ گوتم یہ کون سا تصور ہے جو روز بہ روز بڑھتا جاتا ہے۔آج تو تو نے آنکھہ کھولنے کی قسم کھائی ہے۔پہروں گزر گئے اور تو نہ معلوم کس خیال اور کس سوچ میں غرق ہے جو آنکھہ تک کھول کر نہیں دیکھتا۔؟ آج صحراے وحشت انگیز بھی بالکل بے اثر ہوگیا ہے۔اُس کی ہر چیز تیرے اطمینان و سکوت میں اضافہ کر رہی ہے۔یہ کیا معاملہ ہے ؟

گوتم! تیرے چہرے سے بھی غیر معمولی مسرت کے آثار نمایاں ہیں۔بتا کس نسیم کے جھونکے نے تیرے غنچۂ دل کو گدگدایا اور کس لطیفہ غیبی نے یہ کام کیا کہ تیرا دل خوشی سے جگمگا اُٹھا۔جس درخت کے نیچے تو شراب مسرت میں سرشار ہے۔اُس میں بھی وہ نشاط انگیز رس دوڑ گیا ہے کہ اُس کی ہر شاخ مستی کے عالم میں جھوم رہی ہے—

اخر اس بشاشت کی کیا وجہ ہے ؟ کیا تو خیالی پلاو کی کسی ضیافت میں تو مصروف نہیں ہے ؟ لیکن نہیں۔تیری سنجیدہ صورت سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ تو نے خیالی دنیا میں کوئی اور فتح یابی حاصل کی ہے۔بتا تصور میں ڈوب کر تونے کیا پایا ؟ خاموش! اُٹھا بھی تو خاموش ہے۔اُٹھہ کر اب تو کہاں جارہا ہے۔آبادی کا کیوں رخ کیا ؟ خراماں خراماں وطن کی طرف تو جا رہا ہے۔لیکن وطن والوں کے لئے سوغات ؟ خاموش! کیا وہاں چل کر کوئی مژدۂ جانفزا سنانے والا ہے ؟ چل چل اور اس دلکش نغمہ کو جلد سنا جس کے لئے میرے کان نہایت مشتاق ہیں—

تیری آمد آمد سن کر تمام شہر نہایت حیرت و تردد میں پڑ گیا ہے۔کوئی کہتا ہے حکومت کا شوق کھینچ لایا۔کوئی کہتا ہے تنہائی کی صعوبتوں نے گھبرا دیا۔غرض تیری آمد نے لوگوں میں عجب ہل چل ڈالدی ہے۔لیکن اس موقع پر صرف عوام ہی خوش نظر آتے ہیں۔دوسرے طبقوں پر مردنی چھائی ہوئی ہے۔یہ تو کیا کہہ رہا ہے ؟ جس کو سن کر علما کا گروہ ناک بھوں چڑھاتا ہے۔حامیان مذہب تجھہ کو حقارت آمیز نگاہوں سے دیکھہ رہے ہیں۔صرف عوام ہی کی جماعت تجھہ کو گھیرے ہوے ہے۔جو تجھے بدھہ (تجلی یافتہ یا روشن ضمیر) کہہ کر پکار رہی ہے—

دولت حکومت تیرا ساتھہ نہ دے-مذھب اور دین تجھے حقیر جانے-نغمہ سرائی کے لئے تجھے اپنی پیاری زبان (سنسکرت) ترک کرنی پڑی-لیکن دل گواھی دیتا ھے کہ تیرا نغمہ خارج از آھنگ نہیں-انسانی زندگی پر تیری نوحہ زنی بھونڈی پراکرت میں بھی درد سے خالی نہیں-تیری زبان سے جو لفظ نکل رھا ھے صداقت میں ڈوبا ھوا-تیری ھر بات دل میں گھر کر رھی ھے-جادو بیانی تجھہ میں نہیں-دھواں دھار تقریر سے مسخر کرنا تیرا فن نہیں-لیکن صداقت کا اظہار مختصر الفاظ میں ایک ایسا اسم اعظم ھے جو ان تمام شریف فنون سے کہیں زیادہ افضل اور کارگر ھے—

گوتم! سراپا صداقت-واقعی تو بدھہ کہلاے جانے کا مستحق ھے-اب میں بھی اسی لقب سے خطاب کرنے کی اجازت چاھتا ھوں—

بدھہ سے خطاب

" انسانی زندگی سراپا رنج و آلام ھے-آلام کی وجہ خواھش ھے پس خواھشات کو مٹانا چاھئے "—

کہہ! بار بار کہہ-بھینت چڑھاوے سے نفس انسانی کی کدورت دور نہیں ھوسکتی-واقعی نفس کشی کا یہ طریقہ نہایت مہمل و بے بنیاد معلوم ھوتا ھے-اوھام و اصنام پرستی

نروان (نجات روح) کا ذریعہ ہرگز نہیں ہوسکتی۔ تیری نظروں میں نوع انسان کا ہر فرد ایک حیثیت رکھتا ہے۔ ذات پات کا امتیاز جائز نہیں۔ تیرے راستہ پر ہر ادنیٰ سے ادنیٰ قوم کا آدمی اسی طرح چل سکتا ہے جس طرح دولت مند لوگ۔ یہ سیدھی سادی سچی تعلیم لوگ کیوں نہ قبول کریں! —

بدھ! متوسط طبقے نے تیری روش پر چلنے کا شرف حاصل کرلیا ہے متمول اور ذی جاہ لوگوں کے دلوں کو تیری صادق البیانی مسخر کر رہی ہے۔ کیوں؟

تیرا ہر لفظ وہ سرور انگیز نغمہ ہے جو دلوں پر وجد حقیقت طاری کردیتا ہے۔ تیری ہر حرکت وہ عشوہ شیریں ہے۔ جو دلوں کو حق پرستی کے لئے بے تاب کردیتا ہے۔ عیش و عشرت کے خم لنڈھانے والے بھی عشرت کدوں سے تیرے تپشیا ستھان (مقام عبادت) کی زیارت کو آرہے ہیں۔ غرض جو راستہ تو دکھا رہا ہے وہ وہ شاہ راہ حقیقت ہے جس پر ہر ادنیٰ و اعلیٰ منزل مقصود تک پہنچنے کا امکان رکھتا ہے —

بدھ! تیری ظلمت سوز تعلیم نے دنیا کو روشن کردیا۔ دولت۔ حکومت تیرے احسان مندوں کی ہم نوائی کر رہی ہے۔ تیری اس تعلیم کے طفیل میں امن و اطمینان کو

حکمرانی کا موقع ملا-ظلمت کدۂ دنیامیں یہ جلوہ ریزی دیکھہ کر خلق تجھے مہاتما بدھہ کہہ رہی ہے-میں بھی مہاتما کے لفظ کے اضافہ سے تیری سمع خراشی ذرا دیر اور کروں گا—

مہاتما بدھہ سے خطاب

مہاتما بدھہ! تیری زندگی کا مقصد پورا ہوگیا-اب تو جا اور اپنی بوسیدہ ہڈیوں کو ہمیشہ کے لئے سپرد خاک کردے-لیکن قبل اس کے کہ تیرا مرغ روح پرواز کرے اخیربار وہ ترنم ریزی کر جس سے دلوں پر وہی وجدان رہے-تیرا عزیز شاگرد نندا تیرے سامنے سر نہوڑاے بیٹھا ہے-اس سے تو کیاہی رس بھری آواز میں کہہ رہا ہے "اے نندا"! میرا آفتاب عمر غروب ہونے کو ہے-میں نے زندگی کے آسی (۸۰) برس جو میری تقدیر میں تھے پورے کر لئے-اب میرا جسم ٹوٹی پھوٹی گاڑی کی طرح مشکل سے حرکت کرسکتا ہے-آیندہ سے تم خود اپنی شمع بنو اور خود ہی اپنا بچاو کرو-کسی اور جگہ پناہ نہ لینا-حق دار الاماں ہے-جب میں نہ ہوں تو وہ حقائق و اوامر جو میں نے تم کو تعلیم کئے ہیں تمہارے رہبر ہوں گے-اُنہی کی پیروی کرنا" —

اجل سر پر منڈلارہی ہے-لیکن تو نہایت اطمینان سے

حق پرستی کی تلقین کر رہا ہے۔ تیرے دردمند دل سے وہی صدائے حق نکل رہی ہے۔ اُدھر پیام موت کا انتظار۔ اِدھر پیام حق سنانے کا اشتیاق۔ اس کشمکش میں بھی تو تبلیغ حق میں سرگرم ہے۔ بس کر۔ اور اب تو آخری سانس اس اُمید میں لے کہ تیرے شاگرد اور چیلے تیرے راستے پر چلیں گے۔ ہر کس و ناکس تیرے دھرم کی تبلیغ میں کوشاں رہیگا۔ حکومت اقطاع عالم میں واعظوں کو پھیلا کر تیرے دھرم کی اشاعت کرے گی۔ ملکوں میں تیرے دھرم کا ڈنکا بجے گا۔ شہروں میں تیرے دھرم کی پکار ہوگی۔ بازاروں میں تیرے دھرم کی چہل پہل ہوگی۔ جنگلوں اور پہاڑوں میں تیرے ہی دھرم کی آوازیں گونجیں گی —

لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ تیرا دھرم عمل سے گزر کر کہیں کتاب کی سرحد میں داخل نہو جاے۔ زباں کا لباس بدل کر کہیں دوسرے برقع میں روپوش نہ ہو جاے۔ خیر۔ تو معاف کر اور جا۔ تیرے بعد اگر خدانخواستہ یہ قصہ ظہور کرے تو ہر ممکن طریقے سے سناؤں گا —

———:o:———

یہ سچی تعلیم بہ سرعت دنیا کے دور دراز حصوں میں اثر کر گئی لیکن زمانے کے انقلاب اور علی الخصوص ہندوستان میں علما (برہمن قوم کے) کی وجہ سے یہ دھرم

تقریباً مٹ گیا۔ خیر۔ جو کچھہ ہوا برا ہوا۔ اب فکر کرنی چاہئے یہ الم ناک داستان کسی طرح مہاتماجی کے گوش زد ہو جاے۔ سنا ہے کہ اجنتہ و ایلورا کے غاروں میں عقیدت کے سنگ تراشوں اور مصوروں نے مہاتما جی کو ہمیشہ کے لئے زندہ کردیا ہے۔ غرض وہاں مہاتماجی عقیدت کیش مصوروں کی بدولت مل سکتے ہیں۔ اب ان سے ملاقات کرنی چاہئے۔ لیکن ان سے یہ حسرت ناک داستان صاف صاف لفظوں میں نہ سننا چاہئے بلکہ دوسرے ڈھنگ میں —

مہاتما جی کی رنگیں تصویر

یا سنگی مورت سے خطاب

اُو لذات روحانی کے دھنی۔ نراون کے حامی۔ امن و صلح کے ہادی۔ اتھہ اور مکروہات دنیا کے گرفتاروں کو نجات دلا۔ حرص و آز کو مٹا۔ کشت و خون کو امن و سکون سے بدل۔ مکر و فریب کو راستی و دیانت کے ہاتھوں صفحۂ دھر سے بے نشان کردے —

اُو برق استغنا! کرّک اور گر۔ کرّک کے خوشامد پسند اور ممدوح کے خود فروش کانوں کے پردوں کو پھاڑ دے۔ گر کر خوشامد اور مدح کے آشیانہ کو جلاکر خاک کردے۔ غرض ہماری رگ رگ میں بے نیازی کا خون دوڑے۔ استغنا کی یہ شان ہو کہ ضروریات خود بخود بے کل ہوکر رفع

ہونے لگیں۔مگر او بدھہ مت۔خموشی! یاد رہے کہ
" خموشی لیکن پر جوشی " کا درس ہو۔تو گوشۂ تنہائی
میں روحانیت پر حکمرانی کرتا تھا۔اس وقت ظلمت کدۂ
دنیا میں یہ ضوفشانی روا تھی۔لیکن آج جب کہ تیرا جنم بھوم
تہذیب کی محشر خرامی سے بیدار ہے عزلت نشینی اس کے لئے
عذاب ہے۔اب ایسا درس دے کہ ہم بازار دنیا میں سرگرم
کار رہیں۔لیکن باغ روحانیت سے نسیم خوش خرام اپنی
مستانہ روی میں ہم سے اٹھکھیلیاں کرتی جاے جس کی
خوشبو سے ہمارے دل مست اور دماغ معطر ہو جائیں —

شیخ چاند متعلم

اورنگ آباد کالج

نورسوں سے خطاب

از

(جناب مولوی عبدالقدیر صاحب قدیر

ایولہ ضلع ناسک)

خوابیدۂ تغافل سر گرم کار ہوجا
اُٹھہ شاہد عمل سے پھر ہمکنار ہوجا

وہ دیکھہ ہے فروزاں شمع ادب نگاری
اُس پر نثار تو بھی پروانہ وار ہوجا

تا بندۂ اُفق ہے مہر علوم حاضر
ہاں کھول جلد آنکھیں اُس سے دوچار ہوجا

خمخانۂ ادب کا پی جام روح پرور
کیف آوری سے اس کی محو خمار ہوجا

گمنامی مشاغل عزلت نشین تاکے
بام شہود پر چڑھ اور آشکار ہوجا

مفوا کے اپنا لوہا لیکر خراج تحسین
اقلیم علم و فن کا اک شہسوار ہوجا

باد بہار آئی آمادۂ عمل ہو
اب تیری زندگی کا اک یہ ہی ماحصل ہو

کشت ادب کو وقف آب خیال کردے
سرسبز بندشوں سے اُس کو نہال کردے

کر پیشکش مرقع گلریزی قلم کا
تفسیر روزگار ماضی و حال کردے

بھر دامن صحافت گوہر فشانیوں سے
دنیا کو آشنائے بذل و نوال کردے

پھر مائل شغف ہو دلدادۂ تنزل
چمکا کے اُس کو مثل بدر کمال کردے

اخلاق سوز نظمیں ہوں صرف طاق نسیاں
ایسی سخنوری کو تو پائمال کردے

ہو مزرع دکن میں نشو و نمائے اُردو
اپنی زمین کو بھی ارض شمال کردے

کر دل میں شوق پیدا کچھہ اکتساب فن کا
ہے کچھہ بھلا اسی میں ارباب انجمن کا

خاموش گویائی

اجنتہ کی تصویریں تیسری سے لے کر آٹھویں صدی عیسوی تک کی صنعت کا نمونہ پیش کرتی ھیں۔ متجسس نگاھوں کو ان تصاویر میں حسب ذیل نظارے دکھائی دیتے ھیں—

امرا مسند اور تخت شاھی پر بیٹھے ھوے ھیں۔ ان کی کمر کے گرد ایک ڈھیلا کپڑا لپٹا ھوا ھے۔ اُن کی پیشانیوں پر پوت کی پٹی یا جواھرات کی کلغی آویزان ھے۔ گلے میں ایک وزنی مالا ھے۔ قیمتی بازو بند ھلکی اور سادہ پہونچیاں اور دوسرے زیورات ھیں۔ گھر سے باھر نکلتے وقت وہ سایہ کے لئے چھتری رکھتے ھیں یا تلوار۔ نیزے اور تیر وغیرہ لے جاتے ھیں۔ جھومر دار تاج جاکٹ اور پاجامے اور ایک لمبا پانچ ڈوریوں کی مالا۔ خوبصورت بازو بند اور سادہ وزنی پہونچیاں پہنتے ھیں۔ معلوم ھوتا ھے کہ مکانات و محلات لکڑی کے تھے جو دو منزلہ تھے

اور ان کی چھتیں چوڑی-چوٹی دار یا مخروط میناروں کی تھیں اور کمرے ستونوں کے ذریعہ تقسیم کئے گئے تھے- بارگاہ شاہی میں نیلی مسندیں-گدی دار نشست-سوزنی اور تکیہ یا چوپایہ چھتری دار تخت-ایک نیچا شہ نشین- تپائیاں اور پیک دان وغیرہ نظر آتے ہیں-زنانہ کمروں میں سوفے-جدید وضع کے پلنگ-باورچی خانوں میں پتھر کی فرشی-رکابیاں-پانی کے کوزے اور پیالے ہیں-بالائی منزلوں میں سائبان دار دریچے نظر آتے ہیں—

امرا کی بیویاں اُسی مسند پر یا کسی دوسری قریب کی مسند پر اپنے خاوند کے سیدھے جانب بیٹھی ہوئی یا اپنے کمروں میں جھولتی ہوئی کوچ پر لیٹی دکھائی گئی ہیں- بعض کے بال سامنے کی طرف جمے ہوے یا ایک موبات سے پیشانی پر بندھے ہوے ہیں-بعض پھول کے تاج یا سر اور پیشانی کے زیور پہنی ہوئی ہیں-ان کا لباس مہین ریشم کا ہے—

وزیر کے جسم پر قیمتی زیور ہیں اور ایک کھلی کافی ہے جو امرا کی کلغیوں سے ذرا نیچے آویزان ہے لیکن امرا کی طرح اس کا جسم بھی کمر سے اوپر برہنہ ہے- اکثر امرا کے پاس جواہرات ہیں-ان کے سروں کے اطراف کپڑا بندھا ہوا ہے اور تمام جسم نیلے-سفید یا سنہری پوشاک

سے ملبوس اور تاروں اور زیور سے مزین ہے۔ بیگموں کے پاس بھی قیمتی جواہرات ہیں اور نہایت مہین ریشمی جامے اُن کے جسم پر ہیں—

خادموں کے پاس جواہرات کم اور کپڑے زیادہ ہیں۔ قلی سر سے پاوں تک ملبوس نظر آتے ہیں۔ دوسرے خادموں کے سر کے اطراف ایک کپڑا بندھا ہوا ہے اور وہ سفید آستینوں دار مرزائی پہنے ہیں۔ بعض کے کپڑے چست اور نیلے رنگ کے ہیں۔ اُن کی ٹوپیاں تاج کی قسم کی اونچی ہیں اور وہ تنگ کوٹ پہنے ہوے ہیں۔ مکانوں میں وہ اپنے سروں پر پانی کے برتن اور کندھوں پر رکابیاں لے جاتے دکھائی دیتے ہیں۔ امیروں کے پاوں دباتے اور چوکیداری کرتے ہیں۔ باہر وہ چھتریاں یا جھنڈے پکڑتے۔ گھوڑے تھامتے اور گھانس یا پتوں کے گٹھے لکڑی کے سہارے لے جاتے ہیں۔ اکثر خدام بونے معلوم ہوتے ہیں اور ان کا لباس بھی عجیب ہے۔ لونڈیوں کے بال ہموار ہیں اور موباف سے بندھے ہوے ہیں یا گھونگھر والے ہیں اور کپڑے سے ڈھکے ہوے ہیں۔ بعض کے لباس جسم پر منڈھے ہوے ہیں۔ اس پر زردوزی کا کام ہے۔ بعض انگیا اور دھاری دار گھاگرا یا ایک نیلا دھاریوں دار کپڑا اور چھوٹا گھاگرا پہنی ہوئی ہیں۔ بعض نے بوٹے دار انگیا

پہن رکھی ھے اور اُن کے اعضا گُدے ھوے ھیں- بعض سفید پھولوں کی سیاہ انگیا اور نیلا دھاری دار لہنگا پہنی ھوی ھیں- بعض کے جسم پر لبادہ سرپر چوٹی دار لباس ھے- سہیلیاں چوری یا چھتری لئے ھوئی ھیں اور پھول کی طشتریاں اور مٹھای کی کشتیاں پیش کرتی ھوی دکھای گئی ھیں- برتن اور کباب کی سیخیں لیجاتی ھوی اور کنگن اور جواھرات کے صندوقچے تھامے ھوے نظر آتی ھیں بیگموں کے کمروں میں وہ اپنی مالکہ کے سرپر پانی ڈالتی ھیں- اُس کے پاوں دباتی ھیں اور تھیلے اور برتن وغیرہ لیجاتی ھیں اور بعض وقت ھاتھہ میں لکڑی لئے سر سے پاوں تک ملبوس پھاٹک پر نگہبانی کرتی ھوی معلوم ھوتی ھیں—

ابتدای تصویروں میں تمام پیدل سپاہ ھے اور اُن کے سر یا تو ننگے ھیں یا کپڑے سے مضبوط بندھے ھوے ھیں اور ایک چھوٹی مالا اور بازوبند کے سوا سب کے جسم کمر سے اُوپر برھنہ ھیں- اُن کے ھتیار کلھاڑیاں نیزے اور سیخیں ھیں- بعد کی تصویروں میں گھوڑچڑھی فوجیں- تیر انداز- نیزہ بردار اور پیدل سپاہ نظر آتی ھے- چھوٹے دھاریدار گھاگرے پہنے ھوے ھے اور جن کے گھنے بال فیتے سے بندھے ھوے دکھائی دیتے ھیں- اِن کے ھتیار سیدھی لمبی اور خمدار

نیپالی تلواریں-نیزے کمان اور تیر-لٹھہ اور چکر وغیرہ ہیں-بعض آدمی ایسے جھنڈے اُٹھائے ہوے نظر آتے ہیں جن کی انیوں پر بیضوی قرص بنی ہوی ہے—

اگرچہ دستکاروں اور تاجروں کی تصویریں نہیں ہیں مگر لباس اور زیور سے ثابت ہوتا ہے کہ سنار جلاہے اور زردوز ہوشیار آدمی تھے-اُس زمانہ کے بازو بند آجکل کے بازوبند سے بالکل مشابہ ہیں-پالکیاں دکھائی گئی ہیں اور آدمی گاڑیوں کو کھینچ رہے ہیں-ایک تین گھوڑوں کی تصویر کے علاوہ جو پہلو بہ پہلو جتے ہوے ہیں اور جس کے اندر چار آدمی بیٹھے ہیں ایک دو گھوڑوں کا پتھر کا رتھہ ہے-جہاز بھی دکھائے گئے ہیں-جن کی کمانیاں اور پچھلا حصہ اونچا و چوٹی دار ہے یا جن میں تین مستول ہیں-ہر ایک کے بادبان تنے ہوے اور ہوا میں اُڑتے ہوے دکھائی دیتے ہیں-اُن کے بیچ کے حصے اونچے ہیں اور ان میں تین مستطیل سوراخ ہیں جن کے پچھلے حصہ کے دونوں طرف اور کمان کی ایک طرف چپو چلا سکتے ہیں-ایک جہاز موتی و مرجان کے ٹکڑے لئے جا رہا ہے اور دوسرے میں گھوڑے اور ہاتھی ہیں—

کسان گھوڑے-گائیں-بیل اور بکریاں رکھتے تھے اور موز-آم اور انگور وغیرہ کی کاشت کرتے تھے-پھول پوجا

اور بالوں کی زینت کے کام آتے تھے —

باہر کی دلبستگی کا سامان شکار تھا اور مکانوں میں لوگ گانے سنتے اور رقاصہ کے ناچ اور بازی گروں کے کرتبوں کو دیکھتے تھے - آدمی ڈھول - بانسری سنکھہ اور بگل بجاتے تھے اور عورتیں ستار اور جھانجھ بجاتی تھیں رقاصاؤں کا وہی لباس تھا جو اب ہے اور بازی گر ناگوں کو چھوتی اور چوڑی ٹوکریوں میں لئے پھرتے تھے - شراب خواری عام شغل تھا کیوں کہ ایرانیوں کی شراب خوری کے نظارے کے علاوہ تصویروں اور تراشی ہوئی مورتوں میں مستوں کے کئی گروہ نظر آتے ہیں —

——:o:——

اجنتہ کے غار لینا پور کی وادی میں نہایت خوشنما اور تنہا جگہ واقع ہیں یہ شہر اجنتہ سے مغرب و شمالی سمت چار میل پر ہیں اور فرداپور سے ساڑھے تین میل جنوب مغربی جانب ہیں - وہاں جانے کے لئے نزدیک کا مقام پاچوڑا جو جی - آی - پی کا ریلوے استیشن ہے وہاں سے اب ایک چھوٹی لائن جاتی ہے جو مہور تک پہنچادیتی ہے - مہور سے فرداپور دس میل ہے - جہاں سے چند میل پر یہ غار ہیں - پہاڑیاں خاردار جھاڑیوں سے ڈھکی ہوی ہیں اور دو پہاڑیاں جن کی چوٹیاں ہموار ہیں خاندیس کے میدان

میں ختم ہوتی ہیں-ایک پہاڑی ندی اُس ہموار پہاڑی تک جہاں غار واقع ہیں پہونچنے سے پیشتر اجنتہ کے نزدیک دوسو فیت کی بلندی سے نیچے گرتی ہے-وہ سیدھا چٹان جہاں سے غار شروع ہوتے ہیں ۲۵۰ فیت بلند ہے اور وہ پہاڑی ندی اُس کے اطراف نصف دائرہ کی شکل میں بہتی ہے-کل ۲۹ غار ہیں اور سب کا تعلق زمانہ بدھہ سے ہے-یہ غار تہائی میل تک مشرق و مغرب میں پھیلے ہوے ہیں-اُن کی بلندی ۳۵ سے ۱۰۰ فیت تک ہے-مشرقی جانب سے اگر شروع کریں تو ۸ سے ۱۳ تک نہایت قدیم غار ہیں—

وہ غار ہاے اجنتہ ہی ہیں جو ہندوستان کی قدیم اور قابل تعریف معماری سنگتراشی اور رنگ آمیزی کی یادگار ہیں اور زمانۂ بدھ مت یعنی دو صدی قبل عیسوی سے ساتویں صدی عیسوی تک کے ہر قسم کی دستکاری کا دلچسپ نمونہ پیش کرتے ہیں-یہ غار یکتاے روزگار ہیں اور اپنے زمانے کی عمارتوں کی خوب‌صورتی اور سنگتراشی کی عمدہ صنعت کو ظاہر کرتے ہیں-تصویریں ایسی معلوم ہوتی ہیں گویا استر کاری کے کاغذ پر کھنچی ہوئی ہیں اور ہندوستان کی قدیم سوسائٹی کا آئینہ ہے —

سنگتراشی کے نمونے اپنی قسم کے بہترین نمونے ہیں اور اُنکا زیادہ تعلق مذہب سے ہے-مشرقی غاروں کے سامنے

دالان ھیں جنپر خوبصورت اور متفرق نقش کندہ ھیں لیکن ویہارا غاروں میں یہ نقش دروازوں دریچوں اور خانقا ھوں میں داخل ھونیکی جگہ پر ھیں-عورتوں اور مردوں کے مجسمے ھیں-جدید غاروں میں بغلی راستوں کی دیوار ھے-ستون اور مندر خوبصورت مورتوں اور عمدہ بیل بوٹوں سے مزین، سجے ھوے ھاتھیوں، شکار گا ھوں کے منظروں اور انسانی شکلوں سے منقش ھیں —

تصویروں کا منظر نہایت شگفتہ ھے اور اِن سے زمانہ بدہ مت کے لوگوں کے خیالات و محسوسات کا اندازہ ھوتا ھے-اِسکی قدر و منزلت سنگتراشی سے زیادہ ھے-معلوم ھوتا ھے کہ تمام بدھہ غاروں کی دیواریں چھت اور ستون تصویروں سے مزین تھے لیکن ۱۳ غاروں میں اب صرف انکی علامتیں رہ گئی ھیں اور نمبر ۱-۲-۹-۱۰-۱۶- اور ۱۷ میں رنگ آمیزی کے نامکمل حصے ھیں اور خاص طور پر دلچسپ ھیں-مورتوں کے نام سے اور حروف کے طرز تحریر سے جو بعض جگہ ھے پتہ چلتا ھے کہ تصاویر قدیمی دوسری صدی عیسوی کی ھیں اور نئی تصویریں ساتویں صدی کی-اکثر نظاروں کا تعلق تاریخ بدھہ سے ھے-بدھہ کا اشتا سے ملنا-مرا کا اُسکو ترغیب دینا وغیرہ اکثر

تصویروں میں نمایاں ہے۔کہیں وہ شاگردوں کو نصحیت کر رہا ہے۔کہیں اُسکے معجزے۔اندرا اور ساچی وغیرہ دکھاے ہیں۔ایک تصویر میں وہ گانا سن رہا ہے تو دوسری میں بیٹھا ہوا کچھہ سوچ رہا ہے۔ایک جگھہ کوئی راجہ ہاتھی سے اُتر کر اُس کی قدم بوسی کو جا رہا ہے تو دوسری جگھہ کئی آدمی اور عورتیں اُس کی خدمت میں مصروف ہیں—

ان غاروں سے ہندوستان کی مصوری کا کمال ظاہر ہوتا ہے اور اب بھی یورپ اور دیگر ممالک کے با کمال مصور انہیں دیکھہ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں—

سردار سنگھ

طالب علم عثمانیہ کالج

اورنگ آباد

عادت

خوشگوار نتائج سے مربوط ہونے پر بے تکی حرکتوں میں سے بعض جاری رہتی ہیں اور وہ حرکات جن سے کسی غرض کی تسکین نہیں ہوتی ترک ہوجاتی ہیں۔ وہ حرکات جو جاری رہتی ہیں انہی کے مجموعہ کا نام عادت ہے۔ اس سے بحث نہیں کہ وہ حرکات مذہباً یا اخلاقاً کیسی ہی ہوں۔ عادت یاتو کسبی ہوگی یا فطری۔ فطری عادات اُسے کہیں گے جس کا میلان فطری ہو مثلاً مچھلی کے بچے میں تیرنے کی عادت یا آدمی کے بچے میں چلنے پھرنے بولنے کی عادت۔ اور کسبی عادت وہ ہوتی ہے جس میں عادت پڑنے کا میلان تو موجود نہیں ہوتا لیکن عادت ایک کام کو ایک یا ایک سے زائد مرتبہ کرنے کی وجہہ سے پڑجاتی ہے مثلاً بندروں کا سدھائے جانے پر طرح طرح کے تماشے کرنا یا طوطے کا سکھانے پر ہمیشہ اور ہر شخص کو دیکھکر میاں مٹھو بولنا—

عادت کے کھوج کے متعلق اکثر تجربے کئے جاتے ہیں

ان میں یہ دیکھا جاتا ھے کہ عادت کیونکر پڑتی ھے اور اس کے خصوصیات کیا ھیں۔ایک تجربہ اسی تحقیق کے لئے بندر کے بچے پر کیا گیا۔یہ بچہ ایک پنجرہ میں بھوکا رکھا گیا۔ پنجرہ کا دروازہ کھولنے کے لئے اس میں کی ایک کیل کا چھو دینا ھی کافی تھا جو کہ پنجرہ میں اسی غرض کے لئے لگائی گئی تھی۔کھانا پنجرے کے باھر رکھہ دیا گیا۔بندر چونکہ بھوکا تھا کھانے کی چیزوں کو دیکھہ کر ادھر اُدھر کودنے لگا۔کبھی ایک سلاخ کو پکڑتا تھا اور کبھی دوسرے کو اور یہ سب اس کی فطری حرکتیں ھیں۔اسی طرح کوشش کرتے کرتے تھک گیا۔لیکن بھوکا تھا اس لئے اس کی کوشش جاری رھی۔ تھکنے کے باوجود بھی وہ اِدھر اُدھر ھاتھہ مارتا رھا۔اس کو بندر کی خوش قسمتی کہنا چاھئے کہ ایک مرتبہ اس کا ھاتھہ اُس کیل پر پڑگیا اور دروازہ کُھل گیا۔دروازہ کُھلتے ھی بندر باھر نکلا۔کھانا جو اس کے لئے باھر رکھا ھوا تھا کھایا۔کھانا ختم ھونے پر اس کو پھر بند کردیا گیا۔ دوسرے دن بھی پہلے دن کی طرح کھانا پنجرہ کے باھر رکھہ دیا گیا۔اس دفعہ بندر کی پہلے دن کی تمام بے تکی حرکتوں میں سے بہت سی بند ھو گئیں۔سلاخوں کو پکڑ کر اِدھر اُدھر کُودنا بند ھوگیا۔صرف ایک کوشش جاری رھی یعنی دروازہ کے پاس ھی اِدھر اُدھر ھاتھہ مارتا۔

اتفاقاً اس کا ھاتھہ اس کیل پر پڑگیا اور دروازہ کھلا۔ تیسری اور چوتھی مرتبہ کی کوشش کے بعد بندر کی یہ حالت ھوگئی کہ وہ کھانا دیکھتے ھی اس کیل پر ھاتھہ مارا کرتا تھا۔یعنی دوسرے الفاظ میں یہ کہ وہ کھانا دیکھتے ھی ایک خاص قسم کی حرکت کرنے کا عادی ھو گیا تھا جس سے دروازہ کھلا کرتا تھا۔ یہ حرکت ایک خوشگوار نتیجہ سے مربوط ھوتے ھی ایک خاص قسم کے حرکت کے سبب سے عادت بن گئی تھی جو پہلے پہل بے تکے طور پر کی گئی لیکن جب کہ تین چار مرتبہ اس سے کامیابی ھوئی تو یہ حرکت راسخ ھوگئی اور وہ کھانا دیکھتے ھی اس خاص حرکت سے دوازہ کھولنے کا عادی ھوگیا۔

یہی حال انسانی دل و دماغ کا ھے۔ایک ھارمونیم بجانے والے کی ابتدائی حالت اور اس کی حرکتوں پر اگر غور کیا جاے تو معلوم ھوگا کہ پہلے روز کیسی بے تکی حرکتیں اس سے سرزد ھوتی ھیں۔اگر دھوکنی چلتی ھے تو اس کی انگلیاں چلنی بند ھوجاتی ھیں اور جب انگلیاں چلنے لگیں تو سر بھی ھلنے لگا اور دھوکنی بند ھوگئی دوسرے تمام بے تکی حرکتوں میں سے بہت سی جاتی رھتی ھیں اور وہ ایسے راستہ پر لگ جاتا ھے جو خود خوشگوار معلوم ھونے لگتا ھے یعنی یہ کہ اسکا حرکتی نظام خوشگوار

نتیجہ سے مربوط ہو کر ایک خاص حرکت کا عادی ہو جاتا ہے —

عادت کی تعریف اور تجربوں پر غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ بچوں کی تعلیم و تربیت میں اس کی کتنی ضرورت ہے۔ بچے اوائل عمر میں کس طرح اور کن باتوں کے عادی ہو جاتے ہیں۔ ان میں اچھی عادتیں ڈالنے کے لئے کیا کیا کرنا چاہئے۔ یہی بچپن کی بے تکی حرکتیں ہیں جن میں سے چند خاص جمع ہو کر عادت بن جاتی ہیں۔ عادت ہمارے افعال کے مجموعہ ہی کا نام ہے چند عادتیں مل کر اخلاق کہلاتی ہیں اور اخلاق جب عملی طور پر بڑتے جاتے ہیں تو سیرت ہوتے ہیں اور انہیں سے انسان کے اعلیٰ یا ادنیٰ ہونے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بچپن کی بے تکی حرکتیں مثلاً نقالی۔ تقلید وغیرہ آگے چل کر کس طرح سے سیرت کے جز بنتے ہیں —

آدمیوں میں تقلید کا مادہ بہت ہوتا ہے جب کبھی ایک آدمی کو کچھ کرتے دیکھتے ہیں اور وہ ان کو بھلا معلوم ہوتا ہو تو فوراً یہ خیال کرنے لگتے ہیں کہ ہم بھی ایسا کریں گے۔ بہت سے ایسے ہوتے ہیں جو اس خیال کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور بہت سے آدمیوں کا خیال وقتی اور عارضی ہوتا ہے اِن خیالات کو عملی جامہ

پہنانا اُنھیں نصیب نہیں ہوتا-خاص کر بچپن میں تقلید بہت کام کرتی ہے-ہمیشہ بچہ دوسروں کو کچھہ کرتے ہوے دیکھہ کر ویسا ہی کام کرنے لگتا ہے- اس کو کبھی اس کا خیال بھی نہیں ہوتا کہ آئندہ چل کر یہ کیسا ثابت ہوگا بلکہ وہ جو کچھہ کرتا ہے اضطراراً کرتا ہے-رفتہ رفتہ اس قسم کی تقلید میں غرض شامل ہونے لگتی ہے یعنی تقلید خوشی یا دل بہلانے کے لئے کی جانے لگتی ہے اور یہی کام جو تقلید کے بنا پر کئے گئے تھے رفتہ رفتہ عادت بن جاتے ہیں اور عادت بڑھتے بڑھتے فطرت ہوجاتی ہے-اس کی تشریح مولوی نذیر احمد صاحب کی کتاب توبۃالنصوح سے اچھی طرح ہوسکتی ہے جس میں فاضل مصنف نے یہ ثابت کیا ہے کہ نظیر نصیحت سے بہتر ہے یعنی تقلید کے لئے نمونہ پیش کرنا عادت ڈالوانے کے لئے کتنا کارگر ہے—

بعض اوقات عادت ڈالنے کے لئے کسی کام کا صرف ایک مرتبہ کرنا بھی کافی ہوتا ہے-جب کبھی کوئی کام ایک مرتبہ کیا جاے گا تو لازم ہے کہ اس کا خیال آتے ہی دوسری تیسری اور چوتھی مرتبہ کیا جاے گا-ذوق کا ایک شعر جو کہ شراب کے نسبت ہے اس حقیقت کے ایک رخ کو ظاہر کرتا ہے—

اے ذوق دیکھہ دختر رزکو نہ منہ لگا
چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی

مولانا حالی کا شعر اس سے زیادہ خوبی کے ساتھہ اس حقیقت کو ظاہر کرتا ہے —

چھٹتے ہی چھٹے گا اُس گلی کا جانا
عادت اور وہ بھی عمر بھر کی عادت (حالی)

اس کی مثالیں بے حس اشیاء میں بھی نظر آتی ہیں۔ ایک نئے قفل میں چابی کے پھرانے میں کتنی مشکل ہوتی ہے۔ دوسری مرتبہ وہ مشکل ذرا کم ہوجاتی ہے۔ رفتہ رفتہ قفل کے کھولنے اور بند کرنے کے لئے چابی آسانی سے پھرنے لگتی ہے۔ یا ایک کاغذ کو دیکھو ایک مرتبہ وہ جہاں سے موڑا گیا دوسری مرتبہ اُس کو اس جگہ سے موڑنے میں دقت نہیں ہوتی بلکہ خود بخود وہ اس جگہ سے مڑنے لگتا ہے۔ یہی حالت انسانی دل و دماغ کی ہے یعنی جب انسانی حرکتی افعال ایک کام سے مربوط ہوجاتے ہیں تو اس میں انہی کے کرنے کی صلاحیت پیدا ہونے لگتی ہے اور اگر وہ کام جاری رہے تو رفتہ رفتہ وہ صلاحیت عادت سے بدل جاتی ہے —

وہبی اور فطری میلان کی بنا پر بھی عادتیں پڑجایا کرتی ہیں اور عادتیں جو اس بنا پر پڑتی ہیں انکا چھوٹنا بالکل ناممکن ہوجاتا ہے مثلاً شیر کے بچہ میں حرکت کرتی ہوئی چیز کو جھپٹ کر پکڑنے کی عادت یا بلی کے بچہ میں

حرکت کرتی ہوئی اشیاء کو جھپٹ کر پنجہ میں پکڑنے کی عادت یا آدمی کے بچہ میں جو چیز ہاتھہ میں آئے اسکو منہ تک لیجانے کی عادت-عادتیں زیادہ تر میلان کی بنا پر پڑا کرتی ہیں-اسکی تشریح اس ضرب المثل سے ہو سکتی ہے " مچھلی کے جائے کن تیرائے "—

کسی عادت کے ڈالنے کے لئے اس کے محرک کو کافی قوی ہونا چاہئے-یہ کہ ایک طالب علم جو کہ پڑھنے سے جی چراتا ہے اس کو پڑھنے کی عادت ڈالنے کے لئے ایسے اصول مرتب کرنا چاہئے جس سے وہ گریز نہ کر سکے اور اگر گریز کرے بھی تو اس کو اس چیز سے محروم کردینے کا خوف دلانا جو کہ اس کو بہت ہی پسند ہے مثلاً اس طالب علم کو امتحان میں کامیاب ہوجانے پر ایک خوشنما داوات دینا یا اس سے محروم کردینا-ملازم ہمیشہ جو نوکر ہونے سے پہلے اس کام کے عادی نہیں ہوتے لیکن صرف اس خیال سے اگر کام نہ کریں تو تنخواہ میں کمی واقع ہوگی اپنے آپ کو اس کام کے عادی بنا لیتے ہیں-اس خوف کا خیال ملازم کو اس کام کا عادی بنا دیتا ہے یہ عادت ان میں محض اس لئے پڑتی ہے کہ اس کا محرک کافی قوی ہوتا ہے—

کسی کام کی عادت ڈالنے کے لئے اسے لگاتار یا بار بار کرنے کی ضرورت ہے اگر اس میں خلل واقع ہوا تو عادت

کا قایم ہونا مشکل ہے مثلاً ایک طالب علم جو کہ رات میں دس بجے تک اور صبح چار بجے سے اُٹھکر پڑھنے کا عادی ہو لیکن دو چار روز وہ کسی وجہ سے اس کی پابندی نہ کرے تو ظاہر ہے کہ اس کی عادت میں خلل واقع ہونے لگے گا۔ اول اول اس کو اس کے بدلنے پر کچھہ تکلیف بھی ہوگی لیکن رفتہ رفتہ وہ اس عادت کا عادی ہوتا چلا جاے گا یہاں تک کہ اس کو اپنی پہلی عادت کے حاصل کرنے میں اسی تکلیف کا سامنا ہوگا جس کا پہلے ہو چکا ہے۔ یہ ایک بات کا ثبوت ہے کہ جسے ہم عام طور پر ترک عادت کہتے ہیں وہ بھی عادت ہی ہے اور ترک عادت میں وہی تمام ابتدائی دقتیں پیش آتی ہیں جو نئی عادت کے ڈالنے میں ہوتی ہیں —

ان سب کے علاوہ کسی عادت کے ڈالنے کے لئے دوسری باتوں میں قوت ارادی سے کام لیتے رہنا بھی ضروری ہے۔ مثلاً صبح اُٹھنے کی عادت اگرچہ پڑھنے اور نہ پڑھنے سے متعلق نہیں ہے لیکن اگر طبیعت پر جبر کرکے اٹھا جاے تو قوت ارادی مستقل رہیگی اور دوسری عادتوں کے ڈالنے میں آسانی ہوگی۔ اگر چند روز تک ارادی قوت کام میں لائی جائے تو وہ کام جو قوت ارادی کے تحت میں کئے جاتے تھے اب اضطراراً بغیر کسی جد و جہد کے سرزد

ہونے لگتے ہیں۔جیمس صاحب نے اپنی کتاب پرنسپل آف سائکلوجی میں ایک فوجی اور مسخرہ کی مثال دی ہے یعنی فوجی اپنا کھانا لے کر سڑک سے جا رہا تھا۔مسخرہ کو یہ دیکھہ کر مسخرہ پن سوجھا اس لئے اس نے زور سے "اٹینشن" (Attention) کہا۔فوجی نے اپنے دونوں ہاتھہ فوراً قاعدہ کے موافق چھوڑ دیے۔گوشت آلو وغیرہ جو وہ لئے جا رہا تھا نالی میں گر گئے۔اب ظاہر ہے کہ ابتداء میں فوجی قوت ارادی کو کام میں لا کر اس حکم پر عمل کیا کرتا تھا اور جوں جوں وہ اس پر کار بند رہا وہ کام اضطراراً ہوتا گیا—

جب انسان کسی بات کا عادی ہوجاتا ہے تو اسکے نتیجہ کی خوشگواری کم ہونے لگتی ہے یہاں تک کہ وہ سلب ہوجاتی ہے۔کام محض ذاتی غرض کے لحاظ سے کیا جاتا ہے اس عادت کی طلب تسکین چاہنے لگتی ہے اور جب تک تسکین نہ ہو بے چینی رہتی ہے۔مثلاً ایک شخص جو صبح اُٹھکر ورزش کرنے کا عادی ہے تو ظاہر ہے کہ پہلے پہل اسکو اس عادت کے ڈالنے میں کچھہ تکلیف ضرور ہوتی ہے۔تکلیف اُس کو اِس لئے محسوس نہیں ہوتی ہے کہ محض یہ خیال کہ وہ آیندہ چلکر ایک پہلوان ہوگا یا صرف اسکا جسم اچھا رہیگا۔اسمیں عام لوگوں سے زیادہ طاقت ہوگی۔کچھہ دنوں

کہ ورزش کرنے کے بعد اس کو لطف حاصل ہوتا ہے لیکن رفتہ رفتہ یہ لطف کم ہونے لگتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ ورزش کرنے کا عادی ہوجاتا ہے تو وہ لطف جو اُسکو ورزش کرنے بعد حاصل ہوا کرتا تھا غائب ہو جاتا ہے۔ غالب کا یہ مصرعہ عادت ہی کے اثر کو ظاہر کرتا ہے —

مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہوگئیں

مختصر یہ کہ عادت کی اہمیت ہماری زندگی میں بہت کچھ ہے۔ اگر ہمارے میلانات میں یہ خاصیت نہ ہوتی کہ وہ مل جل کر عادت بن جائیں تو ہمارے ہر ایک کام "ہنوز روز اول است" کا مصداق ہوتے —

محمد ایوب خاں

متعلم سینیر انٹرمیڈیٹ

عثمانیہ کالج اورنگ آباد

شہر کا نظارۂ شب

گھڑیالی نے ٹن ٹن دو بجائے—

شمع دم واپسیں لے رہی ہے-ٹمٹماتی ہوئی شمع شمعدان کی پگھلی ہوئی چربی کی وجہ سے کبھی مدھم پڑجاتی اور کبھی بھڑک اُٹھتی ہے—

نیند کے متوالے چوکی دار خواب غفلت میں ہیں—

دن بھر کے تھکے ماندے محنتی مزدور رات کو چین پاکر میٹھی نیند سو رہے ہیں—

تخیل-ارتکاب گناہ-یاس و نا اُمیدی اور شغل بادہ نوشی نے بیداری کو زندہ کر رکھا ہے-بادہ نوش جام پر جام لنڈھا رہے ہیں-چور چکار دبے پاؤں شب گشت میں مصروف ہیں-مرتکبان خود کشی اپنے ہی دست ناپاک سے اپنی جان شیریں مٹانے کے تہیہ میں ہیں-ایسے وقت میں قدامت کے صفحات بوسیدہ کی ورق گردانی سے تضیع اوقات کے سوا کچھہ حاصل نہیں نہ ہمعصروں کے تار بود خیال میں گرفتار ہونا مقتضاے دانشمندی ہے—

آو اِس وقت اِس سنسان راستے کی سیر کریں- جہاں نخوت جو ہر آن نئے روپ بدلا کرتی ہے کچھہ دیر پیشتر مصروف خوش خرامی تھی اور نمود و نمایش کی گرم بازاری کے بعد مچلنے والے بچوں کی طرح جو کبھی مطمئن نہیں ہوتے اور اپنی خواہش برآنے پر مجبوراً خاموش ہو جاتے ہیں اب سرد مہری سے کام لیا جا رہا ہے—

یہہ کیسی افسردگی چھائی ہوی ہے- بجھنے والی شمع کی مدھم روشنی اپنی زرد کرنیں پھیلا رہی ہے- گھڑی کی تک تک یا کتوں کے بھوکنے کے سوا کوی آواز سنائی نہیں دیتی- انسانی غرور و نخوت کی شورا شوری کا اب وہ عالم نہیں رہا—

ایسے ہی اوقات سے کبر و نخوت کی تہیدستی کا انکشاف ہوتا ہے اور وہ وقت دور نہیں جب ایسا ہنگامی سناٹا مداومت کا رنگ اختیار کرلے اور بسنے والوں کی طرح خود بستی بھی نیست و نابود ہوکر اِس کے بجاے صحرا و بیابان کا منظر پیش نظر ہو—

کوی ایسا شہر نظر نہ آئیگا- جو اسی طرح اپنی عظمت- فتوحات ولامحدود شادمانی میں ہمیشہ ہمیشہ شہرۂ آفاق رہا ہوا اور کوتاہ اندیشی کے باوجود ان مت ثابت ہوا ہو—

اخلاف ایسی بستیوں کے کھوج لگانے سے عاجز ھیں۔ دل گرفتہ مسافروں کا اکثر و پیشتر ایسے ویرانوں میں گزر ھوتا ھے اور ایسے مقامات کو دیکھہ کر اُن کی آنکھیں کُھلتی اور اگلے زمانہ کی عارضی و ناپایدار مقبوضات کی قلعی کُھلتی ھے —

یہاں ایک زمانہ میں کوہ وقار قلعہ تھا۔جس کی دیواروں سے بوسیدگی کے آثار نمایاں ھیں۔اس جگہ کسی قوم کا دارالشوریٰ تھا جو اب زھرآلود کیڑے مکوڑوں کا مسکن ھے۔کہیں معابد و تماشاگاھیں تھیں۔جو اب محض تودۂ خاک ھیں۔یہ سب مقامات شکست و مسمار ھو چکے۔ کیوں کہ حرص و تعیش نے پہلے ھی اُن کی بنیاد کھوکلی کر دی تھی —

بجاے اس کے کہ حکومت کارآمد اشخاص کی حوصلہ افزای کرتی صرف دل خوش کن افراد کی قدردانی پر وہ مائل رھی۔ایسے ممالک کی دولت و ثروت نے حملہ آوروں کی توجہ اپنی جانب منعطف کرای اور گو انہیں شروع میں پسپای نصیب ھوی۔لیکن استقلال نے تنومندی کا سہرا اُن ھی کے سر باندھا اور مدافعت کرنے والوں کا نام و نشان صفحۂ ھستی سے اس طرح مٹ گیا کہ اُس کی نظیر ملنی مشکل ھے —

جن گلی کوچوں میں چند گھنٹے قبل چہل پہل ہو رہی تھی اب وہاں بہ مشکل اکا دکا نظر آتا ہے۔ جو لوگ نظر آتے ہیں اب وہ اپنی روز مرہ کی بناوٹ سے عاری ہیں اور اس وقت کوی کوشش اپنی مصائب و الم کے اخفا کی نہیں کرتے —

فرش خاک پر آرام کرنے والی کون ہستیاں ہیں؟ جو پیٹ بھروں کے دروازوں پر سر رکھہ کر اپنی بدبختی کو تھوڑی دیر کے لئے بھولی پڑی ہیں —

یہ لوگ یا تو اجنبی ہیں یا آوارہ وطن یا یتیم و بیکس جن کی حالت زار لا علاج مرض ہے اور جن کی زبون حالت اس درجہ پست ہے کہ کسی ہمدردی کی انہیں توقع نہیں۔ اُن کی حالت پر بجاے رحم کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ بعض بالکل تن برہنہ ہیں جن کے جسم پر ایک چیتھڑا بھی نہیں۔ بعض مبتلاے امراض ہیں۔ دنیا والوں نے اُن سے بالکل بے تعلقی کر رکھی ہے۔ خوشحال افراد نے اُن سے نظر پھیر لی ہے اور انہیں برہنگی و گرسنگی میں آلودہ چھوڑ دیا ہے —

اِن ننگی بھوکی ہستیوں میں کچھہ ایسی بھی ہیں جنہوں نے اچھے دن دیکھے تھے اور کبھی اُن کے حسن و جمال کا ڈنکا بجتا تھا۔ عیاشوں کی بد افعالیوں نے انہیں اس درجہ

پر پہونچا دیا کہ وہ اب تن عریاں موسموں کے مصائب و آلام برداشت کر رہی ہیں-اس وقت شاید وہ انہیں عیاشوں کے دروازوں پر پڑی اپنی حالت زار پر اُن کی توجہ مبذول کرانے کی کوشش میں ہیں جنہوں نے کسی زمانہ میں ان کی عصمت ریزی کی تھی اور اُن کے جوبن کے مزے لوٹے تھے-لیکن اب اُن سنگ دلوں میں کوئی احساس باقی نہیں رہا یا ان بادہ نوشوں کے پاس اپنی حالت زار کا اظہار کرنے آے ہیں جن سے سواے لعن طعن کے کسی امداد کی توقع نہیں ہو سکتی—

افسوس میں کیوں ایسا انسان پیدا ہوا جو ان مبتلاے آلام کی مصیبت دیکھتا ہوں اور اُن کی امداد کرنے سے عاجز ہوں-غریب خانمان برباد ہستیاں! اہل دنیا ان پر لعن طعن کرنے میں تو کوتاہی نہیں کرتے لیکن دست امداد دراز کرنے سے دست کشی کرتے ہیں—

بڑے لوگوں کی ذرا سی تکلیف یا امرا کی فرضی پریشانی کا طومار باندھا جاتا ہے اور اس طرح مبالغہ آمیز طور پر اُن کا اظہار کیا جاتا ہے کہ جذبات ہمدردی و توجہ خواہ مخواہ اُن کی جانب منعطف ہوتے ہیں- بیچارے غریب دکھیارے روتے ہیں اور کوئی شنوائی نہیں ہوتی ظالموں کے چیلے چاپڑے اُن کی ایذا رسانی میں کوئی

دقیقه اٹھا نہیں رکھتے اور ہر قسم کے قوانین جو اور دوسروں کی حفظ و اماں کا بیڑا اُٹھائے ہوے ہیں ان مظلوموں کے جانی دشمن ہیں—

مرا دل خدا نے کیوں ایسا بنایا کہ ایسی حالتوں سے اس پر ٹھیس لگتی ہے-کیوں میری قسمت ایسی نہ ہوئی کہ دل کی ہوس پوری ہوتی-نرم دلی جو مصیبت دور کرنے سے عاجز ہو اُس شخص کو جس کا دل ایسی حالتوں سے موثر ہوتا ہو حاجت مند سائل سے زیادہ دل گرفتہ بنا دیتی ہے — خدا حافظ

(گولڈ سمتھ) افضل حسین فاروقی

اخبار کلیہ

وظایف تعلیمی

یہ امر محتاج بیان نہیں ہے کہ موجودہ زمانہ میں اعلی تعلیم کے اخراجات اس قدر بڑھے ہوے ہیں کہ اس سے فائدہ اٹھانا ہرکس و ناکس کے بس کی بات نہیں ہے اور اکثر اسی وجہ سے بہت سی ہونہار طبیعتیں ابھرنے نہیں پاتیں اور ملک و قوم کو ان کی فطری ذہنی صلاحیتوں سے پوری طرح فیض پانے کا موقع نہیں ملتا۔اسی وجہ سے امدادی اور تعلیمی وظایف آج کل ہر جدید ادارۂ علمی کا جز و لازم ہوتے ہیں—

ہمارے کالج کو قائم ہوے اگرچہ بہت زمانہ نہیں گزرا۔لیکن سرکار عالی کی علم پروری اور مخیرالطبع اصحاب کی طلبا نوازی کی بدولت اس تھوڑے سے عرصہ میں ہمارے یہاں وظائف کی اچھی خاصی تعداد فراہم ہوگئی ہے اور حیدرآباد جیسے شہر کے مقابلے میں ہمارے حلقۂ عمل کی تنگی کو دیکھتے ہوے جو کچھہ بھی ہوا یقیناً ہمت افزا ہے—

اس ضمن میں ہم خاص کر نواب عمادالملک مدظلہ کے نہایت شکر گزار ہیں۔بہت کم اصحاب کو یہ معلوم ہوگا کہ اس کالج کے قیام کے اصل محرک نواب صاحب ممدوح

ھی ھوے اور انھیں کی بدولت اورنگ آباد کویہ برکت حاصل ھوئی۔ نواب صاحب ابتداے قیام کالج سے بیس روپیہ ماھانہ وظائف عطا فرما رھے ھیں۔ نواب صاحب کو اورنگ آباد کی تعلیمی حالت اور یہاں کی حرفت و صنعت کا خاص خیال ھے اور ھیشہ اس کے متعلق دریافت فرماتے رھتے ھیں—

ھم مسٹر بیزن جی فریدونجی کی فیاضی اور طلبا نوازی کے بھی بہت ممنون ھیں۔ مسٹر بیزن جی ھر نیک اور مفید کام میں مدد دینے کے لئے ھمیشہ آمادہ رھتے ھیں۔ طلبا دور دور سے ان کا نام سن کر امداد کے لئے آتے ھیں اور ان کی فیاضی سے فائدہ اٹھاتے ھیں۔ اس کالج کو وہ پینتیس روپیہ ماھانہ کے وظائف دے رھے ھیں۔ مسٹر بیزن جی در حقیقت فخر جالنہ ھیں—

وظائف کی تفصیل ذیل میں درج ھے—

وظائف	تعداد	مقدار ماھانہ
سرکاری وظائف		
سال اول	۸ (فی ۱۰ روپیہ)	۸۰ روپیہ
سال دوم	۸ (فی ۱۰ روپیہ)	۸۰ روپیہ
عالی جناب نواب عماد الملک بہادر		۲۰ روپیہ
جناب مسٹر بیزن جی فریدونجی		۳۵ روپیہ
پرنسپل و پروفیسران کالج		۶۰ روپیہ

رفیع اسکالرشپ

صوبہ اورنگ آباد کے ناظم عدالت حاجی محمد رفیع صاحب کے تبادلہ کے وقت وکلاء ان کے احباب اور ماتحت اصحاب نے وداعی دعوت کے لئے کچھہ رقم جمع کی تھی - پرنسپل صاحب کی تحریک پر ان تمام اصحاب نے نیز حاجی صاحب نے اپنی عنایت سے یہ منظور فرما لیا کہ یہ تمام رقم اورنگ آباد کالج کو دیدی جاے - اگر رقم کافی ہو تو اس کی آمدنی سے حاجی صاحب کے نام سے وظیفہ مقرر کردیا جاے ورنہ انعام یا تمغہ کا انتظام کردیا جاے - افسوس ہے کہ اس تجویز کا خیال ایسے وقت میں آیا کہ حاجی صاحب کے جانے میں صرف چند ہی روز باقی رہ گئے تھے ورنہ غالباً چندہ میں کافی اضافہ ہوجاتا - تاہم اورنگ آباد - جالنہ اور نانديڑ سے جو رقم وصول ہوئی اس کی تفصیل لکھی جاتی ہے - اگرچہ نانديڑ میں سب سے آخر میں کوشش کی گئی لیکن سب سے زیادہ رقم وہیں سے وصول ہوئی جس کے لئے ہم میر باسط علی خاں صاحب ناظم عدالت ضلع اور مولوی ثابت علی صاحب عباسی منصف نانديڑ کے ممنون ہیں —

۱ - اورنگ آباد ۴۰۶ روپیہ حالی

۲ - جالنہ ۸۵ روپیہ حالی و ۵۰۰ روپیہ کلدار

۳ نانديڑ ۱۰۰۴ روپیہ حالی

چنانچہ انتظامی مجلس کے راے سے جس میں شہر کے سر برآوردہ وکلا اور عہدہ دار شریک ھیں یہ طے پایا کہ اس رقم سے انجمن ھاے اتحادی کے مرکزی بنک (اورنگ آباد) کے حصص خریدے جائیں اور ان کی آمدنی سے کالج کے مستحق طالب علم کو وظیفہ دیا جاے۔ وظیفہ کا دینا پرنسپل اور اُن کے پروفیسر کی راے پر چھوڑا جاتا ھے—

کالج کی انجمنیں

نصاب تعلیم کی پابندی اور انتظامی قیود کے علاوہ ھر کالج میں اس قسم کی انجمنوں کا وجود بہت کچھہ ضروری ھے۔ علمی فوائد کے علاوہ صحیح معنوں میں طلبا کی سیرت کے بنانے میں مدد دینے والی اور انہیں زندگی کی ذمہ داریوں کے لئے تیار کرنے والی یہی داخلی جماعتیں ھوتی ھیں۔ ھمارے کالج میں اب تک حسب ذیل انجمنیں قایم ھوچکی ھیں اور بہت کچھہ کامیابی کے ساتھہ چل رھی ھیں—

College Union

یہ انجمن مباحثہ ھے۔ اس کے صدر اور معتمد کا انتخاب طلبا کی جماعت سے کیا جاتا ھے۔ دونوں کی مدت عہدہ ایک سال ھے۔ اس انجمن کے جلسے دو ھفتے میں ایک مرتبہ ھوتے ھیں اور انگریزی میں مباحثے ھوتے ھیں۔ ابھی تک طلبا کی جھجک پورے طور

پر نہیں نکلی ھے اور مقررین کو آمادہ کرنے کے لئے بہت کچھہ ترغیب کی ضرورت ھوتی ھے-لیکن آئندہ کے لئے اس انجمن کی ذات سے بہت کچھہ امیدیں وابستہ ھیں- اس انجمن کی سرپرستی میں اکثر باھر کے اصحاب کی تقریریں بھی ھوتی ھیں-اس سال حسب ذیل اصحاب نے اپنے خیالات سے طلباے کلیہ کو مستفیض فرمایا—

(۱) مسٹر آیر مختصر نویسی

(۲) پروفیسر کروے بانی تعلیم نسوان پونہ زنانہ جامعہ نسواں پونا یونیورسٹی

بزم اردو ھئیت انتظامی کے اعتبار سے یہ بزم College Union کی طرح ھے-لیکن اس میں مباحثے اردو میں ھوتے ھیں اور ان میں بہت کچھہ دلچسپی ظاھر کی جاتی ھے-اس انجمن کے صدر ھمارے پروفیسر دینیات مولوی منظور محمد صاحب ھیں-معتمد کا انتخاب طلبہ میں سے ھوتا ھے-اس کے جلسے بھی پندرھویں روز ھوتے ھیں-اس انجمن کی سرپرستی میں بھی باھر کے اصحاب کو مدعو کیا جاتا ھے-چنانچہ سال گزشتہ جناب حافظ ساجد علی صاحب عباسی وکیل ھائی کورٹ اورنگ آباد نے ریاست حیدرآباد کی ملکی صنعتوں کا بیان اور ان کی ترقی کے امکانات پر ایک مبسوط تقریر فرمائی-یہ جلسے عام

ہوتے ہیں—

کھیل

علمی انجمنوں کی طرح کھیل کا انتظام بھی ہر کالج کے لئے ضروری ہے۔ بڑے بڑے کالجوں میں خاص اس مد کے لئے بڑی بڑی رقمیں منظور کی جاتی ہیں اگرچہ بد قسمتی سے اس وقت تک ہمارا کالج اس سرکاری امداد سے محروم ہے جس کا بحیثیت کالج ہونے کے وہ مستحق ہے تاہم یہ امر نہایت قابل اطمینان ہے کہ پہلے سے ہائی اسکول اور فوقانیہ عثمانیہ میں کھیلوں کا شوق چلا آرہا ہے اور اب ان کے کالج میں ضم ہونے سے یہ شوق اور بڑھ گیا ہے۔ اورنگ آباد ٹورنمنٹ سابق مدرسۂ فوقانیہ کی زیر پرستی کئی سال سے بہت کامیابی کے ساتھ چل رہا ہے اور سالانہ مقابلہ اس کے ہردلعزیز معتمد محمد ابراہیم صاحب ایم۔اے لکچرار کی نگرانی میں بہت کچھ فروغ ہوا ہے۔ کالج کے قیام کے بعد سے اس میں کریکٹ کا بھی اضافہ ہوا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس ٹورنمنٹ کی رونق سال بہ سال بڑھتی جائیگی اور اورنگ آباد کی پبلک اپنی اس قابل فخر چیز کو ضائع نہ ہونے دے گی۔ انسانوں کی طرح اِداروں (Institutions) کی بھی جان ہوتی ہے۔ ضد اور مخالفت کی وجہ سے وہ بھی مرجاتے ہیں—

معمولاً ہمارے کالج میں حسب ذیل کھیلوں کا انتظام

ھے جو تقریباً طلبا کے ھاتھہ میں ھے —

کریکٹ

ھاکی

فٹ بال

بیڈمنٹن

ٹینس

تفریح

ٹورنمنٹ کے آغاز کے وقت سے اب تک ھر سال اس موقع پر ایک ڈراما ھوا کرتا تھا۔ بدقسمتی سے ھمارے مروجہ اردو ڈرامے کچھہ اس قدر بدمزہ ھوتے ھیں کہ عام طور پر لوگوں کو کسی کالج یا مدرسہ کے ساتھہ اس کا تعلق گوارا نہیں ھوتا۔ اِمسال ھم نے اس میں یہ تبدیلی کی ھے کہ بجاے ڈرامے کے سالانہ جلسے کے موقع پر ایک جلسہ نظم خوانی کا ھوا۔ اس کا پروگرام بہت کچھہ دلچسپ تھا اور عام طور پر پسند کیا گیا۔ آیندہ کے لئے خیال ھے کہ چیدہ ڈرامے کافی مشق کے بعد کئے جائیں تاکہ پبلک کا مذاق بھی درست ھو اور خود ڈراما کرنے والوں میں ادب عالیہ کی اس اھم شاخ کی طرف سے دلچسپی پیدا ھو —

—:o:—

سیر (Excursion)

اس سال ھمارے کالج کے طلبا جناب پرنسپل صاحب اور دو لکچرار صاحبان

کے ہمراہ ایجنٹہ کے غاروں کے دیکھنے کے لئے گئے۔ ٹھیرنے وغیرہ کا انتظام قبل از قبل کر لیا گیا تھا۔ ایجنٹہ کے قابل مہتمم مولوی سید احمد صاحب کی عنایت سے یہ سفر بہت کامیاب رہا خوب غور کے ساتھہ اس قدیم یادگار کے چپہ چپہ کی سیر کی گئی اور عام سیاحوں کے دستور کے خلاف ہر چیز کو نئی اور تاریخی اعتبار سے دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش کی گئی۔ ہمیں امید ہے کہ نئے سال تعلیمی کے آغاز میں ہمارے طلبا دیگر قابل دید مقامات کا سفر کر سکیں گے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے اورنگ آباد میں سیر کے قابل مقامات کی کمی نہیں ہے۔ صرف چشم بینا اور اثر قبول طبیعت کی ضرورت ہے —

"دفن ہوگا کہیں اتنا نہ خزانہ ہرگز"

اقامت خانے

پہلے اورنگ آباد میں دو بورڈنگ ایک دوسرے سے علیحدہ تھے۔ ایک مدرسہ فوقانیہ کا اور دوسرا ہائی اسکول کا۔ بعد میں دونوں ضم ہوگئے تھے۔ اب فوقانیہ بورڈنگ علیحدہ ہے اور اس میں انٹرینس اور سکستھہ فارم تک کے طلبا رہتے ہیں اور کلیہ عثمانیہ کا علیحدہ۔ اس بورڈنگ کی عمارت بھرکل دروازے سے ملی ہوی ہے۔ سردست ایک مکان کرایہ پر لیا گیا ہے جو وقتی ضروریات کے اعتبار سے ضرور کافی ہے لیکن آیندہ کی

ضرورتوں کے لئے شاید کفایت نہ کرے۔ہم اس خاص مد میں حیدرآباد کے جگمگاتے ہوے اقامت خانوں کا مقابلہ تو نہیں کرسکتے لیکن یہ کوشش ضرور ہے کہ جائز آسایش اور حقیقی تعلیمی سہولتوں کے اعتبار سے ہمارا بورڈنگ ہر طرح سے کامیاب ثابت ہو—

انتظامی حیثیت سے کالج میں طلبہ کی ذمہ داریاں

لوگ عام طور پر Self Government (خود انتظامی) کو صرف مدارس ثانویہ کے لئے موزوں سمجھتے ہیں اور کالجوں کے سلسلہ میں اس کا نام نہیں سنا جاتا۔لیکن چونکہ ہمارے کالج کی ایک خاص نوعیت ہے اور جماعتہاے فوقانیہ اس کا بڑا جز ہیں اس لئے ہم نے بھی اپنے طلبا میں ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے کی غرض سے کچھہ داخلی عہدہ دار مقرر کئے ہیں۔یہ عہدہ دار سب کے سب طلبا ہوتے ہیں اور جماعتیں ان کا انتخاب کرتی ہیں۔ہمارے ہاں حسب ذیل عہدہ دار ہیں—

نائب صدر یونین	احمد حسین قدوای	سال دوم
,, بزم اردو	,,	
معتمد یونین	سردار سنگھہ	سکستھہ فارم
,, بزم اُردو	,,	,,
کپتان ہاکی	ایوب خاں	سال دوم

کپتان فت بال	عبدالله	سال دوم
سکریٹری ٹینس	رضی الدین	سکستھ فارم
پولس کمشنر	عبدالحفیظ	سکستھ فارم

ان عہدہ داروں سے حسب ضرورت راے لی جاتی ہے اور چوں کہ ہمارے طلبا اپنی ذمہ داری کا کافی احساس رکھتے ہیں اس لئے مرکزی اور داخلی انتظام میں تصادم کا کوی احتمال نہیں ہے —

دارالمطالعہ

یہ دارالمطالعہ پبلک حیثیت رکھتا ہے۔ اسے قایم ہوے ایک سال ہو چکا ہے۔ جناب صدر صاحب کلیہ کی تحریک پر شہر کے مخیرالطبع اور علم دوست حضرات نے یکمشت امداد اور ماہانہ چندوں سے اسے قایم کیا ہے۔ اس میں ہمارے ملک کے اردو۔ انگریزی اور مرہٹی کے بہترین اخبارات و رسائل آتے ہیں۔ ایک فارسی اخبار حبل المتین اور ایک فارسی رسالہ ایرانشہر بھی آتا ہے۔ یہ دارالمطالعہ ۵ بجے شام سے رات کے ۸ بجے تک کُھلا رہتا ہے۔ چونکہ ابھی رقومات چندہ بر وقت وصول نہیں ہوتی ہیں اس لئے روشنی کا انتظام دارالمطالعہ کی حیثیت کو دیکھتے ہوے بہت زیادہ قابل اطمینان نہیں ہے لیکن یہ دقت بہت جلد رفع ہو جاے گی —

ہمیں امید ہے کہ یہ دارالمطالعہ شہر کا علمی مرکز بنے گا

اور اس کی کرنیں کلیہ کی چاردیواری کے باہر بھی پھیلیں گی اور عوام الناس کے سینوں کو منور کریں گی۔ اس کی کامیابی کا کُل و جز انحصار پبلک کی مدد اور علم دوستی پر ہے اور ہمیں امید ہے کہ ان دونوں چیزوں سے دریغ نہ کیا جائے گا —

بخوف طوالت ہم اس موقع پر اخبارات و رسایل کی پوری فہرست درج نہیں کرسکتے صرف مختلف زبانوں کے رسائل اور اخبارات کی تعداد دی جاتی ہے —

	اخبار	رسالہ
انگریزی	۴	۵
اُردو	۶	۹
ہندی	—	۱
مرہٹی	۱	۲
فارسی	۱	۱
	۱۲	۱۸

پورفنڈ

اس کی اہمیت کا اندازہ صرف وہی تعلیم گاہیں لگا سکتی ہیں جو شہروں سے دور مضافات میں واقع ہیں اور جن میں نادار طلبا کی کثرت ہوتی ہے۔ ہمارے کالج میں اس فنڈ کی خاص طور پر ضرورت ہے۔ اس سے اگر ایک طرف طلبا میں ایک دوسرے کی مدد کا

خیال پیدا ہوتا تو دوسرے طرف غریبوں کی تعلیم کا انتظام بھی ہوتا ہے۔اس فنڈ کی کامیابی کا سہرا زیادہ تر اس کے ہر دلعزیز سکرٹری مسٹر وی۔رامچندرن بی۔اے۔ بی۔ٹی اور مولوی نواب الدین صاحب شریک معتمد کے سر ہے—

اس موقع پر ہم اورنگ آباد کے ہر دلعزیز اول تعلقدار مولوی محمد رضا صاحب کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں جو اس مد میں دس روپیہ ماہانہ سے امداد فرماتے ہیں—

ذیل کے اعداد سے معلوم ہوگا کہ اس فنڈ کی حیثیت، (سرمایہ اور امداد کے لحاظ سے) سال گزشتہ کیا تھی، اس فنڈ کے سرمایہ سے ایک مکتبہ بھی قایم ہے، جو نادار طلبا کو مفت کتابیں دیتا ہے—

پور فنڈ

چٹھا بابتہ سنہ ۳۳ ف

(از یکم فروردی سنہ ۳۳ لغایت ۳۰ آبان سنہ ۳۳)

آمد

مدات	روپیہ	آنہ	پائی
امداد از عالی جناب محمد رضا صاحب اول تعلقدار اورنگ آباد۔	۸۰	۰	
امداد از پرنسپل صاحب و استاذ و طلبا کالج—	۳۰۴	۹	۶
ازفروخت روشنائی و فیس امتحان۔	۹۵	۳	۱۰
کل میزان	۴۷۹	۱۳	۴
خرچ	۴۷۸	۱۱	۴
نقد بدست	۱	۲	۰

خرچ

مدات	روپیہ	آنہ	پائی
وظائف و خریدی کتب—	۴۰۲	۹	۰
ربر مہر—	۴	۲	۰
کاغذ—	۰	۱۳	۰
خریدی کاغذ برائے امتحانات—	۷۱	۳	۴
میزان	۴۷۸	۱۱	۴

یکم آذر سنہ ۳۴ف تک مکتبہ کی مد سے ۲۹۹ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی کا منافع ہوا جس میں سے ۱۵۰ روپیہ سرمایۂ محفوظ میں داخل کر دیا گیا اور ۱۴۹ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی پورفنڈ میں منتقل کر دیا گیا۔ مکتبہ میں آٹھ سو روپیہ قیمت کی کتب موجود ہیں۔ سال گزشتہ کل طبقۂ کالج و وسطانیہ میں ۱۸۷ طلبا کو کتابیں تقسیم کی گئیں جن کی مجموعی تعداد ۴۸۶ تھی —

مذکورۂ بالا مختصر کیفیت سے واضح ہوگا کہ ہمارے مدرسہ کے اساتذہ و طلبا " اپنی مدد آپ کرو " کے زریں اصول پر کس حد تک کاربند ہیں —



نتائج امتحانات

خوشی کی بات ہے کہ امسال ہمارے ہاں کے نتائج ہر اعتبار سے بہت اچھے رہے خصوصاً ہای سکول لیونگ سرٹفکیٹ و ایف اے کے نتائج ممالک محروسہ سرکار عالی میں بہترین ہیں اور ہمارے ایف-اے کے دو طلبا کلکرنی صاحب و احمد حسین صاحب قادری کو علی الترتیب مضامین سنکرت و دنیات جامعہ میں اول رہنے کے صلے میں ۲۰ ماہانہ کا وظیفہ ملا ہے افسوس ہے کہ ہم بخوف طوالت کامیاب امیداروں کی مفصل فہرست شایع نہیں کر سکتے اور صرف ذیل کے اعداد پر اکتفا کی جاتی ہے-ہم ان سب طلبا کی خدمت میں دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں-ہماری دعا ہے کہ یہ حضرات کامیابی کے فوری جوش سے متاثر ہو کر تعلیم کے اعلیٰ ترین مقاصد کو نظر انداز نہ کریں-بلکہ اسی طرح صدق خلوص اور احترام کے ساتھہ طلب علم میں لگے رہیں-بقول ٹے نی سن:

Let knowledge grw from more to more,
But mere of Reverenec in us dwell;
That mind and soul according well,
May make one music—as before.

امتحان	تعداد لڑکا	تعداد کامیاب شدگان				کیفیت
		اول	دوم	سوم	جملہ	
ایف - اے	۱۶	-	۶	۶	۱۲	ایک اور طالب علم گروپ میں کامیاب ہوا ہے
H.S.L.C.	۲۸	۱	۹	۱۶	۲۶	درجہ اول میں کامیاب طالب علم سمیت رائے ممالک محروسہ میں دوم ہیں
میٹرک	۲۳	۱	۵	۶	۱۲	درجہ اول میں کامیاب علی بن غالب ممالک محروسہ میں چہارم ہیں۔ ۸ اور طلبا گروپ میں کامیاب ہیں —
مڈل	۱۱۰	۱	۹	۷۳	۸۳	
ایلمنٹری ڈرائنگ	۱۷	-	-	-	۱۴	
انٹرمڈیٹ ڈرائنگ	۱۲	-	-	-	۷	

افسوس ہے کہ ہمارے یہاں میٹرک کے چار طلبا امتحان سے تین روز قبل کمی حاضری کے مغالطے کی وجہ سے خانگی کر دئیے گئے یہ چاروں کامیاب ہوے ہیں اور ان میں سے ایک اننت راو صاحب درجہ اول میں پاس ہوے ہیں۔ مذکورہ بالا فہرست میں ان کا شمار نہیں کیا گیا ہے —

جلد ۱ نومبر سنہ ۱۹۲۵ع نمبر ۲

نورس



اورنگ آباد کالج کا دوماہی رسالہ

انجمن اردو کے مطبع میں چھپا

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	شذرات	اڈیٹر	۱
۲	تاریخ کی تعلیم کا مدعا کیا ہے	جناب سید ہاشمی صاحب فریدآبادی رکن دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ	۱۲
۳	خطبہ امیر جامعہ بتقریب جلسہ تقسیم اسناد فضیلت	عالیجناب نواب ولی الدولہ بہادر جامعہ عثمانیہ	۱۹
۴	بھٹکی ہوئی نیکی	حضرت شبیر حسن جوش ملیح آبادی رکن دارالترجمہ	۲۸
۵	من کی موج	من - موجی	۳۲
۶	داس بحیثیت شاعر	از گوکل داس صاحب متعلم سال دوم ایف - اے اورنگ آباد کالج	۳۶
۷	"عذر گناہ"	اڈیٹر	۴۵
۸	نکاح بالجبر (ڈراما)	مرسلہ جناب پروفیسر وہاج الدین صاحب	۴۹
۹	اخبار علمیہ	اڈیٹر	۹۰
۱۰	اخبار کلیہ	اڈیٹر	۹۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شذرات

نورس کا پہلا نمبر ناظرین کے ہاتھوں میں پہونچ چکا ہے، خوشی کی بات ہے کہ ادبی دنیا نے اس نومولود کو قدر کی نگاہوں سے دیکھا اور ہماری عزت افزائی کی، ہم ان سب قدردانوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے تبصروں اور خطوں کے ذریعہ اظہار خیال فرمایا اور بعض مفید مشورے بھی دئے - جیسا کہ ہم پہلے نمبر میں عرض کر چکے ہیں، نورس کو کسی قسم کا دعوی نہیں، نہ تو وہ "مجلہ علمیہ و ادبیہ" ہے اور نہ "علمی، ادبی، تاریخی، تجارتی رسالہ" ہمیں امید ہے کہ دعووں کی یہ کمی ہی اس کی درازی عمر کی کفالت کرے گی اور ہمارا یہ چھوٹا سا سفینہ بحر ادب کے مد و جزر کو اچھی طرح برداشت کر لے گا -

بگزار کہ ایں نسخہ معجزی ماند

نورس کے اجراء کو ابھی تین ہی مہینے ہوے ہیں لیکن اس تھوڑی ہی سی مدت میں ہمارے کلیہ کے نونہالوں میں جو روح پیدا ہو گئی ہے وہ یقیناً اُمید افزا ہے، مضمون نویسی اور ترجمے کا شوق پیدا ہو چلا ہے، اگر

پہلے ہمارے طلبا اخباروں اور رسالوں کو سرسری طور پر پڑھتے تھے، تو اب ایک خاص مقصد کے ساتھہ ان کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، مشورے لیتے ہیں، کتب اسناد دیکھتے ہیں، نظمیں لکھہ لکھہ کے لاتے ہیں، موقع نہ ملنے سے جو صلاحیتیں دب گئی تھیں وہ اب سطح پر آ رہی ہیں اور اُبھرنے کی کوشش کرتی ہیں، اگر یہ حالت مستقلاً پیدا ہو گئی تو ہم سمجھیں گے کہ ہمارا یہ "نورس" سپھل ہوا۔ کسی کلیہ کے رسالہ کے لئے صرف یہی کافی نہیں ہے کہ وہ مختلف اور متفرق معلومات کی ایک کھتونی ہو، اس کا بڑا لوازمہ تحریکی قوت ہے، ذوق جستجو کو اشتعال دینا جودت طبع کو اُکسانا یہی اس کا 'مہاکاج' ہے، اس کی کامیابی کی جانچ اسی کسوٹی پر ہوتی ہے—

خدا کا شکر ہے کہ ہمارے کلیہ نے اپنی زندگی کے پہلے دو سال بخیر و خوبی اور بہت کامیابی کے ساتھہ ختم کرلئے ہیں، خواہ نتائج امتحانات ہوں یا معلمین اور متعلمین کے تعلقات اور داخلی انتظامی امور غرض کہ ہر حیثیت سے ہمارا ماضی نہ صرف حوصلہ افزا ہے بلکہ ایک زیادہ شاندار مستقبل کا پیش خیمہ بھی ہے، اس سال ہم نے دیوالی کی تعطیلات میں یوم کلیہ منایا، یہ چیز اورنگ آباد کے لئے بالکل نئی تھی، اس جشن کا نظام العمل ہر اعتبار سے اچھا تھا، مقامی عہدہ دار اور معززین کے علاوہ دوسرے اضلاع اور خود دارالسلطنت سے بھی اکثر حضرات اس موقع پر

تشریف لائے تھے، اس کی تفصیل ناظرین کو اخبار کلیہ کے ذیل میں ملے گی، ہماری دعا ہے کہ ہم اسی طرح ہر سال جشن کلیہ منایا کریں، ہم سب کو اپنے کالج کے ساتھہ سچی محبت اور اس کے کارنامون پر جائز فخر ہو اور اس کی روایات جن کی بنا آج کل ڈالی جا رہی ہے آنے والی نسلون کے لئے مشعل ہدایت کا کام دیں—

اینک اینک سال نو شد، آفریں بر سال نو

قوموں کی ساخت، ان کے مزاج کی تخمیر، اور ان کے باہمی تعلقات پر جو اثر اختلاف زبان کا ہوتا ہے اس سے بہت کم لوگ واقف ہیں، قومیت کی تعریف میں جہاں اور بہت سے اجزا داخل ہیں وہیں مشترکہ بھاشا بھی اس کا ایک لازمی جز ہے، یورپ ایک صدی سے اس کوشش میں ہے کہ مختلف اقوام کے درمیان رابطہ زبان پیدا کرے، چنانچہ اسپرانتو (Esperanto) ولاپک (Volapuck) ایڈیم نیوٹرل (Idiom Neutral) وغیرہ کئی عارضی زبانیں بنائی گئیں۔ ان میں سے کچھہ تو مٹ گئیں اور کچھہ باقی ہیں اور ان کے بولنے والے بڑی تعداد میں موجود ہیں، ابھی حال میں کلکتہ کی ایک انگریزی خاتون نے بھی اوم "Om" نام کی ایک اور جگت بھاشا تجویز کی ہے—

اسی سلسلہ میں ناظرین کے لئے یہ معلوم کرنا سبق آموز ہوگا کہ حال ہی میں بالشویک روس میں جو زبردست اجتماع جرمن اور سویڈی مزدوروں کا ہوا اس میں ایک

کثیر تعداد اسپرانتو بولتی تھی - جلسوں اور کارخانوں میں بھی زبان استعمال کی گئی - سوویت (Soviet) تپہ خانہ کے اعلیٰ حکام نے بین الاقوامی مراسلت کے لئے پوسٹ کارڈ بھی اسی زبان میں چھپوائے ھیں، غرض کہ ھر طرح سے اس کی کوشش کی جا رھی ھے کہ یورپ کی اقوام میں ایک متحدہ رابطہ خیالات قائم کیا جائے، کیا ھمارا ھندوستان بھی اس قسم کی کوشش کی کوئی مثال پیش کر سکتا ھے؟ کیا یہاں بھی کسی نے کوئی "بھارت بھاشا" تجویز کی؟ کتنی قابل افسوس بات ھے کہ دوسرے براعظم تو اپنے مختلف النسل سپوتوں کو ملا رھے ھیں، وحدت زبان کی قربان گاہ پر ذاتی خصائص اور امتیازات کو بے دریغ قربان کر رھے ھیں اور ھمارے یہاں کے اھل قلم اختلاف عقاید اور ذات پات کے جھگڑوں ھی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ ان سے متاثر ھو کر مختلف زبانوں کا اکھاڑا تیار کرتے ھیں - یاد رکھئے کہ مختلف زبانوں کے سنگم ھی میں ھمارے ملک کی نجات ھے، ھمارے یہاں کے معاشی اور معاشرتی مسائل کا صرف ایک ھی حل ھے اور وہ "بھارت بھاشا" ھے، ابھی کچھہ دنوں اور غفلت رھے گی، ذاتی اغراض عام ملکی مفاد پر ابھی کچھہ دنوں غالب رھیں گے لیکن بالآخر لوگ اس کی ضرورت کو محسوس کریں گے، اور جب وہ دن آئے گا تو ھمارے جامعہ عثمانیہ ھی کی طرف سب کی نظریں اُٹھیں گی - بھارت بھاشا اسی مادر علمی کے آغوش میں پل رھی ھے اور یہیں پروان چڑھے گی،

جو اس ارتقاء کی رفتار کو روکے گا ھندی قومیت کے حق میں بس ہوے گا—

نہ سمجھو گے تو مٹ جاوگے اے ھندوستاں والو
تمہاری داستاں تک بھی نہ ھوگی داستانوں میں

گزشتہ چھہ ماہ میں افق ھند کے تین درخشاں ستارے ڈوبے۔ ابھی ملک چترنجن داس جیسے دلسوز مدبر اور سچے شاعر کی مراسم تعزیت بھی ادا نہ کرنے پایا تھا کہ سریندرناتھہ بنرجی جیسے خطیب اور قانون داں کی موت پر نوحہ خوانی کرنی پڑی، اور اس سے پوری طرح فراغت نہ ھوئی تھی کہ مہارشی رام کرشن گوپال بھنڈارکر کی وفات نے ایک مرتبہ پھر صف ماتم بچھادی۔ بھنڈارکر صاحب ایک مشہور مستشرق تھے، اور اگلے وقتوں کے ان عالموں کی یادگار تھے جو نام و نمود، شہرت اور عزت سے بے نیاز ھوکر دلی لگن اور خلوص کے ساتھہ علم کی خدمت کرتے تھے، وہ پرانے زمانے کے رشیوں کی نشانی تھے۔ انہی کی سی سادہ اور بلند زندگی، اور انہی کی طرح روحانی رفعت رکھتے تھے۔ مختلف سماجی مسایل مثلاً عقد بیوگان، تعلیم نسواں، اچھوت ذاتوں سے پرھیز وغیرہ کے متعلق ان کی کوششیں مجتہدانہ تھیں۔ علمی حیثیت سے ان کی زبردست ترین یادگار پونہ کا بھنڈارکر انسٹی ٹیوٹ ھے جو انھوں نے قدیم سنسکرت علوم کے احیاء کے لئے قائم کیا تھا، سنسکرت ادب اور ھندی تاریخ کے متعلق یہ ادارہ کئی قابل قدر

تصنیفات شایع کرچکا ھے اور آج کل مستند نسخوں سے مہا بھارت کا ایک مکمل اڈیشن تیار کر رھا ھے' اس نمبر میں ناظرین سی-ر-داس آنجہانی کی ادبی زندگی کے متعلق ایک مضمون ملاحظہ فرمائیں گے-آئندہ انشاالله مہارشی بھنڈار کرکی سوانح حیات پر روشنی ڈالی جاے گی-یہ لوگ علم کے سچے خادم تھے' اگر ان کی زندگیوں پر غور کی نظر ڈالو تو ان میں ایسی ایسی باتیں نظر آئیں جو ھمارے لئے درس عمل کا کام دیں—

زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے !

یہ تو قصص رفتگان تھے' لیکن دنیا ابھی ایسے لوگوں کے پاک وجود سے بالکل خالی نہیں ھوئی ھے-انہی جانے والوں کی طرح طلب علم پر جان دینے والے' دھن کے پکے سرسوتی کے سچے پجاری خود ھمارے ملک میں اور دوسری جگھہ موجود ھیں-چنانچہ اطلاع ملی ھے کہ مشہور امریکی ماھر موسیقی جارج اینتھل (George Antheil) جو چند عربی راگنیوں کی تحقیق کے لئے اوائل اگست میں پیرس سے افریقہ گئے تھے کہیں صحراے آعظم میں کھو گئے ھیں-یہ ابتداً تونس (Tunis) گئے لیکن جب وھاں بھی تشفی نہ ھوسکی تو جنوب کی طرف چل کھڑے ھوے-اس وقت سے اب تک ان کے متعلق کوئی اطلاع نہیں ملی کہ کہاں ھیں اور کس حال میں ھیں' صرف اتنا معلوم ھوسکا کہ کانگو (Kongo) کی طرف گئے ھیں-امریکی حکام متعینہ پیرس نے

ان کے تلاش کرنے کے لئے جو کاروان بھیجے تھے وہ اس عظیم الشان صحرا کو عبور نہ کرسکے اور واپس آگئے، ان کی سلامتی کے متعلق لوگوں میں بہت کچھہ ہراس پیدا ہوگیا ہے—

ذوق جستجو اور ایثار کی یہ کیسی روشن مثال ہے!

جن لوگوں نے امریکی تہذیب کا مطالعہ گہری نظر سے کیا ہے وہ اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ وہاں کی تہذیب قائم ہوتے ہی اتنے مختلف اسباب سے متاثر ہوی کہ اپنا توازن قائم نہ رکھہ سکی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ملک ہمیں ہر حیثیت سے مجموعۂ عجائبات نظر آتا ہے، اگر ایک طرف خیراتی کاموں کی کثرت ہے، تو دوسری طرف جرائم کی تعداد میں اضافہ ہے۔ اگر ایک طرف ایک حلقہ ایسا ہے جو ہمہ تن تحقیق اور علمی تجسس میں محو ہے تو دوسری جانب ایسی ہستیاں بھی کچھہ کم نہیں جو اپنا ایک نیا مذہب بناکر تحقیق علمی کے پیچھے پڑگئی ہیں، اور دنیا سے اس بات کی توقع رکھتی ہیں کہ وہ علم اور تجربہ سب کچھہ بالائے طاق رکھہ دے!

عقیدے اور مذہب کی یہ جنگ آج کل امریکہ میں بہت زور شور کے ساتھہ ہورہی ہے اسے علمی ترقی اور سائنس کی تحقیقات کا رد عمل کہا جا سکتا ہے۔ آج کل وہاں ایک نیا فرقہ پیدا ہوا ہے، یہ لوگ اپنے آپ کو اساسی (Fundamentalist)

کہتے ہیں ان کا خاص مسلک یہ ہے کہ انجیل مقدس کے جو عقاید دلوں سے محو ہوتے جا رہے ہیں از سر نو راسخ کئے جائیں۔ یہ مقصد اپنی جگہہ پر کیسا ہی اچھا کیوں نہ ہو لیکن جو طریقے اختیار کئے جا رہے ہیں وہ ایسے عجیب و غریب ہیں کہ دنیا انگشت بدندان ہے کہ بیسویں صدی میں بھی ایسے خیالات پائے جاتے ہیں!

اخباری دنیا ٹے نی سی (Tennessee) کے مقدمے کا حال سن چکی ہے۔ یہ امریکہ کی ایک ریاست ہے اور یہاں اس نئے مسلک کے حامی کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ اس ریاست نے ایک قانون بنایا کہ جو شخص مدارس میں ڈارون (Darwin) کے مسئلہ ارتقاء کے موافق اظہار خیال کرے گا وہ بحکم مجلس گرفتار کر لیا جائے گا، چنانچہ وہاں کے کالج کے ایک نوجوان پروفیسر جے۔ ٹی۔ اسکوپس (G-T.Scopes) اس الزام میں ماخوذ ہو چکے ہیں، اس عجیب و غریب مقدمے نے تمام دنیا میں ہلچل ڈالدی ہے۔ قانونی دفعات یہ ہیں:—

(۱) ریاست ٹے۔ نے۔ سی کی مجلس عام یہ قانون نافذ کرتی ہے کہ ریاست مذکور کی یونیورسٹیوں، نارمل اسکولوں اور تمام سرکاری اور امدادی درسگاہوں میں کسی مدرس یا پروفیسر کا کسی ایسے نظریئے کی تعلیم دینا جو انجیل کے قصہ تخلیق آدم کو غلط قرار دیتا ہو، یا یہ دعوے کرتا ہو کہ انسان ادنیٰ حیوانات سے بذریعہ ارتقاء وجود میں آیا ہے، خلاف قانون ریاست ہذا متصور ہو گا—

(۲) نیز واضح رہے کہ جو مدرس یا پروفیسر اس دفعہ کی خلاف ورزی کرے گا وہ خلاف ورزی قانون کا مرتکب گردانا جائے گا اور ماخوذ ہونے کے بعد اس پر کم از کم ۱۰۰ ڈالر (۳۵۰ روپیہ) اور زیادہ سے زیادہ ۵۰۰ ڈالر (۱۷۵۰ روپیہ) جرمانہ ہر غلطی کی پاداش میں کیا جائے گا۔

(۳) یہ مسودہ بعد منظوری فوراً قانون کا حکم رکھے گا کیوں کہ مفاد عامہ اسی کا متقاضی ہے —

غریب ایشیا اپنی ضعیف الاعتقادی کے لئے بد نام ہے، مغربی سائنس داں اور محققین اس پر سدا سے قدامت پسندی کا الزام لگاتے رہے ہیں، مشرقی دربا رون کے متعلق اُن کی سرکار سے یہ فتویٰ ناطق ہو چکا ہے کہ یہ آزادی رائے کو سلب کرتے ہیں، امریکہ ایک روشن خیال ملک سمجھا جاتا ہے، تہذیب حاضر کی علمبرداری کا سہرہ اسی کے سر ہے، پھر یہ کیا بوالعجبی ہے کہ آج وہیں کی ایک ریاست علمی اکتشاف اور مباحثوں کی زبان بند کرتی ہے اور ریاست ہائے متحدہ کی ۴۸ ریاستوں میں سے ۱۵ کی مہریں تحقیق و تجربہ کے اس قتل نامہ پر ثبت ہوتی ہیں —

تو نے سودا کے تئیں قتل کیا، کہتے ہیں
یہ اگر سچ ہے تو ظالم اسے کیا کہتے ہیں؟

ہماری جامعہ کے قیام کو آٹھ سال ہو چکے ہیں، شہریار دکن خلداللہ ملکہ کے علم پرور ہاتھوں نے جو بیج بویا تھا

وہ اب خدا کے فضل سے ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے اور پھل پھول رہا ہے، جامعہ عثمانیہ کا قیام ہندوستان میں ایک تجربے کا آغاز تھا، اُردو خواہ حضرات اپنی زبان کی بے مایگی سے متردد تھے، ان کے دلوں میں شبہات تھے کہ ہندوستان کی ہوا اس نئے پودے کے حق میں راس بھی آتی ہے یا نہیں، آج اُن کے شبہات رفع ہو گئے ہیں، جہاں تردد تھا، وہاں اب یقین ہے، جو اُردو جامعہ کے نام پر ہنستے تھے اب وہ متعجب ہیں، یہ لوگ اتنا نہ سمجھتے تھے کہ شاہوں کی سرپرستی اور خادمان علم کا ایثار ناممکن کو ممکن بنا دیتا ہے!!

اس سال پہلی مرتبہ ہماری جامعہ نے تقسیم اسناد فضیلت (Convocation) کے لئے ایک جلسہ منعقد کیا۔ عالی جناب نواب ولی الدولہ بہادر امیر جامعہ (Chancellor) نے اپنا فاضلانہ خطبۂ صدارت پڑھا، ہم اس خطبہ کو بجنسہ نقل کر رہے ہیں، جو ناواقف ہیں اُن کو اس خطبہ سے جامعہ عثمانیہ کی اصلی اہمیت کا اندازہ ہوگا، جو اس مادر علمی (Alma mater) کی خدمت کر رہے ہیں یا اُس کی آغوش میں پل رہے ہیں، اُن کے دل میں اِس خطبہ کو پڑھ کر فرحت و انبساط کی لہریں دوڑیں گی، ہمیں امید ہے کہ ہماری جامعہ کے طلبا جناب نواب امیر جامعہ کی قیمتی نصیحتوں کو گوش ہوش سے سنیں گے، جو اِن انمول موتیوں کو اپنے ذہن کے خزانہ میں محفوظ رکھے گا، علم کی دولت سے مالا مال ہوگا—

نواب عماد الملک بہادر کے نام سے کون واقف نہیں ہے، آپ کی علم پروری اور خدمت عام، آپ کی اعلیٰ سیرت، پورے ہندوستان میں آفتاب کی طرح روشن ہے، جامعۂ عثمانیہ خصوصیت کے ساتھ آپ کی مساعی جمیلہ کی ممنون منت ہے، اس سال آپ نے اپنی عمر کا ۸۳ واں سال ختم کیا ہے، اس سے زیادہ کسی ملک کی اور کیا خوش نصیبی ہوسکتی ہے کہ اُس کے سچے فرزند درازی عمر کی نعمت سے بھی مالا مال ہوں۔ جامعۂ عثمانیہ نے آپ کی خدمات کے اعتراف کے طور پر ایل۔ ایل۔ ڈی کی سند آپ کی خدمت میں پیش کی ہے، ہم اس دہری مسرت کے موقع پر اپنے کلیہ کی طرف سے نواب صاحب موصوف کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ ہمارے کالج پر آپ کے احسانات بہت زیادہ ہیں، وہ ہمیشہ آپ کی سرپرستی پر فخر کرے گا، ہماری آنے والی نسلیں استحسان اور ممنونیت کے ان جذبات کو لیں گی اور دوسرے آنے والوں تک پہنچائیں گی، رسالہ اُردو نے آپ کی تفصیلی سوانح حیات شایع کی ہے۔ ہماری دعا ہے کہ ابھی آپ برسوں تک اسی طرح صحیح و سلامت رہیں اور اپنے لگائے ہوئے نونہالوں کو پروان چڑھتا دیکھیں —

تاریخ کی تعلیم کا مدعا کیا ہے؟

(مولوی سید ہاشمی صاحب رکن شعبۂ تالیف و ترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی جشن "یوم کلیہ" اورنگ آباد میں شریک ہونے کے لئے حیدرآباد سے تشریف لائے تھے - مگر خالی ہاتھ نہیں آئے تھے، ہمارے لئے اپنے ساتھ ایک تحفہ بھی لائے تھے - یہ مضمون جو انہوں نے جلسہ میں پڑھا، مدتوں کے غور اور فکر کا نتیجہ ہے اور طلبہ اور اساتذہ دونوں کے لئے نہایت مفید ہے - اُمید ہے کہ ہمارے طالب علم اور پروفیسر اسے غور سے مطالعہ کریں گے - اڈیٹر)

ایسی تاریخ کا جو ہماری حالت حاضرہ پر کوئی اثر نہیں رکھتی، مطالعہ کرنا بیکار ہے - گزرے ہوے واقعات کا ایسا بیان جس کا ہمارے حال و مستقبل سے کوئی صریحی تعلق نہیں، اُس کی مدرسوں میں تعلیم دینی، بچوں کا وقت ضایع کرنا ہے - عقل مند ماں بچے کو بزرگوں کے ایسے قصے سناتی ہے جن میں فیاضی اور بہادری، نیکی اور شرافت کے کارنامے مذکور ہوں اور انہیں سن کر از خود بچے کے دل میں اچھے کام کرنے کا شوق اور اچھی خصلتوں کی قدر پیدا ہو جائے - مگر نا سمجھ عورتیں بچوں کو دیو

پری کے لایعنی افسانے سناتی ہیں۔ یہ کہانیاں بھی اگر دلچسپ اور تعجب انگیز ہوں تو فائدے سے خالی نہیں، لیکن اُن سے صرف تخیل تیز ہوتا ہے، تعقل کی تربیت نہیں ہوتی اور وہ عملی زندگی میں کچھ کام نہیں آتیں۔ گذشتہ زمانہ کی تاریخ، موجودہ حال سے بے تعلق ہو کے لکھی جاے تو ظاہر ہے کہ وہ ان کہانیوں کے برابر دلچسپ بھی نہ ہوئی اور اُس کے پڑھنے سے عملی زندگی میں بھی کوئی فایدہ حاصل نہ ہوگا —

یہ نسل جو اس وقت ملک میں آباد ہے، اس کے تمدن، عادات و رسوم، اخلاق و آرا، اس کی جسمانی صحت اور دماغی حالت، اس کی آرزوئیں اور اس کے مقاصد —— ان میں سے بہت سی چیزوں کی ابتدا آج سے سالہا سال بلکہ صدیوں پہلے ہوئی تھی۔ اگر تاریخ لکھنے یا پڑھانے والا اس کُھلی ہوئی حقیقت کو پیش نظر نہیں رکھتا تو کہنا چاہئے کہ وہ انسانوں اور پتھروں میں کوئی فرق نہیں کرتا۔ وہ قوم کی بجاے کسی بے جان پہاڑی کی سرگزشت سنا رہا ہے —

اگر عربی تاریخوں سے قطع نظر کیجے تو ہمارے مشرقی ملکوں کی جو تاریخیں گزشتہ چھ سات سو برس میں لکھی گئی ہیں وہ اہل قلم نے زیادہ تر سلاطین و اُمرا کو خوش کرنے کے واسطے لکھی تھیں۔ ان کے واقعات اکثر صحیح اور بعض اجزا بہت دلچسپ اور سبق آموز ہیں۔ بایں ہمہ یہ تاریخیں انہی بادشاہوں کی رزم بزم کے

افسانے سناتی ھیں - عام لوگوں سے یا لوگوں کے عام حالات سے اُن میں بہت کم بحث کی جاتی ھے اور ضمناً کی بھی جاتی ھے تو وہ تشنہ اور بعض اوقات غلط فہمی پیدا کرنے والی ھوتی ھے - یہی حال مدتوں ممالک یورپ کی تاریخ کا رھا - بلکہ دور جدید یعنی اٹھارویں اور اُنیسویں صدی میں بھی وھاں جو تاریخیں تالیف ھوئیں، ان میں بادشاھوں کے نہیں، تو صرف حکومتوں کے وقائع اور سیاسی حالات تحریر ھیں اور یہ بات اب تک ضرب المثل کے طور پر کہی جاتی ھے کہ گزشتہ عہد کے سیاسی واقعات ھمارے زمانہ کی تاریخ ھیں —

تاریخ کے اس طرح خالص سیاسی مضمون بن جانے کا بڑا سبب یہ ھے کہ پچھلی تین صدی کے اندر یورپ میں عظیم الشان سیاسی انقلابات بپا ھوے ھیں - یہی زمانہ ھے جس میں وھاں حسب نسب کے بے جا حقوق و امتیازات مٹائے گئے - استبدادی اور شخصی حکومت کا زور ٹوٹا اور طویل کشاکش اور سخت کشت و خون کے بعد عام لوگوں کو ملکی معاملات میں حصہ لینے کا حق ملا اور نیابتی یا دستوری حکومت قائم ھوئی - اھل یورپ کو بجا طور پر اپنے اسلاف کی اس کامیابی کا فخر ھے اور ان کا ھر مصنف اس سیاسی انقلاب کی جزئیات تک کو بڑے ذوق شوق کے ساتھہ بیان کرنا چاھتا ھے - یہی وجہ ھے کہ ممالک یورپ میں فن تاریخ کی اکثر مشہور و مقبول تصانیف سیاسی اور آئینی بحثوں سے لبریز نظر آتی ھیں —

لیکن ہم اگر اپنے ملک کی تاریخ میں صرف سیاسی یا حکومتوں کے حالات تحریر کریں گے تو وہ فقط بادشاہوں کی حرص و ہوس، غصب و تغلب اور جنگ و جدال کی ایک بے لطف روے داد بن جاے گی - بے شبہ ہمارے ہاں جب کسی فرماں روا کی ظلم و تعدی حد سے بڑھی تو گویا قدرت کی طرف سے اس کی سرکوبی کے سامان پیدا ہو گئے اور کسی باغی امیر یا سلطنت کے مدعی نے اسے نکال باہر کیا - لیکن حقوق عوام اور ان کی جد و جہد کا ہماری تاریخ میں کوئی عنوان نہیں ہے - پس ہم تاریخ کو صرف سیاسی واقعات تک محدود رکھیں گے تو اس کی تعلیم بالکل غیر دلچسپ اور غیر مفید ہو کر رہ جاے گی - اگر ہمیں اپنے طلبہ کو فقط یہ سبق دینا منظور ہے کہ تغلق و اکبر نے کون کون سے ملک چھینے، شاہجہاں نے کن حریفوں کو زیر کیا، اور مرہٹوں نے کہاں کہاں غارت گری کی اور حیدر علی نے کس طرح سلطنت پر غاصبانہ قبضہ جمایا، تو کچھ ہرج نہیں ہے کہ ہندوستان کی تاریخ کو مدرسوں کے نصاب سے خارج کر دیا جاے اور اس کی بجاے ہمارے طالب علم لوگوں کے سیاسی حقوق اور آئینی حکومت حاصل کرنے کی داستان یورپ کی تاریخوں میں مطالعہ کریں —— لیکن گو قوم کی خوش حالی اور نشو و نما اور مادی اور اخلاقی حالت کا بہت کچھ مدار اہل حکومت اور طرز حکمرانی پر ہے، اور اس کے احوال اور رد و بدل کا تذکرہ ناگزیر ہے، تاہم تاریخ کو سیاسیات و ملوکیات میں مقید کر دینا

کوئی لازمی بات اور فرض نہیں ہے - بلکہ سچ یہ ہے کہ اس کی تدوین اور تعلیم میں وسعت نظر سے کام لیا جائے تو تاریخ ترقی تمدن کی رہنما اور اخلاق کی بڑی مصلح بن سکتی ہے اور قوموں کو آسودگی اور خوش دلی سے زندگی بسر کرنے کا ایسا دل نشین سبق سکھا سکتی ہے جو اور کسی علم یا فن کی تعلیم سے ممکن نہیں —

یہ بات اب تاریخ کا ہر استاد جانتا ہے کہ قوموں کی زندگی پر بڑا اثر قدرتی کا اسباب ہوتا ہے - کسی ملک کے تمدن و معاشرت اور خود طرز حکومت اور اساسی حالات، وہاں کے جغرافئے سے وابستہ ہیں - یعنی ملک کی آب و ہوا، دریا پہاڑوں اور میدانوں کی نوعیت، اس کا ساحلی یا بری ہونا وغیرہ وغیرہ قدرتی اسباب وہاں کے باشندوں کو تمدن کے خاص خاص راستوں پر لے چلتے ہیں - مگر جس نکتے پر اہل تاریخ نے ابھی تک ظاہرا کافی توجہ نہیں فرمائی وہ یہ ہے کہ جس طرح قوموں پر فطرت کے خارجی قوانین کا اثر ہے اسی طرح انسانی تمدن اور قومی ثروت و آسودگی کے بھی قدرتی قوانین ہیں اور ان کا عمل بھی ایسا ہی یقینی اور ناگزیر ہوتا ہے جیسا کہ گرمی سردی یا باد و باراں کے طبیعی عوامل کا - قومی دولت کی کمی بیشی کے متعلق اس زمانے میں علم کی ایک مستقل شاخ اقتصادیات یا معاشیات کے نام سے مدون ہوگئی ہے لیکن ابھی تک تاریخوں میں اقتصادی مسائل پر کافی زور نہیں دیا جاتا - حالانکہ کسی قوم کا موجودہ افلاس، صریحاً

اس کی گزشتہ اقتصادی حالت کا نتیجہ ہے۔ رہے تمدنی قوانین، تو بے شبہ یہ قوانین، اقتصادی اور طبیعی قوانین کی نسبت کہیں زیادہ پیچیدہ اور دیر اثر ہوتے ہیں اور عقل انسانی ان کا صحیح تعین کرنے سے عاجز نظر آتی ہے۔ بایں ہمہ ان کے وجود اور عمل سے کسی صاحب خرد کو انکار نہیں ہوسکتا۔ مثال کے طور پر جس قوم میں راست بازی اور معاملے کی سچائی نہیں ہے اس کی تجارت اور آسودہ حالی میں زوال آنا یقینی ہے۔ یا جس قوم کے اسلاف نے عیش و تن آسانی میں زندگی گزاری ہے، پیشین گوئی کی جاسکتی ہے کہ اس کی اولاد و اخلاف سے رفتہ رفتہ محنت و جفا کشی کی صلاحیت مفقود ہوجائے گی۔ میں نے یہاں تفصیل میں پڑنے سے عمداً پہلوتہی کی ہے ورنہ تمدن کے ان قوانین کے اندر معاشرت اور باہمی معاملت یعنی وراثت، ازدواج، لین دین، غرض اجتماعی زندگی کی جملہ ضروریات داخل ہیں۔ تمدن کے ان قدرتی اور اخلاقی قوانین کی صحیح حدود بتانا تاریخ کا کام نہیں ہے مگر تحقیق و احتیاط کے ساتھ قوموں کی سرگزشت میں ان قوانین کے عمل اور اثر کا سراغ لگانا، ابنائے وطن کی سب سے بڑی خدمت ہے جو تاریخ کے معلم کو انجام دینی چاہئے —

ظاہر ہے کہ اس قسم کی تاریخ محض ہماری نام نہاد تاریخی ماخذوں سے مرتب نہیں ہوسکتی۔ ایسی تاریخ کے لئے استاد یا مورخ کو خواہ مخواہ متعلقہ عہد کی ہر قسم

کی تصنیفات اور آثار اور چھوٹی بڑی ہر طرح کی یادگاروں سے جس قدر ممکن ہو وسیع واقفیت بہم پہنچانی پڑے گی تاکہ وہ پہلے اپنے ذہن میں اور پھر طلبا کے تصور میں اس زمانے کے لوگوں کی، ان کی معاشرت اُن کے خیالات اُن کے اخلاق کی اور اُن کی غلط روی اور نقصانات کی واضح تصویر کھینچ دے۔ اور اُس تمام کوشش کی کامیابی جیسا کہ میں نے مضمون کے آغاز میں اشارہ کیا اس بات پر منحصر ہوگی کہ طالب علم جس عہد کی تاریخ پڑھ رہا ہے اس عہد کو خود اپنی زندگی کا ایک گزرا ہوا زمانہ سمجھنے لگے۔ پھر، جس طرح جوانی کے تجربے یا ناتجربہ کاری اور نادانی سن کہولت میں غلطیوں کے نقصان اور صدمے یاد دلا کر ہمیں دانائی سکھاتی ہے اسی طرح موجودہ نسل اپنے اسلاف کی لغزشوں اور کوتاہیوں کے اثرات کا خود اپنے احوال میں معاینہ کرے گی اور اس کی تلافی پر آمادہ ہوگی اور کوشش کرے گی کہ قوم کی آیندہ زندگی کے لئے ایک بہتر و خوبتر تمدن کا راستہ تیار کر جاے —

مختصر طور پر، خاکسار کے نزدیک تاریخ کے پڑھنے کی غرض یہ ہے اور اسی مدعا کو پیش نظر رکھ کر تاریخ کی تعلیم ہونی چاہئے —

خطبہ

عالیجناب نواب والی الدولہ بہادر امیر جامعہ
بتقریب جلسہ تقسیم اسناد فضیلت
سنہ ۱۳۴۴ ھجری - سنہ ۱۳۳۴ ف - سنہ ۱۹۲۵ ع

رفقاے جامعہ و معززین

آج کی تقریب مسرت میں بحیثیت امیر جامعہ آپ صاحبان کا خیر مقدم میرے لئے موجب نازش و انبساط ھے - اس میں کچھہ کلام نہیں کہ آج کا دن تاریخی اور یادگار دن ھے - یہ محض تقسیم اسناد ھی کی تقریب نہیں ھے بلکہ یہ اُس مبارک سعی کی بارآوری کا یوم سعید ھے، جس کی طرف ھم سب کی آنکھیں لگی ھوئی تھیں اور جس کی بنا آٹھہ سال پہلے ھمارے آقاے نامدار اور علم و ھنر کے مربی اعلیٰ حضرت شہریار دکن خلد اللہ ملکہ، و سلطنتہ، نے رکھی تھی، اور اپنی فراست و دور اندیشی اور روشن خیالی اور بلند حوصلگی کا ایسا کرشمہ اھل بصیرت کو دکھایا تھا جس کی نظیریں تاریخ کے اوراق میں بہت کم ملتی ھیں —

اس جامعہ کی تاسیس ممالک ھند کی تاریخ تعلیم

میں ایک بالکل جدید اور پر اُمید باب کا اضافہ ہے۔ گزشتہ نصف صدی سے تمام ہندوستان میں ہر قسم کے علم و فن کی اعلیٰ تعلیم کا جو اُصول نافذ اور مسلم ہے اس کے خلاف یک لخت ایک نئے اُصول کا اختیار کرنا، یعنی انگریزی زبان کی بجائے ایک دیسی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانا بڑی جرأت و ہمت کا کام تھا۔ اکثر اہل الرائے اور ماہران تعلیم اس جدت و اجتہاد پر متردد تھے اور انہیں اس تجربے کی کامیابی کے متعلق بہت کچھ شبہ تھا۔ جن صاحبوں نے اعلیٰ تعلیم اور طریق تعلیم کی داستان پڑھی ہے اُن سے یہ نکتہ مخفی نہ ہوگا کہ دنیا کے ہر ملک میں جہاں تہذیب و تمدن کا قدم آیا وہاں انسانی علم کے خاص معارف و اسرار سے آگاہی حاصل کرنے کے لئے کسی نہ کسی غیر زبان کا رہین منت ہونا پڑا۔ ازمنۂ وسطیٰ میں یورپ کی درسی زبان لاطینی تھی اور نہ صرف لاطینی بلکہ "پیڈوا"۔ "بولونا" اور "پیرس" و "روما" کے شہرۂ آفاق علمی جامعات میں خود ہماری مقدس زبان عربی کا تسلط تھا۔ انگلستان میں جب اعلیٰ تعلیم کا دور آیا تو وہاں بھی یہی ہوا اور بڑے بڑے علمی مرکزوں میں لاطینی ایسی ہی لازمی تھی جیسے ہمارے ملک میں اس وقت انگریزی زبان ہے۔ اس لئے کہ لاطینی کی واقفیت کے بغیر علم و فن کے کسی شعبہ میں قدم بڑھانا غیر ممکن تھا —

لیکن حضرات! غیر زبانوں کے ذریعہ سے علم کی تحصیل کیسی ہی مفید اور ناگزیر کیوں نہ مانی جائے، یہ سلسلہ

غیر محدود زمانہ تک قایم نہیں رہ سکتا - اقوام کی زندگی میں ایک ایسا وقت آتا ہے جب کہ علم کا شوق اور تشنگی اُن کو بیتاب کر دیتی ہے اور یہ جوش اس قدر عام اور موج زن ہو جاتا ہے کہ نہ اُس سے اغماض ہو سکتا ہے اور نہ غیر زبان کی محدود وساطت اسے سیراب کر سکتی ہے - یہی اسباب تھے کہ یورپ کے ملکوں میں لاطینی کے بجاے ملکی السنہ کو اختیار کرنا ضروری ہوا - گویا وہ دیواریں جنہوں نے حصول تعلیم کے راستے کو تنگ گھاٹی بنا رکھا تھا، توڑ کے فراخ و کشادہ شارع عام تیار کی گئی اور اس کے ساتھ ہی علوم و فنون کے قصر پر یورش ہوئی اور اس پر اسرار لاطینی حصار کے دروازے کُھل گئے - اس میں مطلق شبہ نہیں کہ ملکی زبان میں اعلی تعلیم دینا بجاے خود ملکی فلاح و ترقی کی دلیل اور اہل ملک کی روشن خیالی اور ہمت کا ثبوت ہے - اطالیہ، فرانس، انگلستان سب جگہ یہی عمل ہوا اور باہر کی علمی زبان کی جگہ قوم کی مروجہ زبان ذریعہ تعلیم قرار پائی - قریب زمانہ میں اسی قسم کا انقلاب ملک جاپان میں واقع ہوا - یہ دیکھکر کہ خود ہمارے عزیز وطن میں دیسی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کے متعلق جو شبہات اور اندیشے تھے وہ کلیتاً زائل اور نابود ہو گئے، مجھے الفاظ نہیں ملتے کہ اپنے دلی فخر و مسرت کا اظہار کروں —

حضرات! ہمارا تجربہ کامیاب ہوا - ہمارے روشن ضمیر فرمانروا (خلدالله ملکه و سلطنته) نے انتہائی لطف

و رم اور کمال رعایا پروری سے جس حقیر تخم کی آبیاری فرمائی تھی وہ آج ایک تناور درخت کی صورت میں آپ کے سامنے ہے - یہی نہیں کہ ہمارے تجربہ کے سرسبز و کامیاب ہونے میں کسی کو شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہی، بلکہ میں ہندوستان کے دوسرے حصوں میں بھی اسی آواز کی گونج سنتا ہوں جو چند سال پہلے بلدۂ فرخندہ بنیاد حیدرآباد میں بلند ہوئی اور محض "صدا بصحرا" سمجھی جاتی تھی - اب وہ رفتہ رفتہ اس اصول کی طرف مائل ہو رہے ہیں اور کچھہ عجب نہیں کہ آئندہ چند سال میں ہم برطانوی ہند کی اعلی درسگاہوں کو جامعہ عثمانیہ کے نقش قدم پر گام فرسائی کرتا ہوا پائیں —

یہ امر بلا شبہ موجب مسرت ہے کہ جامعہ کی عام تعلیم اور اُس کے مختلف شعبوں کی حالت نہایت قابل اطمینان ہے - لیکن جامعہ عثمانیہ کو حقیقی جامعہ بنانے کے لئے ہمیں ابھی بہت کچھہ کرنا ہے - ہمیں فارغ التحصیل طلبہ کے واسطے بہتر سے بہتر ماہرانہ اور محققانہ تعلیم و رہنمائی کا انتظام اعلی پیمانہ پر کرنا ہوگا اور مجتہدانہ تحقیقات اور اکتشافات کے لئے جدید سے جدید سامان مہیا کرنا ہونگے - اگرچہ ان چیزوں کا کچھہ کچھہ آغاز ہو چکا ہے اور دوسرے علوم کے ساتھہ طب اور انجنیری جیسے فنون کی تعلیم کا بھی انتظام ہو رہا ہے اور ان کی توسیع کی فکر کی جا رہی ہے، تاہم ہماری جامعہ عثمانیہ بالکل

ابتدائی اور گویا طفولیت کی حالت میں ہے۔ جب تک ہم اعلیٰ تعلیم و تحقیقات کا سر انجام کرنا اپنا مطمح نظر نہ بنائیں گے اس وقت تک علمی دنیا ہماری سعی کی کچھہ بہت قدر و منزلت کرنے پر آمادہ نہ ہو گی۔ علوم میں بھی جن شعبوں کی محققانہ تعلیم کی طرف توجہ کرنا جامعہ عثمانیہ کا سب سے مقدم فرض ہے، وہ ہمارے قدیم علوم کے ساتھہ ساتھہ جدید علوم طبیعی ہیں، جو ہماری دماغی اصلاح کے ساتھہ ہماری معاشرت کی بھی اصلاح کریں گے، جو ہمارے ملک میں دولت و ثروت کا دریا بہا دیں گے اور ہماری سر زمین کو لہلہاتی کھیتیوں اور ہمارے بازاروں کو حرفت و دستکاری کی صناعیوں سے مالا مال کر دیں گے۔ ان علوم کے سمجھنے اور سمجھانے سے نہ صرف ہماری قوم بلکہ درحقیقت نوع انسان کا ذہنی اور خارجی ارتقا وابستہ ہے۔ اس لئے ہم سب کا فرض ہے کہ جامعہ عثمانیہ کی عظمت و شان بڑھانے میں تا مقدور کوشش کریں۔ اب تک اشاعت علوم کے لئے یہاں جو کچھہ ہوا اور ہو رہا ہے وہ سب اعلیٰ حضرت و اقدس خسرو دکن (خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ) کے دست کرم کا مرہون احسان ہے اور یہی سبب تھا کہ جامعہ عثمانیہ کی جانب سے سب سے پہلا اور سب سے اعلیٰ خطاب فضیلت، اعنی "سلطان العلوم" کمال شکرگزاری اور انتہائی عقیدت و ارادت کے ساتھہ اپنے سرپرست و مربی کے حضور میں پیش کیا گیا—

حضرات! یہ ایک مشہور قول چلا آرہا ہے کہ مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب، اور دونوں کا ملنا محال ہے۔ لیکن اب حالت عالم دگرگوں ہے، واقعات نے ایک دوسرا پلٹا کھایا ہے، نئے انقلاب زندگی کے ہر شعبے میں بپا ہو رہے ہیں اور ہمیں اپنے مسلمات اور اصول میں جدید تبدیلیاں کرنی پڑی ہیں اور اب اس قول کی صحت میں بھی قوی شبہ پیدا ہوگیا ہے۔ اہل مشرق خوب جان گئے ہیں کہ ہمیں کن چیزوں میں اہل مغرب کی احتیاج ہے اور اہل مغرب بھی اب سمجھنے لگے ہیں کہ ہمیں مشرق سے کیا سیکھنا چاہئے۔ آپس کی کمی پورا کرنے کے لئے ان دونوں کا ملنا لازم ہے اور ان دونوں کے اتحاد میں دنیا کا امن اور نجات ہے۔ کیا تعجب ہے کہ مشرق و مغرب کا یہ سنگم موسیٰ ندی کے کنارے اِسی جامعہ عثمانیہ میں ہو جس نے مشرق و مغرب کے علوم و معلومات اور تہذیب و تمدن کو ایک جا جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور جس کی تکمیل میں سب سے زیادہ حصہ یہاں کے فاضل اساتذہ اور ہونہار طلبہ کا ہوگا —

حضرات! میں آپ کا زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا۔ ہمارے جلسہ کا خاص مقصد اسناد فضیلت کی تقسیم ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے جو نام میں لیتا ہوں، وہ جامع علوم مشرقی و مغربی نواب عمادالملک بہادر کا اسم گرامی ہے، جنہیں میں قلبی مسرت کے ساتھ جامعہ عثمانیہ کی طرف سے "ایل-ایل-ڈی" کے خطاب کی اعزازی سند

دیتا ہوں۔اس نامور فاضل اور دیرینہ سال ماہر تعلیم سے آپ کا تعارت کرانا تحصیل حاصل ہے کہ اس بزرگ کے اوصاف اور کارناموں سے ملک کا ہر باخبر شخص آگاہ ہے اور یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ اس ریاست میں تعلیم جدید کی ساخت و پرداخت بہت کچھہ صاحب موصوف ہی کے ہاتھوں ہوئی جو تیس برس تک ناظم تعلیمات سرکار عالی کے فرایض ادا کرتے رہے۔آج جب کہ ہم اپنے ملک میں جدید تعلیم کے فروغ و ارتقا کا مشاہدہ اس جلسہ تقسیم اسناد میں کر رہے ہیں، عین مناسب ہے کہ مذکورۂ بالا ڈگری کے پیرایہ میں ہم نواب عمادالملک کی تراسویں سال گرہ منائیں—

اب اے فارغ التحصیل نوجوان طالب علمو! میں تمہیں علمی سند کے حاصل کرنے پر مبارک باد دیتا ہوں کہ یہ سند تمہاری طویل محنت اور عرق ریزی اور ذہانت و ہوشمندی کا انعام ہے—

برطانوی عساکر میں زمانہ قدیم سے یہ رسم عزیز جاری ہے کہ اُس فوجی جمعیت کا نشان سب سے کم عمر افسر کے تفویض کیا جاتا ہے جس میں وہ داخل ہوا ہے۔تاکہ وہ اس کی عزت کو نگاہ رکھے اور اپنی شجاعت و مردانگی سے اعلیٰ مدارج پر پہنچے۔تم بھی ایک علمی جمعیت کے سب سے کم عمر سپاہی ہو۔اس کی عزت تمہارے ہاتھہ میں دی جاتی ہے۔جس طرح اس فوجی نوجوان کی شجاعت و مردانگی پوری جمعیت کے لئے باعث فخر و نام آوری

ہوتی ہے، خدا کرے کہ علم و فن کی دنیا میں تمہاری سرگرمیاں بھی تمہاری جامعہ کا نام روشن اور تاب ناک کردیں—

مگر یاد رکھنا کہ اپنی زندگی علم کی خالص طلب میں وقف کرنا کچھ آسان کام نہیں ہے۔ جس قدر تم زیادہ غور اور مطالعہ کروگے اسی قدر تمہیں یہ معلوم ہوگا کہ نفیس ترین جواہر افکار اسی طرح وجود میں آتے ہیں جس طرح فطرت بے شمار عناصر صرف کرکے ایک پارۂ الماس تیار کرتی ہے۔ وہ نئے خیالات جو تم دنیا کے نامور حکما اور فضلا کی تحقیقاتوں کے مطالعہ کے بعد اپنی جان کاہی اور تحقیق سے پیدا کروگے وہ تمہاری مادر علمی یعنی جامعۂ عثمانیہ کے تاج فضیلت کے سچے موتی ہوں گے۔ اہل علم کے وارث اُن کی اولاد نہیں بلکہ رشید شاگرد ہوتے ہیں۔ اس لئے تم بھی سعادت مند طالب علموں کی طرح کامل جد و جہد اور سعی سے علمی سرمایہ جمع کرو اور جاتے وقت یہ اِرث اُن جانشینوں کے لئے چھوڑتے جاو جو تمہارے بعد جامعۂ میں آئیں گے تاکہ تمہارے کام سے انہیں فخر اور تمہارے نام سے انہیں مسرت ہو۔ تم میں سے ہر شخص جامعۂ عثمانیہ کا سفیر ہے اور تمہارا فرض ہے کہ اس پیام کو ملک کے ہر حصے میں پہنچاو اور نور علم سے تاریک ترین کونوں میں اُجالا کردو۔ جامعہ کی عزت تمہارے ہاتھ ہے۔ لوگ تمہیں دیکھ کر جامعہ کے حسن و قبح کا اندازہ کریں گے۔ اس لئے تم عالی ظرفی، رواداری

خوش اطواری اور ملک کی محبت همیشه پیش نظر رکھو
که یہی تمہارا اصل امتحان اور یہی تمہارے علم و اخلاق
کی کسوٹی ھے-اس بات کو کبھی نہ بھولنا که ابنائے وطن
افسوس ناک جہل اور اوھام میں گرفتار ھیں اور جہالت،
افلاس اور تمام بد اخلاقیوں کی جڑ ھے-اب اس تربیت
گاہ سے جس نے تمہیں مادر مشفقه کی طرح پالا ھے، یه مشعل
ھدایت لے کر جاؤ اور جب تک زندہ رھو ملک سے جہالت
اور اوھام کی ظلمت کو زائل کرنے میں سعی کرتے رھو که
اس سے بڑھکر ملک کے حق میں کوئی کار خیر نہیں ھوسکتا—

حاضرین:—

اب آپ میرے ساتھ دست بدعا ھوں که خداوند عالم
ھمارے آقاے نامدار کا سایۂ عاطفت ھمارے سروں پر
تادیر قائم رکھے—



بھٹکی ہوئی نیکی

از

(جناب مولوی شبیر حسن صاحب جوش ملیح آبادی
رکن دارالترجمہ حیدرآباد دکن)

(حضرت جوش نے "یوم کلیہ" میں شرکت کے لئے خاص طور پر زحمت فرمائی تھی اور حیدرآباد سے اپنے ساتھ کالج کے لئے ایک ہرا بھرا گلدستہ بھی لائے تھے۔ یہ فلسفیانہ اور پاکیزہ نظم انہوں نے بھرے جلسہ میں پڑھی اور حاضرین نے اُن پر داد و تحسین کے پھول برسائے۔ نظم کا مضمون اور طرز بیان دونوں بے نظیر ہیں۔ یہ اُن نظموں میں سے ہے جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُردو شاعری میں ایک نیا رنگ پیدا ہو رہا ہے۔ اڈیٹر)

ہر شے کو مسلسل جنبش ہے، راحت کا جہاں میں نام نہیں
اس عالم سعی و کاوش میں دم بھر بھی ہمیں آرام نہیں

چھائی ہے فضا پر تشنہ لبی، مفقود یہاں سیرابی ہے
ہر جسم میں اک بے چینی ہے، ہر روح میں اک بے تابی ہے

اِس بزم عمل کا ہر ذرہ بے چینیوں کے انبوہ میں ہے
اک رعشۂ پیہم کاہ میں ہے، اک لرزش پنہاں کوہ میں ہے

ھستی کی سماعت مضطر ھے، عشرت کے ترانے سن نے کو
ھر نقص کا دامن پھیلا ھے، تکمیل کی کلیاں چن نے کو
طوفان ھے قلب پستی میں کیا بام فلک پر چڑھنے کا
اک رو ھے ترقی کرنے کی، اک جوش ھے آگے بڑھنے کا
ھر موم کو دھن ھے شمع بنے، مضطر ھے پگھل جانے کے لئے
ھر سنگ کا سینہ جلتا ھے پارس میں بدل جانے کے لئے
انگاروں پہ شعلے اوٹتے ھیں، بجلی پہ تفوق پانے کو
چنگاریاں مرغ بسمل ھیں، تاروں کی جگہ کھل جانے کو
بے چین بگولا رقصاں ھے آندھی پہ شرف پانے کے لئے
جو موج ھے پیچ و تاب میں ھے، دھارے سے اُلجھ جانے کے لئے
ھر قطرۂ دریا غلطاں ھے موتی پہ تساط پانے کو
ھر ذرۂ خاکی اُڑتا ھے خورشید سے ٹکر کھانے کو
ھر دل میں خلش ھے پھولوں سے اُمید کا دامن بھرنے کی
ھر شے کی تڑپتی فطرت میں خواھش ھے، ترقی کرنے کی

———: o :———

(۲)

فطرت کی ندا ھے یہ خواھش، ھمت جو دلوں میں بھرتی ھے
انساں کو بلندی کی جانب ھر وقت پکارا کرتی ھے
ھر قلب میں یوں ھی یہ جذبہ رفعت کی تمنا بھرتا ھے
جس طرح زمیں کا زور کشش اجسام کو کھینچا کرتا ھے
خواھش ھی تقاضا کرتی ھے، ھستی کی مہم سر کرنے کا
خواھش ھی اشارہ کرتی ھے دنیا کو مسخر کرنے کا

———: o :———

(۳)

ہر چند یہ "خواہش" نادر ہے، لیکن یہ عجب نظارہ ہے
یہ حور بہشتی دنیا میں بے عقل سلیم آوارہ ہے
گو عقل کا استدلال غلط، تدبیر کو اُلجھا دیتا ہے
ہر حال میں لیکن "خواہش" اک شفاف درخشاں دریا ہے
اُس وقت بھی جب عصیاں کی بدولت دل میں کثافت رہتی ہے
انساں کے سینے میں "خواہش" لبریز لطافت رہتی ہے

———: o :———

(۴)

وہ چور، جو شب کے پردے میں سرقے کی غرض سے آتا ہے
جی کھول کے جو بے رحمی سے اسباب اُٹھا لے جاتا ہے
ایک ایسی ہی خواہش اُس کو بھی چوری کے لئے اُکساتی ہے
جس طرح کی "خواہش" نورانی دیوتاؤں میں پائی جاتی ہے
سارق بھی فرشتوں ہی کی طرح تسکین دلی کا جویا ہے
سارق نے مگر نادانی میں تسکین کا رستہ کھویا ہے
رہبر ہو کہ رہزن، دونوں میں تسکین کی خواہش یکساں ہے
قسمت سے وہ سیدھی راہ پہ ہے، یہ راہ بھٹک کر حیراں ہے
عارف نے یہ سمجھا یکسوئی اشکوں کو گرا کر ملتی ہے
قاتل نے یہ سمجھا انساں کا وہ خون بہا کر ملتی ہے
صوفی نے یہ سمجھا وہ دل کے پیمانے میں مل جائے گی
میکش کی سمجھ میں یہ آیا میخانے میں مل جائے گی

پس ذوق طرب میں جو انساں رہتا ہے سدا میخانوں میں
ہے اصل میں وہ بھی دنیا کے معصوم ترین انسانوں میں

———: o :———

(۵)

جال اُس پہ نہ ڈال اے صید فگن! وہ بام حرم کا طائر ہے
آیا ہے بھٹک کر دیر میں جو، گمراہ نہیں ہے، زایر ہے
جتنے بھی زمیں پر مجرم ہیں "خواہش" ہی کے زیر فرماں ہیں
ہر جرم سیہ کے محضر پر "خواہش" ہی کی مہریں تاباں ہیں
المختصر اِن تشریحوں سے ہم پر یہ حقیقت کُھلتی ہے
کہتے ہیں جسے دنیا میں "بدی" بھٹکی ہوئی وہ اک نیکی ہے



من کی موج

(سمندر اور دریا کی موجوں کے اتار چڑھاؤ کو تو انسان کی عقل " قانون " اور " نظام " کی تحت میں لے آئی ھے لیکن " من کی موج " کے لئے اب تک قاعدے قانون نہیں بنائے گئے ' اس کے مد و جزر کی زد میں آکر انسان ایک دوسری ھی دنیا میں پہونچ جاتا ھے - عقل اور ذھن کے پتلے اس دنیا کی نیرنگ نمائیوں کو " خیال کا کرشمہ " کہکر ٹال دیتے ھیں ' لیکن عملی حیثیت سے اس کی اھمیت " اظہار خیال " کے اور سب طریقوں سے کہیں زیادہ ھے - تہ کی باتوں کو اوپر لانے والی اور انسان کے چھپے ھوے خیالات اور گنوں کو ظاھر کرنے والی یہی چیز ھے ' ھمیں امید ھے کہ " نورس " کے ناظرین " من - موجی " کی باتوں کو گوش ھوش سے سنیں گے - " من - موجی " کا پردہ غالباً اس وجہ سے ھے کہ عقل و ھوش کی ذمہ داریوں سے نجات ملے ' سرسری طور پر پڑھو تو اسے دلچسپ پاؤگے ' دل لگا کر سنو تو یہی باتیں سبق آموز ھوں گی ' خیالات کو شہ دیں گی ' ھمیں امید ھے کہ ھمارے من - موجی دوست اس قسم کی " تھکانے کی باتیں " آئندہ بھی سنائیں گے - اڈیٹر)

کل میرے ایک دوست نے مجھہ سے کہا " دیکھو یہ پھول کتنا خوبصورت ھے " میں نے سنا اور نفرت سے منہ پھیر لیا، پھر تھوڑی دیر بعد اس نے مجھے ایک آدمی دکھایا اور کہا یہ بڑا نیک ھے، میں پھر ادھر سے پلٹ گیا، لوگ خوبصورت، نیک، اچھا اور اسی قسم کے لفظ بولتے ھیں اور خوش ھوتے ھیں، میں انہیں سنتا ھوں تو رنجیدہ ھوتا ھوں، جیسے ھی میرے کانوں میں " خوبصورت " کی آواز آتی ھے، ویسے ھی اندر والا کہتا ھے کہ پھر بد صورت بھی ھوگا، جیسے ھی میں " نیک " سنتا ھوں اندر والا کہتا ھے کہ پھر تو بد بھی ضرور کہیں ھوگا، اگر میں پرندہ ھوتا تو نیک، بد، حسین، کریہہ غرض کہ سب اسماے صفت کی سطح سے اوپر اُڑ جاتا .....

میرے ایک دوست نے مجھہ سے کہا " پاک اور عقل مند بنو تو دنیا کو دس گنا زیادہ فائدہ پہونچے " میں نے کہا " تو پاکی کو دور کردے اور عقل مندی کو ھٹادے تو سو گنا زیادہ فائدہ پہونچے " وھی اسماے صفات! کل میں ایک دوکان پر گیا، وھاں دیکھا کہ ھر چیز پر رنگ برنگ کی چٹھیاں لگی ھیں، جن پر قیمتیں درج ھیں، کیا انسانوں پر بھی چٹھیاں لگانے کی ضرورت ھے۔ پھر اسماے صفات کیوں؟ اچھا کیوں، برا کیوں، نیکی کیوں، بدی کیوں، ایمانداری، بے ایمانی، فیاضی، کنجوسی، یہ سب کس لئے؟

میں نے ایک فقیر سے کہا " لوگ فیاض نہ ہوتے تو اچھا تھا " اس نے مجھے بہت برا بھلا کہا ' پھر میں نے ایک امیر سے کہا ' " لوگ فیاضی کی تعریف نہ کرتے تو اچھا تھا " اس نے مجھے اپنے مکان سے نکلوا دیا ' وہی اسماے صفات ! نیکی پہلے کی گئی ' پھر نیکی کہلائی ' بہادری پہلے دکھائی گئی ' پر صفت بنی ' فیاضی ' ہمدردی ' احسان ' ظلم ' کنجوسی ' پہلے پیدا ہوے ' پھر ان کو نام دے گئے ' دریا سیدھا بہتا ہو ' دیواریں کھڑی کردو تو بہاو بدل جاے گا ' اسی طرح دیواریں کھڑی کرتے جاو تو دریا پانی کی بھول بھلیاں ہو جاے گا ' وہی نام کا پھیر ! صفت بندی ' درجہ بندی ' اسم بندی سب دراصل دیوار بندیاں ' ہیں - سیدھے راستہ سے بہت کم لوگ بھٹکتے ہیں ' کسی کو نیک مت کہو ' کوئی برا نہ ہوگا ' کسی کو سخی مت کہو ' کوئی کنجوس نہ ہوگا ' نفع کی خواہش چھوڑ دو ' مکانوں سے پہرا ہٹا لو تو چور ڈاکو غائب ہو جائیں گے ' بہادری مٹا دو ' بزدلی بھی مٹ جاے گی ' حکم ' اٹھالو ' عدول حکمی نہ ہوگی ' اچھی صفتیں اٹھالو بری صفتیں آپ جاتی رہیں گی ' دنیا ان دیواروں کو کیوں پسند کرتی ہے ؟

من کی روشنی ! یہ بڑی چیز ہے ' من اندھیری رات بھی ہو تو من کی روشنی میں سیدھا اپنے گھر چلا جاتا ہوں - میرے دوست کے گھوڑے کا بھی یہی حال ہے ' کل میں نے گلی میں رنگ برنگ کی قندیلیں روشن کیں ' فوراً پرچھائیں پیدا ہوگئی ' اور گھوڑا بدکنے لگا ' رنگین روشنیاں

نہ ہوتیں تو رنگ برنگ کی پرچھائیاں بھی نہ ہوتیں، دوست نے پوچھا یہ کیا کرتے ہو، میں نے کہا "اسمائے صفات پیدا کرتا ہوں، نتیجہ تم دیکھہ لو" رنگین قندیلیں اچھی صفتیں ہیں، پرچھائیاں بری صفتیں ہیں، اُس کا نام مٹا دو تو اس کا نشان بھی نہ رہے۔ من کی روشنی سنسار کے ہیر پھیر کے لئے کافی ہے، دیکھیں اس پہیلی کو کون بوجھتا ہے۔

باقی آیندہ۔

من۔ موجی

داس بحیثیت شاعر

از

(گوکل داس طالب علم ایف - اے سال دوم)

چت رنجن داس کے بڑے پیشوا اور دیشبندھو اور لایق وکیل ہونے کے متعلق بہت کچھہ لکھا گیا ہے - ہم کو اس مضمون میں صرف اُن کی شاعری سے بحث کرنی ہے - آپ کی قربانیاں بہت زیادہ اور آپ کا جذبۂ آزادی بہت زبردست تھا - لیکن اُن کی ادبی قابلیت کے سامنے یہ جوہر بھی ماند پڑ جاتے ہیں - اگر اُن کی تصنیفات پر سرسری نظر بھی ڈالی جاے تو بھی یہ بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ آپ اعلیٰ درجہ کی ادبی قابلیت رکھتے تھے اور اگر آپ تھوڑا سا وقت بھی اپنے ادبی ذوق میں صرف کرتے تو ضرور اُس میں بھی آپ نمایاں کامیابی حاصل کرتے - اُن میں ساری باتیں سچے شاعروں کی سی تھیں - وہ ایک شاعرانہ روح لے کر پیدا ہوے تھے - ایسی روح جو دیکھتی ہے، ترنم ریز رہتی ہے اور جس کی گہرائیوں میں ہمیشہ جذبات کے شعلے بھڑکتے رہتے ہیں اور والہانہ طور پر اشعار کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں - اس کی وجہ یہ تھی

کہ آپ تھیت بنگالی تھے اور قدرتی طور پر آپ کی طبیعت ایک پاک بنگالی کی سی واقع ہوئی تھی - ہم اس کی جھلک اُن کی فیاضی اور نرم دلی اور اُن کے وسیع خیالات میں بھی پاتے ہیں - اسی کی وجہ سے وہ "شکتی دیوی" کی حمایت لے سکتے تھے اور زندگی کے کار و بار میں اُس کا اثر پیدا کرتے تھے —

آپ کبھی زمانۂ گذشتہ کے رسم و رواج سے منحرف نہیں ہوے اور ہمیشہ زمانۂ حال کے بہترین رجحانات اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرتے تھے - وہ ایک شاہزادوں کا سا دل، شیروں کی سی شجاعت اور عورتوں کی سی ذکی الحس طبیعت اور ایک نوجوان کا سا جوش و خروش رکھتے تھے - آپ ہمارے ہاں کے قدیم اشرافوں (Aristocrat) کا نمونہ تھے - پیدایش، تربیت، تعلیم، مزاج سب کچھہ اشرافوں کا سا تھا - اُن کی ہر بات میں ایک شاہانہ جلال پایا جاتا تھا - خواہ دولت کی فراہمی ہو یا ترک لذات، پر جوش خطابت ہو یا سنجیدہ خاموشی، نظم ہو یا نثر، ہر چیز میں اس کی جھلک موجود ہے - یہی وجہ ہے کہ بنگالی ادب میں آپ نے ایک حیات تازہ پھونکی اور ساگر سنگیت کا سا نظموں کا مجموعہ اپنی یادگار چھوڑا —

ساگر سنگیت بنگالی زبان میں ہے اور خود مصنف ہی نے اس کا انگریزی ترجمہ بحر ترنم (Song of the Sea) کے نام سے کیا ہے - ارنبدو گھوش نے اس کا منظوم انگریزی

ترجمہ کیا ہے۔ ان دونوں کی روح میں ایک قسم کا لگاؤ پایا جاتا ہے۔ دونوں کی غم و خوشی میں ایکساں حالت ہوتی ہے۔ اگر ایک طرف داس کی لرزتی ہوئی آواز نے گھوش کے پاک اور روشن نام سے داغ بد نامی مٹایا تو دوسری طرف گھوش کے جذبات کی جھلک سے داس کے گیتوں میں جادو بھرا اثر پیدا ہو گیا۔

اس کتاب میں تقریباً چالیس نظمیں ہیں اور ان سب کا مشترک موضوع سمندر ہے۔ شاعر صرف سمندر کے متعلق گاتا ہے، صرف سمندر کو دیکھتا ہے اور سمندر ہی کا خیال کرتا ہے، اسے خواب میں بھی سمندر دکھائی دیتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ گیت اُس کی روح کی تہ میں پہونچ چکا ہے اور اس کے وجود کی بنیاد تک سرایت کرچکا ہے۔ اُس کے کاسۂ دل میں غم و خوشی دونوں یکساں جھلکتے نظر آتے ہیں۔ دریا کی لہروں کے مانند اُس کے دل میں مختلف جذبات لہراتے رہتے ہیں اور ظاہر ہونے کے لئے تڑپتے ہیں اور ان گیتوں کی شکل میں باہر آتے ہیں۔ اس لئے مصنف سمندر ہی کے مختلف اوقات کے مختلف نظاروں کے گیت گاتا ہے۔ اُس نے سمندر کا طلوع آفتاب کا، غروب آفتاب کا، صبح کا، دوپہر کا، رات کا، نہایت ہی عمدہ منظر کھینچا ہے۔ سمندر کی سب حالتیں اُس کی عظمت، نور و ظلمت، تاریکی، سکون، طوفان، سب کا نقشہ کھینچا ہے۔ لیکن یہ نہ سمجھئے کہ صرف بیان ہی سے شاعر کی تشفی ہو جاتی ہے۔ وہ صرف لفظی تصویریں اور

کیمرے کی طرح ہوبہو فوٹو کھینچنے کا شوقین نہیں ہے۔ اُس کی نظر صرف حسن ظاہری سے آسودہ نہیں ہوتی بلکہ نقاب اُٹھا کر پس پردہ جو جھلک ہے اُسے دیکھنا چاہتی ہے۔ اُس کی کوشش ہمیشہ یہ رہتی ہے کہ سمندر کے دل کے بندھنوں کو کھول دیا جائے اور اُس کی روح کا برملا نظارہ کیا جائے۔ اُس کو ہمیشہ سمندر کی عجیب و غریب شخصیت کی تلاش رہتی ہے۔ عام طور پر یہ شخصیت بھاگتی اور بچتی پھرتی ہے اور آسانی سے قابو میں نہیں آتی۔ لیکن اس کے باوجود ان کے گیتوں کے جال سے یہ نہ بچ سکی اور سمندر الفاظ میں مقید ہو گیا۔ اُس کی روح ہمیشہ سمندر کی روح کے ساتھ ہم کلام رہتی ہے اور جس طرح کہ ایک سارنگی سارنگئے کی اُنگلیوں کے مس سے مترنم ہو جاتی ہے اسی طرح سے ان کا دل سمندر کی روح سے خود ایک بحر ترنم بن جاتا ہے —

اب سمندر کی آواز خواہ میدان میں بہنے والے نالے کی طرح دھیمی اور نرم ہو یا اس میں بادلوں کی سی گرج پائی جائے۔ خواہ اُس کا اثر شراب کی طرح کیف آور ہو یا شہد کی طرح حلاوت رکھنے والا، خواہ اُس میں اُن آنسوؤں کا سا سوز و گداز پایا جائے جو کسی کی آنکھوں سے بہتے ہیں، ان سب مختلف حالتوں کے پیچھے شاعر کو ایک ہی ہستی جلوہ افگن نظر آتی ہے۔ وہ اُسے دیکھتا ہے اور بیتابانہ پکار اُٹھتا ہے —

"تیرے گانے میں یہ کون سے شبد ہیں، تیری راگنی

کیا ھے "—

"تیری گہرائیوں میں کون سی روح بستی ھے جو تیرے بھیس میں آکر ھنستی اور روتی ھے"

"وہ کون سا خیال تجھہ میں چھپا ھوا ھے جو ھمیشہ اُبھرا کرتا ھے" —

اب ایک دوسرے نظارے پر توجہ کیجئے۔ صبح کا وقت ھے۔ اُفق پر ھلکی ھلکی سفید روشنی پھیلی ھوئی ھے۔ شاعر کان لگاکر سمندر کے دل آویز نغموں کو سنتا ھے۔ جو راگ بلند ھوتا ھے وہ اس کے دل میں بھی سما جاتا ھے۔ اُسے محسوس ھونے لگتا ھے کہ جھاگ کی تہ کے نیچے ضرور کوئی ایسی روح محو ترنم ھے جو اب تک کالبد خاکی میں نہیں آئی۔ یا یہ کہ "کوئی آواز ضرور اس میں ایسی ھے جو سمندر سے بلند ھوکر تمام فضا کو موسیقی میں بدل رھی ھے"

لیکن جب شاعر کی سمجھہ میں سمندر کا یہ بھید نہیں آتا تو وہ بے اختیار ھوکر پکار اٹھتا ھے "اے لامحدود آواز۔ او مجھے پکارنے والی روح اگرچہ میں تجھہ سے واقف نہیں ھوں، تجھے دیکھہ نہیں سکتا، لیکن پھر بھی تیرے نغموں سے متاثر ھوکر میرے اعضا میں ایک خوش گوار اور زبردست لرزش پیدا ھوجاتی ھے —"

داس حسن مجسم کا جویا بھی ھے۔ سمندر کی پر اسرار روح سے وہ پریشان ضرور ھوتا ھے۔ لیکن اس سے بچکر وہ اس کے نغموں کے الاپ میں محو ھوجاتا ھے اس کے ذیل کے اشعار پر غور کیجئے —

"تہوار کا دن ہے-صبح کا وقت ہے-سورج کی سنہری تڑپتی ہوئی کرنیں سمندر کی لہروں پر رقص کرتی ہیں اور ان سنہری زنجیروں کی طرح معلوم ہوتی ہیں جو کسی حسین کے پاوں کو زیب دے رہی ہوں-سمندر کی آواز میں پر لگ جاتے ہیں اور پانی کے ذخیرے کی بجاے اب وہ ایک گانے والی شاما بن جاتا ہے—

سماں تو یہ ہے لیکن شاعر کا دل بے چین ہے-اس کے دل پر بوجھ ہے-وہ خود نہیں جانتا کہ یہ بوجھ فرحت و انبساط کا ہے یا حزن و ملال کا-اس کے پاس اپنی اس قلبی کیفیت کے لئے کوئی نام نہیں-وہ بیتابانہ پوچھ اٹھتا ہے—

"اے سمندر اس تہوار کے دن جب کہ تیری مسرت مجھے باہر کھینچ لائی ہے، میرے دل کی گہرائیوں میں افکار کا ایک بوجھ ہے میں اسے کہاں اتاروں"

اب افق پر اور زیادہ تیز روشنی پھیلی ہوئی ہے-سمندر کی ہر لہر جو اُٹھتی ہے ایک عجیب و غریب نغمہ لئے ہوے آتی ہے-فضا اس نغمہ کو اپنے آغوش میں لے لیتی ہے ہوا بھی اُسی کو الاپتی ہے-ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمام دنیا میں ایک نغمۂ زریں پھیلا ہوا ہے ایسا نغمہ جو ایک لمبے سنہری تار کی طرح کہیں سے بے جوڑ نہیں ہے-شاعر کا دل بھی اس نغمہ سے لبریز ہوجاتا ہے وہ بھی الاپ اُٹھتا ہے—

"میرا دل ایک سارنگی بن گیا ہے-اس کے ہزاروں

تاروں سے تیرے سروں کی صدا آتی ہے تیری انگلیوں کے مس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس سارنگی کی جو تان ٹوٹتی ہے اُس میں تیری عظمت اور جلال کا ذکر ہوتا ہے۔تیری رات بھی عجیب و غریب ہے تیری روشنی بھی پر اسرار ہے۔اے سمندر۔اے روح اِس نور و ظلمت میں تو اپنی اس سارنگی کو ایکساں بجائے جا"

ان ناظرین کی سہولت کے لئے جنھوں نے داس کے جذبات کو اصل یا ترجمہ کی شکل میں اب تک نہیں دیکھا ہے ہم بششور پرشاد منور کا ساگر سنگیت کا تھوڑا سا اردو ترجمہ اور مولانا سلیم صاحب کا منظوم اردو ترجمہ ذیل میں دیتے ہیں یہ اقتباسات معزز رسالہ زمانہ سے لئے گئے ہیں —

"آسمان پر آج کوئی صدا باز گشت نہیں کرتی۔تمام دنیا پر سکوت کا عالم طاری ہے اے ذات غیر محدود۔تیری زبان حال پر بھی ایک لفظ نہیں آتا—

"ہنگام شام کی بارش تجھ پر اپنے سکون بخش اثرات ڈال رہی ہے اور تو اسوقت نہایت امن و طہارت کے ساتھ بے حرکت اور خاموش لیٹا ہوا ہے رات کی پہلی زرد زرد کپھا میں گر کر تیرا راگ خاموش ہوگیا—

"تیرے لحیم و شحیم کالبد میں ایک مستی خیز سرور سے چار سو لپٹ کر میرا چھوٹا سا کاشانہ رنج و راحت ڈوبا جا رہا ہے اور" فطرت" خاموش اور دلفریب کنول کے مانند تیری جانب تیر کر دوڑی آرہی ہے اور

موت اور کال عالم حسرت میں پابستہ تیرے قدم پر گر رہے ہیں —

" کوئی طاقتور مرتاض اس وقت میرے سینے پر آسن جمائے بیٹھا ہوا ہے اور کس طرح - یکسو حبس دم میں مشغول - خاموش - آنکھیں بند کئے ہوئے بالکل بے حرکت —

"اے بحر ناپیدا کنار مگر میں نے اس کی تنویر کا نظارا کر لیا ہے - گو اُس کی ذات تک میری رسائی نہیں ہوئی - میں خاموشی سے چشم براہ ہوں - مجھ کو بھی غیر صوری روح بنا کر اپنی روح میں وصل کر لے - ہم دونوں ذات واحد ہو جائیں - دوئی نہ باقی رہے —

———:o:———

ترجمہ منظوم از پروفیسر وحید الدین صاحب سلیم

آ اے کہ تری ہر لہر سدا
مشغول ہے قطرہ نوازی میں

تو مست ہے عشوہ طرازی میں
میں گم تری شعبدہ بازی میں

تو نور و ضیا کا سمندر ہے
ظلمت سے بھری ہستی ہے مری

تو موج پہ ہے، تو اوج پہ ہے
مشتاق تری، پستی ہے مری

اس وقت کہ دنیا نیند میں ہے
سنسان ہے سطح سمندر کی

ہے چاندنی پھیلی چار طرف
دلچسپ فضا ہے منظر کی
کیا سچ ہے کہ تو بھی جلوہ نما
ہے جلووں کے اس منظر میں
کیا تیری نشیلی آنکھوں نے
مستی یہ بھری ہے سمندر میں
یہ سچ ہے، تو ڈال اے حسن ازل
پرتو مرے اس غمخانے پر
مشتاق ہوں تیرے کرشمے کا
ہوں شیفتہ تیرے ترانے پر
پہناؤں گا جامہ نظم کا میں
جب اپنے دل کی صداؤں کو
رگ رگ میں برنگ برق تپاں
دوڑاؤں گا تیری اداؤں کو
اے مطرب روح ہو جلوہ فگن
پھر آج شب تنہائی میں
ہے چھیڑتا اپنے ترنم کو
تو روحوں کی گہرائی میں

عذر گناہ

ذیل میں ہم اپنے اُن عزیز طلبہ کا خط چھاپتے ہیں جو گزشتہ سال پہلی بار ہمارے کالج سے کامیاب ہو کر کلیۂ جامعۂ عثمانیہ میں شریک ہوے - اس حسرت بھرے خط کو پڑہ کر ہمیں اور اُن کے پروفیسروں کو جس قدر افسوس اور رنج ہوا اس کا اظہار اس وقت بے موقع ہے - ہمیں خود حیرت ہے کہ جب ہم جشن یوم کلیہ کے لئے اپنے دوستوں اور ہمدردوں کو دعوت دے دے کر بلا رہے تھے تو اپنے عزیزوں کو کیوں بھول گئے - بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ انسان کی نظر دور دور کی خبر لاتی ہے اور قریب کی چیزوں سے چوک جاتی ہے - اسی طرح اکثر ایسا ہوا ہے کہ آدمی غیروں کی خاطر مدارات میں اپنے عزیز و اقارب کو بھول جاتا ہے - کیوں کہ وہ خود میزبان ہوتے ہیں - ہم اس جشن کی تیاری اور انتظامات میں اس قدر مصروف تھے کہ ہمیں یہ خیال بھی نہ آیا کہ جو اس خوشی کے سب سے زیادہ مستحق ہیں انہیں بلائیں اور شریک کریں - یہ عذر نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی عذر پیش ہو سکتا ہے - اس لئے ہم اپنے قصور کا اعتراف کرتے ہیں اور اس

پر نادم ہیں - کہ اب اس کی کوئی تلافی بھی نہیں ہو سکتی سوائے اس کے کہ ہم اُن عزیز طلبہ کے خط کو (جس میں ادبی شان بھی ہے اور محبت کی رنگ و بو بھی) چھاپ کر اپنے قصور کا علی الاعلان اعتراف کریں - ہم اُن کے ممنون ہیں کہ گو ہم ایک وقت پر انہیں بھول گئے مگر وہ ہمیں نہیں بھولے اور یہ سبق انہوں نے ہمیں ایسا دیا ہے جو ہم کبھی نہ بھولیں گے - اڈیٹر)

—————: ۰ :—————

مسرت منزل ۱۱ آذر سنہ ۱۳۳۵ف
یوم جمعہ

ہماری سالگرہ

اے مادر علمی (اورنگ آباد کالج) تیرا آغوش علم آموز کچھ ہی قبل ہم سے خالی ہوا ہے - ابھی ابھی تو نے ہم کو ایک دوسری علمی دایہ کے سپرد کیا ہے - تو نے اپنی صفحۂ یاد سے ہمیں اتنی جلد مٹا دیا - کیا کسی ماں نے اپنے بچوں کے ساتھ ایسا کیا ہے ؟

وہ تو بھولے تھے ہمیں ہم بھی انہیں بھول گئے
ایسا بدلا ہے نہ بدلے گا زمانہ ہرگز

لیکن نہیں ہم نہیں بھولے - ہمارے دلوں میں یاد تازہ، محبت جوش زن ہے ہم وعدہ کرتے ہیں، یقین دلاتے ہیں تیری الفت ہمارے دلوں سے مٹ نہیں سکتی، لیکن افسوس کہ ہم بھلائے گئے —

آج اتفاق سے (جب کہ ہماری سالگرہ کی تقریب میں ایک عظیم الشان محفل منعقد ہونے والی ہے) ہم کو معلوم ہوا کہ سالگرہ کی خوشیاں منائی جائیں گی، ایک علمی محفل ہے، علم دوست، علم پیشہ، علم پرور حضرات اس محفل کو زینت بخشیں گے۔ تیاریاں خاص طور پر کی گئی ہیں، آج وہ دن ہے جب اُردو کا گہوارہ، مشہد کہن عالم گیر کی یادگار، اورنگ آباد جس قدر فخر کرے بجا ہے۔ اس دیار حسرت آثار کا آج ذرہ ذرہ روکش آفتاب ہے۔ یہ کب معلوم ہوا؟

ہم اسیران قفس کو تب خبر دی تو نے آہ
لٹ گئے جب باغ میں پھولوں کے خرمن اے صبا

قسمت ان جرعہ نوشوں کی جو اس محفل میں شریک ہیں، محفل ہماری، ساقی ہمارا، اس پر دیکھئے نیرنگی تقدیر کہ تشنہ لب ہم ہیں۔ غیر سرشار و مست اور ہم مضطرب و بے قرار!

کس قدر پریشان کن، افسوس ناک اور اضطراب خیز ہے ہماری سالگرہ کی مبارک باد! دوستو! ہماری قسمت پر ماتم کساری کرو۔ کاش ہم کو ایک روز قبل اس کا علم ہوتا، اس عظیم الشان علمی جلسہ کی ایک روز پہلے خبر ہوتی۔ ہم فوراً پہونچ جاتے محفل میں شریک ہوتے۔ مادر کی زیارت، ساقی کی قدمبوسی کا شرف حاصل کرتے۔ وقت گذر گیا۔ قلق ہے، دل پریشان، خاطر رنجیدہ ہے۔ اب بھی گر جوش اشتیاق میں چل کھڑے ہوں، وہاں پہنچیں تو

ڈر ہے کہ قسمت کے دھنی کہیں یہ نہ کہ اُٹھیں—

حالی نشاط نغمہ و مے ڈھونڈتے ہو اب
آے ہو وقت صبح رہے رات بھر کہاں

بس اب کف افسوس ملتے رہئے۔ وقت کا سانپ نکل گیا۔ لکیر پیٹا کیجئے۔ اب ایک توقع ہے کہ کوئی اس محفل کا ذکر کرے اور ہم نصف العیش کے مزے لیں۔ اس طرح مسرور ہوں اور دعا کریں کہ اس مادر علمی کے گود میں پلنے والے ہمارے بھائی خوش اور شاد کام رہیں—

ان دوستوں سے ہمدردی ہے جو ہم سے حرماں نصیب ہیں۔ اُن کی خدمت میں مبارک باد کا تحفہ پیش ہے جو اس میں شریک ہیں۔ ان خوش مستوں سے ہم عمر خیام کی رباعی میں گزارش کرتے ہیں—

یاراں چو باتفاق میعاد کنید
خودرا بجمال یک دگر شاد کنید
ساقی چو مے مغانہ در کف گیرد
بیچارہ فلاں را بدعا یاد کنید

حرماں نصیب
قدیم طلباء کلیہ (اورنگ آباد)

نکاح بالجبر

(یہ ایک مجلس (act) کا بزمیہ فرانس کے مایہ ناز ڈراما نویس مولیر (Moliere) کی تصنیف ہے ، سنہ ۱۶۳۴ میں تصنیف ہوا ، اور اسی سال کھیلا گیا ، مرزا نوشہ کا سانگ خود مصنف نے بھرا ، اور شاہ لوی چہاردہم جوتشی بنا تھا ، علمی حیثیت سے بھی یہ تمثیل دلچسپ ہے ، جس زمانہ میں یہ لکھا گیا وہ وہ زمانہ تھا کہ جامعہ فرانس نے یہ قانون نافذ کیا تھا کہ جو شخص اشراقی فلسفہ پر اعتراض کرے ، اور ارسطو کو برا بھلا کہے ، وہ گردن زدنی قرار دیا جاے ، مصنف کی جرأت قابل داد ہے ، ہم نے اسے " اپنانے " کی پوری کوشش کی ہے ، علامہ خجندی ، حکیم چلپی ، مرزا صمصام ، مرزا نوشہ سب اصل کا چربہ ہیں ، اسے کلیہ کے اساتذہ نے کیا تھا ، وجہ ظاہر ہے ، طلبا اس تمثیل کو کامیابی کے ساتھہ نہ کرسکتے تھے ، ہمیں امید ہے کہ نمونہ کے طور پر یہ تمثیل ہر کالج کے لئے مفید ہوگی ، اس نوعیت کا ڈرامہ اردو زبان میں اب تک دیکھنے میں نہیں آیا۔ اڈیٹر)

پہلا سین

(مرزا نوشہ پردے کے پیچھے سے کہتا ہوا باہر آتا ہے)

دیکھو جی، میں ابھی ذرا دیر میں واپس آتا ہوں، مکان ٹھیک ٹھاک رہے، ہر کام اپنے اپنے وقت پر ہو، اور ہاں، دیکھو اگر کوئی شخص روپیہ لے کر آے تو مجھے فوراً جعفر صاحب کے گھر سے بلا لینا، اور جو کوئی روپیہ مانگنے آے تو اس سے کہہ دینا کہ میں باہر گیا ہوں اور آج واپس نہ آؤں گا—

جعفر: (مرزا نوشہ کا آخری جملہ سن کر) ماشاء اللہ، بہت معقول حکم ہے۔

مرزا نوشہ: (جعفر کو دیکھ کر) اخاہ بھائی جعفر صاحب، خوب آے۔ میں ابھی آپ ہی کی طرف جا رہا تھا—

جعفر: کیوں، خیر تو ہے—

مرزا نوشہ: جی کچھ نہیں، آج کل میں کچھ فکر میں ہوں، اسی کے متعلق آپ سے مشورہ کرنا تھا—

جعفر: میں حاضر ہوں۔ شوق سے فرمائیے، ہم لوگ یہاں بیٹھ کر اطمینان سے گفتگو کر سکتے ہیں۔

مرزا نوشہ: (کرسی بڑھا کر، اور خود ایک کرسی لے کر) تو آپ مخلع بالطبع ہو جائیے، ہاں صاحب آج کل ایک نہایت اہم سوال میرے زیر غور ہے، اور آپ جانئے مخلص احباب سے مشورہ کر لینا ہمیشہ اچھا ہوتا ہے—

جعفر: عزت افزائی ہے، کہ یہ شرف مجھے ملا، ہاں تو بسم اللہ، میں ہمہ تن گوش ہوں—

مرزا نوشہ: لیکن جعفر صاحب، ایک شرط ہے، اپنی رائے بلا رو رعایت پیش فرما دیجئے گا، منہ دیکھی باتیں نہ ہوں—

جعفر: آپ کی مرضی ہے تو مناسب ہے، مجھے کوئی عذر نہیں—

مرزا نوشہ: نہیں صاحب پہلے اقرار کر لیجے—

جعفر: آپ کی دوستی کی قسم میں سچی سچی رائے دوں گا، لے اب کہہ چلئے—

مرزا نوشہ: (سنبھل کر بیٹھہ کر، اور حلق صاف کر کے) بات یہ ہے کہ میں آپ سے یہ مشورہ لینا چاہتا ہوں کہ آیا، شادی کرنا میرے لئے مناسب ہوگا یا نہیں—

جعفر: (چونک کر) کیا فرمایا! شادی، کس کی، آپ کی؟

مرزا نوشہ: ہاں ہاں صاحب میری شادی، اسی کے متعلق تو آپ سے مشورہ کر رہا ہوں—

جعفر: (کچھہ دیر ٹھیر کر) مرزا صاحب، گستاخی معاف پہلے مجھے کچھہ پوچھہ لینے دیجئے

مرزا نوشہ: ضرور دریافت فرمائیے—

جعفر: (ذرا رک رک کر) کیوں مرزا صاحب، آپ کے خیال میں، آپ کا....سن مبارک....کیا ہوگا۔

مرزا نوشہ: میرا سن ؟

جعفر: جی ہاں —

مرزا نوشہ: کیا عرض کروں، بات یہ ہے کہ خود مجھے ٹھیک سے یاد نہیں—

جعفر: کچھہ نہیں تو ۵۲، ۵۳ کے پیٹھے میں تو آپ ضرور ہوں گے—

مرزا نوشہ: کون، میں! نہیں صاحب، یہ آپ کیا فرماتے ہیں، کہیں ایسا ہو سکتا ہے—

جعفر: خیر، لیکن چونکہ آپ مجھہ سے صاف گوئی کا اقرار لے چکے ہیں اس لئے عرض کرتا ہوں، معاف کیجیے گا، مرزا صاحب! میری مخلصانہ رائے تو یہ ہے کہ اب آپ کی عمر شادی کی رہی نہیں - مختصر الفاظ میں اپنی رائے عرض کرتا ہوں، کہ اب آپ خانہ آبادی کے خواب نہ دیکھیں، اتنے دنوں تک آزاد رہنے کے بعد اب اس بھاری زنجیر کو اپنے ہاتھوں اپنے پانوں میں ڈالنا، آپ کی دانائی سے بعید ہے-

مرزا نوشہ: (کسی قدر جوش سے) تو جعفر صاحب، میں بھی صاف صاف عرض کئے دیتا ہوں کہ بندہ نے تو شادی کی پوری نیت کر لی ہے اور جو لڑکی میری نظر میں ہے، اس سے نکاح کرنا کچھہ ایسی نادانی کی بات بھی نہیں—

جعفر: ہاں تو یہ اور بات ہے، آپ نے مجھہ سے اب

تک یہ تو کہا ہی نہ تھا —

مرزا نوشہ: میں اسی لڑکی کو ہر طرح سے پسند کرتا ہوں، میں اس پر سو جان سے فدا ہوں —

جعفر: سو جان سے فدا ہیں؟

مرزا نوشہ: بے شک، اور میں اس سے گفت و شنید بھی کر چکا ہوں

جعفر: یہ مرحلہ بھی طے ہو چکا ہے

مرزا نوشہ: اجی آپ سنئے تو، آج رات کو نکاح ٹھہر چکا ہے، اور میں زبان دے چکا ہوں —

جعفر: یہ صورت ہے! نہیں صاحب، پھر تو ضرور شادی کیجیے، اب اس میں کچھہ کہنے کی گنجایش نہیں ہے —

مرزا نوشہ: بھلا آپ ہی انصاف سے فرمائیے کہ میں اس قصد سے کیوں کر دست بردار ہو جاوں، کیوں جعفر صاحب، ایک بات دریافت کرتا ہوں، کیا اب میں اتنا سٹھیا گیا ہوں کہ بیوی کا خیال تک نہ کروں! دیکھئے! آپ میری عمر پر نہ جائیے گا، واقعات پر نظر ڈالئے، کسی تیس برس کے جوان کو مجھہ سے بھڑا لیجئے، انشاءاللہ پھرتی اور تازگی میں آپ مجھے اس سے کچھہ بیس ہی پائیں گے۔ آخر مجھہ میں نقص ہی کیا ہے! کیا میرے اعضا جواب دے چکے ہیں، کیا میں چلنے پھرنے سے عاجز

اور گاڑی سواری کا محتاج ہو گیا ہوں،
عجیب دنیا ہے —

جعفر: (جلدی سے) نہیں صاحب آپ بالکل بجا فرماتے
ہیں، مجھے واقعی اس کا خیال نہ رہا تھا،
آپ ضرور شادی کریں۔ اس سے اچھی کوئی
بات ہو ہی نہیں سکتی —

مرزا نوشہ: ایک زمانہ ایسا تھا جب میں بھی اس خیال
سے کچھ گھبراتا تھا، لیکن اب اس کی تائید
میں میرے پاس کافی وجوہ موجود ہیں،
پہلی وجہ تو یہ کہ جب میں تھک جاؤں گا تو
میری خدمت اور سیوا کرنے والی، مجھے دلاسا
دینے والی ایک رفیق زندگی موجود ہو گی،
اچھا اس کو بھی جانے دیجیے تو سب سے بڑی
بات یہ ہے کہ میرے مجرد رہنے سے اندیشہ ہے
کہ کہیں میرے خاندان کا چراغ گل نہ ہو جائے

جعفر: میں تو پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ آپ کی
رائے بہت صائب ہے بلکہ میرا مشورہ تو یہ
ہے کہ اب اس کار خیر میں دیر نہ کی جائے۔

مرزا نوشہ: سچ کہئے! کیا واقعی یہ آپ کی سچی رائے ہے۔

جعفر: یقین مانئے کہ میں صحیح عرض کر رہا ہوں،
اس سے اچھی کوئی بات ہو ہی نہیں سکتی —

مرزا نوشہ: خوش ہو کر مجھے بہت خوشی ہوئی کہ آپ
نے اپنے مخلصانہ مشورہ سے سرفراز فرمایا —

جعفر: ہاں صاحب، یہ تو فرمائیے کہ یہ معزز خاتون ہیں کون —

مرزا نوشہ: مرزا عسکری کی صاحبزادی شکیلہ، مرزا عسکری کو تو آپ جانتے ہوں گے —

جعفر: وہی شکیلہ نہ جن کے شوق اور خوش پوشی کے بہت چرچے رہتے ہیں —

مرزا نوشہ: جی ہاں وہی —

جعفر: مرزا صمصام کی بہن؟ وہی صاحبزادے نہ جو مونچھوں پر تاؤ دئے ہوئے تلوار باندھے پھرا کرتے ہیں —

مرزا نوشہ: وہی - وہی - آپ تو جانتے ہیں —

جعفر: (منہ پھیر کر) اللہ رحم کرے —

مرزا نوشہ: ہاں تو اب کیا رائے ہے

جعفر: ماشاءاللہ بہت مبارک جوڑا ہے - تو اب آپ فراغت کر ڈالئے —

مرزا نوشہ: (فخر کے ساتھ) کیوں صاحب، میرے انتخاب کی آپ داد تو نہ دیں گے —

جعفر: کیا کہنے ہیں - خوب گزریگی، آپ وقت ضائع نہ کیجیے اور شادی کر ڈالئے —

مرزا نوشہ: آپ کی رائے سن کر کمال مسرت ہوئی، آپ کو بڑی تکلیف ہوئی، تو آج شب میں تو ضرور تشریف لائے —

جعفر: انشاءاللہ ضرور حاضر ہوں گا لیکن لطف

دو بالا کرنے کی غرض سے ذرا بھیس بدل کر
آؤں گا—

(دونوں کھڑے ہو جاتے ہیں)

مرزا نوشہ: اچھا تو خدا حافظ،

(جعفر جاتے ہوئے سر ہلا ہلا کر "رام ملائی جوڑی"
"رام ملائی جوڑی" کہتا ہوا چلا جاتا ہے)

مرزا نوشہ اکیلے میں اپنے دل سے

("خدا نے چاہا تو یہ تقریب ضرور مسعود ہوگی، ہر
شخص اس سے خوش نظر آتا ہے، جس جس سے ذکر کرو وہی
ہنس ہنس کر تعریف کرتا ہے، مجھ سے زیادہ خوش نصیب
آج روئے زمین پر کوئی نہیں")

ایک لڑکا خط لئے ہوئے آتا ہے—

مرزا نوشہ خوش ہوکر شعر پڑھتا ہے—

آئے قاصد لیائی ترے قدموں پہ سجنوں ہو نثار
ہے گوش مشتاق سخن ہاں جلد کہہ پیغام یار

(لڑکا سلام کرکے خط دیتا ہے) "سرکار یہ خط چھوٹی
بیوی نے دیا ہے اور زبانی کہا ہے کہ میں آج کپڑا خریدنے
جاؤں گی، اور اُس کے بل آپ کے پاس بھیج دوں گی—

مرزا نوشہ: سلام کہدینا، کہدینا کہ میں حاضر ہوں۔ سب
کچھ آپ ہی کا ہے—

(لڑکا جاتا ہے۔ مرزا نوشہ خط پڑھتے ہیں)

شکیلہ کے مہربان، شکیلہ کی تسلیم قبول کیجئے—
ایک مدت سے میرا ارادہ تھا کہ اپنے ہونے والے

شوہر سے مل کر اُس کے خیالات معلوم کرنے کی
کوشش کروں لیکن اس رسم و رواج کا برا ہو
جس نے میرا ارادہ پورا نہ ہونے دیا ' اب اس
خط کے ذریعہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتی
ہوں-جس دن سے میں نے یہ سنا ہے کہ میری
نسبت آپ کے ساتھہ طے پائی ہے مجھے اس کی
فکر تھی کہ کسی طرح آپ کے حالات اور خیالات
معلوم کروں ' چنانچہ جو باتیں مجھے معلوم
ہوئی ہیں ' اُن سے پتہ چلتا ہے کہ انشاء اللہ
ہماری ازدواجی زندگی بہت خوشی سے
گزرے گی-ابا جان تو آپ جانتے ہی ہیں کہ
پرانی لکیر کے فقیر ہیں-انہوں نے مجھے ہر
طرح سے دبا کر رکھا اور اُبھرنے نہ دیا ' میری
تعلیم اُن کی پابندیوں کی وجہ سے غارت گئی
سوسائٹی میں آنے جانے سے انہوں نے مجھے منع
کیا ' بہر حال خوشی کی بات ہے کہ اب اس قید
و بند کا زمانہ ختم ہونے والا ہے اور میرا
ہونے والا شوہر ایسا شخص ہے جو روشن خیال
ہے ' اور کبھی میرے معاملات سے تعارض نہ
کرے گا (مرزا نوشہ یہ جملہ پڑہ کر چونک
اٹھتے ہیں) مجھے یقین ہے کہ جو وقت اس
وقت تک گھر کی چار دیواری میں بے کار
کٹا ' وہ اب سوسائٹی کی چہل پہل میں کٹے

گا، آپ اپنے حلقہ احباب میں اور میں اپنی تفریحات میں اپنا اپنا وقت گزاریں گے۔ میرے تھیٹر، سینما وغیرہ جانے پر آپ کو اعتراض نہ ہوگا، نہ میں عام بیویوں کی طرح آپ سے اس بات کی توقع رکھوں گی کہ آپ ہر وقت میرے پاس بیٹھے رہیں، اور نہ غالباً آپ ہی اس پر اصرار کریں گے کہ میں ہر وقت گھر میں گھسی بیٹھی رہوں، ہم میں کبھی کوئی لڑائی جھگڑا نہ ہوگا۔ نہ آپ مجھے شبہ کی نظروں سے دیکھیں گے، اور نہ میں آپ کے افعال کی ٹوہ لگاؤں گی، غرض کہ مزے کی زندگی گزرے گی۔ میں چاہتی تھی کہ آپ سے مل کر خود اس زندگی کے متعلق گفتگو کرتی، لیکن وہی رسم و رواج کا سوال درپیش تھا، اس لئے یہ عریضہ ارسال خدمت کیا گیا۔ مجھے جس بے چینی کے ساتھ آج کی شب کا، یعنی اپنی آزادی کی ساعت کا انتظار ہے، وہ میں خود ہی جانتی ہوں —

(مرزا نوشہ خط پڑھتے ہی سر پکڑ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ پھر اٹھتے ہیں اور ٹہل کر کہتے ہیں)

"سبحان اللہ! لاحول ولا قوۃ، ایں گل دیگر شگفت۔ نکاح کی شرطیں کس قدر معقول ہیں۔"

(خط کھول کر پڑھتے ہیں)

"میرا ہونے والا شوہر روشن خیال ہے، کبھی میرے معاملات سے تعارض نہ کرے گا"

"اچھی روشن خیالی ہے" (غصہ میں خط پھاڑ ڈالتا ہے) "ابھی وقت ہاتھ سے نہیں گیا ہے، کوئی ترکیب ایسی کرنی چاہئے جس سے ان مہذب خاتون سے نجات ملے، سمجھ میں نہیں آتا کہ کس سے مشورہ کروں خوب یاد آیا۔ جعفر صاحب کے پاس جاتا ہوں—"

(باہر جاتا ہے، جعفر دوسری طرف سے آتا ہوا دکھائی دیتا ہے)

جعفر: تسلیم عرض کرتا ہوں مرزا صاحب! میں اس وقت یہ کہنے کے لئے حاضر ہوا تھا کہ سروپ مل جوہری کے ہاں ایک بہت اچھی انگوٹھی بکاؤ موجود ہے، ہیرے کی ہے، آپ کی خاطر اس نے قیمت کم کرنے کا اقرار کر لیا ہے۔ آپ اسے دیکھ لیتے تو اچھا تھا۔ (رک کر اور مرزا صاحب کی طرف غور سے دیکھ کر) خیر تو ہے۔ آپ کچھ خلاف معمول متفکر نظر آتے ہیں—

مرزا صاحب: (آہستہ سے) جی کچھ نہیں۔ صرف سر میں درد ہے۔ ہاں، تو انگوٹھی کے بارے میں ابھی کوئی جلدی نہیں ہے، پھر دیکھ لی جائے گی—

جعفر: (تعجب سے) پھر دیکھ لی جائے گی! اجی

صاحب آپ تو آج شادی کرنے والے تھے، یا تو
یہ شورا شوری یا یہ بے نمکی ——

مرزا نوشہ: کیا عرض کروں، بات یہ ہے کہ اب مجھے خود
کچھہ تامل سا ہونے لگا ہے - میں چاہتا ہوں کہ
پہلے اس معاملہ کی اچھی طرح چھان بین
کر لوں - آپ جانتے ہی ہیں کہ بندہ خواب کا
بہت کچھہ قایل ہے، اور صبح ہوتے جو خواب
دیکھے جاتے ہیں، وہ ضرور سچے ہوتے ہیں،
اب جو میں نے غور کیا تو مجھے یاد آیا کہ
آج صبح میں نے خواب دیکھا تھا کہ میں ایک
جہاز میں سوار ہوں اور سمندر میں طوفان
اٹھا ہے، پھر کیا دیکھتا ہوں کہ ——

جعفر: (بات کاٹ کر) مرزا صاحب! آپ کا قطع کلام
ہوتا ہے، معاف فرمائیے - اس وقت مجھے بہت
ضروری کام درپیش ہے، اس لئے زیادہ نہیں
ٹھہر سکتا - باقی رہی خواب کی تعبیر، تو آپ
اس کے متعلق اتنا پریشان نہ ہوں، یہ واہمے
کے کرشمہ ہیں اور آپ اگر تعبیر چاہتے ہی
ہیں تو خود آپ کے پڑوس میں دو حکیم اور
فلسفی رہتے ہیں - یہ بزرگ معقولات اور
منقولات و منطق و فلسفہ وغیرہ میں کافی
دستگاہ رکھتے ہیں - ان سے ضرور مل لیجئے،
تو اب آداب عرض کرتا ہوں، شب میں حاضر

ہوں گا۔

(چلا جاتا ہے)

مرزا نوشہ: خیر دو فلاسفروں کا تو پتہ ملا، خواب کی تعبیر کا تو بہانہ تھا، لیکن موجودہ صورت میں ان بزرگوں سے مشورہ کر لینا ضرور مفید ہو گا۔

———:o:———

۱۰۔ سرا سین۔ حکیم العصر علامہ خجندی کا مکان

(مرزا نوشہ داخل ہوتا ہے، علامہ خجندی نے اُسے نہیں دیکھا، ٹہلتے جاتے ہیں اور دروازہ کی طرف منہ کئے ہوئے زور زور سے باتیں کر رہے ہیں)

فلاسفی: بس صاحب بس، اب، آپ تشریف لے جائیے، عجیب مجہول العقل لوگوں سے سابقہ پڑا ہے آپ استقرا کے لوازم و طرق سے نا واقف محض ہیں۔ معقولات کی آپ کو ہوا تک نہیں لگی ہے آئے وہاں سے بحث کرنے کے لئے (میز پر ہاتھ مار کر) اگر میرا بس چلے تو ایسے عوام کالانعام کو اس ارض المعقولات سے خارج کر دوں۔

مرزا نوشہ: شکر ہے کہ یہ بزرگ مل تو گئے، ان سے ضرور مشورہ ملے گا۔

فلسفی: (اسی طرح اور مرزا نوشہ کو نہ دیکھہ کر) میں اسے ثابت کر سکتا ہوں، آپ ہیں کس خیال میں۔ میں دلائل حقہ و براہین قاطعہ سے ثابت کر سکتا ہوں، حکیم الحکما ارسطا طالیس یونانی کی اسناد پیش کر سکتا ہوں کہ آپ جہل بسیط و جہل مرکب میں گرفتار ہیں نہ صرف جاہل، بلکہ اجہل ہیں، مجہول العقل ہیں، ظلوماً جہولا میں سے ہیں، بہ ہمہ اسالیب و ضروب جاہل مطلق ہیں —

مرزا نوشہ: (دوسری طرف منہ پھیر کر) معلوم ہوتا ہے کہ کسی سے لڑ پڑے ہیں (پاس جا کر) آداب بجا لاتا ہوں —

فلسفی: (اسی طرح سے، اور اب بھی مرزا نوشہ کو نہ دیکھکر) آپ علی الزعم خود، اپنے آپ کو بحث کے قابل گردانتے ہیں۔ لیکن استدلال کی اولیات سے بھی واقف نہیں ہیں۔ یا للعجب!

مرزا نوشہ: غصہ کی وجہ سے انھوں نے مجھے بھی نہیں دیکھا (فلسفی سے) حضرت!

فلسفی: (اسی طرح سے) میں تمام فلاسفہ، حکما و متکلمین کے بیان سے آپ کے قضیہ کی تغلیط کر سکتا ہوں —

مرزا نوشہ: (الگ) معلوم ہوتا ہے بہت زیادہ برہم ہیں۔ (فلسفی سے) مولانا!

فلسفی: (اسی طرح غصہ میں) خود غلط، املا غلط، انشاء غلط،

مرزا نوشہ: (آگے بڑہ کر) تسلیم عرض کرتا ہوں حضور

فلسفی: (چونک کر) ارشاد!

مرزا نوشہ: جناب کی اجازت ہو تو.....

فلسفی: (مرزا کی طرف سے منہ پھیر کر) آپ کو کچھہ معلوم بھی ہے کہ آپ کن قیاسات منطقی کے مرتکب ہوے ہیں۔ آپ قیاس عاطفہ منفصلہ، و متراکمہ و منوی الرکن و عامتہ الورود میں گرفتار ہیں.....

مرزا نوشہ: جناب مولوی صاحب!

فلسفی: (اسی طرح) آپ کا کبریٰ جاہلانہ ہے، آپ کا صغریٰ ابلہانہ ہے، اور نتیجہ اپنی حماقت آمیزی میں مقیدالمثال ہے—

مرزا نوشہ: حضرت خدا کے واسطے.....

فلسفی: میں داعی اجل کو لبیک کہنے کے لئے تیار ہوں، لیکن آپ کے قضیہ کو ہرگز ہرگز ابدالاباد تک تسلیم نہیں کر سکتا (دوات اٹھا کر) جب تک اس مدادالاسود کا ایک قطرہ بھی باقی رہے گا، میں براہین قطعی سے آپ کی تردید کروں گا—

مرزا نوشہ: حضرت قبلہ —

فلسفی: آپ ہیں کس مغالطہ میں۔ میں بالعقل و النقل

بالمجادلہ و المباھاۃ اپنے قضیہ پر مستقل رھوں گا - السعی منی والاتمام من اللہ —

مرزا نوشہ: (زبردستی سامنے آکر) یا ابوالارسطا طالیس کیا یہ بندہ کمترین اس برھمی مزاج کی وجہ دریافت کر سکتا ھے —

فلسفی: (غصہ سے مرزا کو دیکھہ کر) میرے پاس اس کی معقول ترین وجوھات ھیں —

مرزا نوشہ: کچھہ تو ارشاد ھو —

فلسفی: کیا عرض کیا جاے - مرزا صاحب - بیان کرنے سے جگر شق ھوتا ھے - اصل یہ ھے کہ آج کل یہ دنیا مصدر انتشار و محل فساد ھوگئی ھے - نظام کائنات درھم برھم ھونے کو ھے - عوام کالانعام کی دریدہ دھنی اور جسارت حد اعتدال سے متجاوز ھوگئی ھے - سمجھہ میں نہیں آتا کہ شہر کے ارباب حل وعقد ایسی باتوں کے وقوع و صدور کی اجازت دینے سے پہلے غرق بحر انفعال و خجالت کیوں نہیں ھوجاتے —

مرزا نوشہ: جناب کچھہ ارشاد تو فرمائیں - آخر وہ بات کیا ھے -

فلسفی: بات، اجی حضرت سانحہ ھے سانحہ - واقعہ فاجعہ ھے - لوگ علانیہ "ٹوپی کی صورت" کہتے پھرتے ھیں - مجھے استعجاب ھے کہ منتقم حقیقی ان سے بدلہ کیوں نہیں لیتا - کہیں ٹوپی کی بھی صورت ھوتی ھے —

مرزا نوشہ: (تعجب سے فلسفی کو دیکھ کر) کیوں جناب، اس جہاں میں کیا خرابی ہے—

فلسفی: (مرزا نوشہ کو گھور کر) مرزا صاحب، عاصی کا دعوی ہے کہ ہم کو توپی کے لئے "شکل" کا لفظ استعمال کرنا چاہئے نہ کہ صورت کا۔ صورت اور شکل میں یہ فرق ہے کہ صورت کا لفظ ذوی الحیات کے اجسام کے لئے اور شکل کا لفظ غیر ذی روح اشیاء کی ہیئت خارجی کے لئے استعمال ہوتا ہے اور چونکہ توپی جوہر حیات سے معری ہے لہذا واجب آیا کہ ہم توپی کی شکل کہیں نہ کہ توپی کی صورت۔ (پھر دروازہ کی طرف پھر کر) اے جاہل مطلق شخص! یاد رکھ کہ تجھے یہ لفظ استعمال کرنا چاہئے تھا۔ یہ لفظ۔ یہ خود ارسطاطالیس کے الفاظ ہیں، ارسطاطالیس کے، تو اگر چاہے تو میں اس کی تصنیف کبیر "المقالات فی الصفات الاشیاء" میں بعینہ یہی الفاظ بتلا سکتا ہوں—

مرزا نوشہ: (الگ ہٹ کر) میں تو سمجھا تھا کہ دنیا پر کوئی آفت ناگہانی آگئی لیکن اب معلوم ہوا کہ صرف صورت اور شکل کی بحث ہے، لاحول ولا قوۃ (فلسفی سے) حضور اب اس قضیہ نا مرضیہ کو اپنے ذہن مبارک سے نکال ڈالیں.....

فلسی: مرزا صاحب اس وقت میں فرط غضب سے لرزہ بر اندام ہو رہا ہوں۔ میں خود نہیں جانتا کہ میں اس وقت کس دنیا میں ہوں۔ اور کیا کر رہا ہوں —

مرزا نوشہ: اگر حضور صورت اور ٹوپی دونوں سے تھوڑی دیر کے لئے دست بردار ہو جائیں تو کچھ عرض کروں —

فلسفی: (دروازہ کو دیکھتے ہوئے) گستاخ۔ بے ادب۔

مرزا نوشہ: حضور آپ جانے دیں۔ میں یہ کہنے کے لئے ....

فلسفی: (اسی طرح) جاہل۔ اجہل۔

مرزا نوشہ: للہ مولوی صاحب میری طرف.....

فلسفی: مردود۔ ایسے قضیہ مہملہ پر مصر ہوتا ہے —

مرزا نوشہ: اجی کوئی جاہل تھا۔ آپ جانے دیجئے —

فلسفی: خود ارسطاطالیس اس کی تکذیب کر چکا ہے —

مرزا نوشہ: بالکل بجا ارشاد ہوا۔ میں اس لئے حاضر ہوا تھا.....

فلسفی: اور پھر اپنی غلطی کے لئے اتنا طومار طویل الذیل —

مرزا نوشہ: جناب کا خیال بالکل صحیح ہے۔ (اس دروازے کے پاس جاکر جس کی طرف دیکھ کر فلسفی بگڑ رہا تھا) —

تم بے شک بیوقوف ہو اور جاہل ہو اور اتنے گستاخ کہ ایک پڑھے لکھے حکیم سے بحث کرتے ہو —

(فلسفی کے پاس جاکر) حضور اب یہ معاملہ ختم ہو گیا اور اب ذرا میری عرض سن لیجئے۔ میں کمال پریشانی کے عالم میں جناب سے مشورہ کرنے کے لئے حاضر ہوا تھا۔ میں چاہتا ہوں کہ انصرام امور خانہ داری کے لئے ایک خاتون کے ساتھ نکاح کروں، یہ خاتون ماشاءاللہ حسین، اور صحیح العقیدہ واقع ہوئی ہیں، میں اُن پر مائل بھی ہوں اور وہ بھی اس رشتہ سے خوش ہیں۔ ان کے والد بزرگوار بھی اس تجویز سے متفق ہیں۔ لیکن.... خاکسار کو.... کسی قدر جگ ہنسائی کا خوف ہے، آپ تو واقف ہیں ایسی عورتوں کے شوہروں پر ہنستے سب ہیں، لیکن کوئی ان کی حالت پر رحم نہیں کرتا۔ حضور خدا کے فضل سے حکیم ہیں، دانا ہیں، اس لئے جناب کے مشورہ کی ضرورت ہے،

فلسفی: (دروازے کی طرف گھور کر) میں خلا کے امکان کو چاہے مان لوں، چاہے یہ بھی تسلیم کرلوں کہ میں خر نامشخص ہوں، لیکن حاشا وکلا کہ میں توپی کے لئے صورت کے لفظ کو ہرگز ہرگز روا نہیں رکھ سکتا—

مرزا نوشہ: الگ ہٹ کر) اس شخص سے خدا سمجھے۔ (فلسفی سے) مولانا۔ خدا کے لئے کسی غریب کی بات تو سن لیا کیجئے۔ میں ایک گھنٹہ سے جناب کو متوجہ کررہا ہوں، لیکن آپ ہیں کہ جواب ہی نہیں دیتے—

فلسفی: معاف کیجئے گا، مرزا صاحب، لیکن میرا اس

وقت کا غیظ و غضب کچھہ بے محل نہیں—

مرزا نوشہ: خیر، اب اس غصہ کو دور فرمائیے اور للہ تکلیف کر کے میری طرف متوجہ ہو جائیے—

فلسفی: بطیب خاطر، میں ہمہ تن گوش ہوں، تصدیعہ فرمائیے

(دونوں بیٹھہ جاتے ہیں۔ مرزا فلسفی کے سیدھے ہاتھہ کی طرف بیٹھا ہے)

مرزا نوشہ: میں جناب سے ایک خاص مسئلہ کے متعلق گفتگو کرنا چاہتا تھا—

فلسفی: تو جناب کس زبان سے کام لیں گے—

مرزا نوشہ: زبان؟

فلسفی: جی ہاں۔

مرزا نوشہ: قبلہ میں اسی زبان سے گفتگو کروں گا جو میرے منہ میں ہے۔ کسی پڑوسی کی زبان تو میں مستعار لینے سے رہا—

فلسفی: میرا امر مستفسرہ یہ تھا کہ السنہ قدیمہ و جدیدہ میں سے آپ اظہار خیال کے لئے کس کو منتخب کریں گے—

مرزا نوشہ: اچھا، میں اب سمجھا—

فلسفی: کیا جناب زبان عربی میں مکالمت کریں گے۔

مرزا نوشہ: جی نہیں۔

فلسفی: عبرانی زبان میں۔

مرزا نوشہ: نہیں صاحب۔

فلسفی: سریانی میں۔

مرزا نوشہ: توبہ کیجیے حضرت، میں سریانی کیا جانوں۔

فلسفی: کلدانی، ترکی، سامی، چینی، المانی، انگریزی فارسی، آخر ان میں سے کوئی زبان تو استعمال فرمائیے گا۔

مرزا نوشہ: (جز بز ہو کر) نہیں، صاحب، نہیں، نہیں، نہیں، خاکسار صرف اُردو زبان میں گفتگو کرے گا۔

فلسفی: (نفرت سے مرزا کو دیکھ کر) اُردو زبان میں!

مرزا نوشہ: جی ہاں، عرض تو کر رہا ہوں۔

فلسفی: تو از راہ عطوفت یہیں سے اُٹھ کر یسار کی طرف تکلیف فرمائیے۔ عاصی کا دایاں کان صرف السنہ غیر بولنے والے حضرات فضلا و علماء کی نغز گفتاری کے لئے مخصوص ہے آپ ایسے مادری زبان بولنے والے جہلا کے لئے خاکسار کا یہ کان (بائیں کان کی طرف اشارہ کر کے) مخصوص ہے، (مرزا کو داہنی طرف سے اُٹھا کر بائیں طرف بٹھا دیتا ہے)

مرزا نوشہ: حضرت مولانا! بندے کا ارادہ ایک نوجوان حسینہ کے ساتھ شادی کرنے کا ہے، مجھے اُن سے بہت محبت ہے اور ان کے والد بزرگوار بھی اس رشتہ سے راضی ہیں، لیکن مجھے ایک امر کا خدشہ ہے اور وہ یہ کہ.....

فلسفی: (مرزا کی طرف متوجہ نہیں ہے) نطق ترجمانی

و ترسیل خیالات کے لئے ودیعت کیا گیا ہے، جس طرح تصورات اشیاء کے نمایندے ہوتے ہیں، اسی طرح الفاظ تصورات کی ترجمانی کرتے ہیں (مرزا غصہ سے فلسفی کے منہ پر ہاتھہ رکھہ دیتا ہے۔ ہاتھہ ہٹاتے ہی فلسفی پھر وہی سلسلہ شروع کر دیتا ہے، یہ کئی مرتبہ ہوتا ہے) لیکن ان نمایندوں اور دوسرے نمایندوں میں تباین ہے، بدیں وجہ کہ وہ نمایندے مشخص ہوتے ہیں اپنے اپنے اصل سے۔ درآنحالیکہ شق ثانی اپنے اصل پر بالذات حاوی ہے، وہ بالاصل تصور ہے جس کی توضیح علامت خارجی سے ہوتی ہے، یہ مبرہن ہے من یحسن الفکر، یحسن القول، اندریں خصوص جناب اس بندۂ عاصی پر اپنے تصورات عالیہ کا اظہار علامات سریع الفہم سے فرمائیں۔

(مرزا فلسفی کو دروازے کے اندر دھکا دے کر باہر سے دروازہ بند کر لیتا ہے)

فلسفی: (اندر سے) اللسان ترجمان القلب، (کھڑکی کے اوپر چڑھ کر اور گردن باہر نکال کر کہتا ہے) زبان ہی ایک ایسا آئینہ ہے جو ہماری انفرادیت کے حقایق کو منعکس کرتا ہے، پس چونکہ تم صفت استدلال سے متصف اور حیوان ناطق واقع ہوے ہو، فلہذا کلمہ کا استعمال

کر کے کیوں اپنے منشاء مافی الضمیر کو ظاہر نہیں کرتے—

مرزا نوشہ: میں بھی تو کر رہا تھا، لیکن آپ میری سنتے ہی نہیں —

فلسفی: نہیں اب میں مخاطب ہوں، آپ فرمائیں -

مرزا نوشہ: مولانا بات یہ ہے کہ ————

فلسفی: لیکن طوالت گفتار سے احتراز واجب ہے —

مرزا نوشہ: ایسا ہی ہو گا—

فلسفی: خواہ مخواہ اطناب کلام سے کام نہ لیا جائے -

مرزا نوشہ: خدا کے لئے مولانا.....

فلسفی: اختصار کلام سے کام لے کر اپنی مکالمت کو "البحر فی الکوزہ" کا مصداق بنائیے —

مرزا نوشہ: میں عرض تو کر چکا ہوں.....

فلسفی: بے محل تشریح و توضیح سخن، الفاظ و استعارات، و تمثیلات کی تکلیف دہ ژولیدگی سے پرہیز کرنا چاہئے —

(مرزا عاجز ہو کر فلسفی کو مارنے کے لئے پتھر اُٹھاتا ہے--

فلسفی: یہ کیا حرکت مذموم ہے، بجائے اظہار خیالات کے تم مغلوب الغضب کیوں ہوے جاتے ہو، (دروازہ کی طرف اشارہ کرکے) بس صاحب آپ بھی سیدھی طرح تشریف لے جائیے - آپ تو اس نامعقول سے بھی زیادہ دریدہ دہن

و بد انگام ہیں ' جس نے ٹوپی کے لئے صورت کا لفظ استعمال کیا تھا (نیچے آجاتا ہے) میں ہر وقت' ہمیشہ ' اور ہر مقام پر دلائل ساطعہ و براہین قاطعہ سے ' برہانات لمی و انی سے تم پر یہ امر ثابت کر سکتا ہوں کہ تم حیوان مطلق ہو ' اور ہمیشہ حیوان مطلق رہو گے اور میں ' علامہ خجندی ہوں ' اور ابدالاباد تک یہی رہوں گا۔انشاءاللہ تعالیٰ ہوالمستعان۔

مرزا نوشہ: (غصہ سے) کیا بکی شخص ہے —

فلسفی: میں تم پر ثابت کر دوں گا کہ میں عالم اور ادیب ہوں —

مرزا نوشہ: (طنز سے) ابھی یہ سلسلہ ختم نہیں ہوا —

فلسفی: میں صاحب فضل و صاحب ذوق ہوں (دروازہ کی طرف جاتا ہے) علوم طبیعی و اخلاقی و سیاسی میں کامل دستگاہ رکھتا ہوں۔(واپس آتا ہے) بہ ہر اسلوب و بہ ہر نہج ' مولانا' بالفضل والعلم والادب اولانا وافضل ہوں (جاتا ہے) ہر علم میں بالتفضیل دستگاہ تام رکھتا ہوں۔(آتا ہے) اساطیر اولیہ ' صنمیات ' تاریخ صرف و نحو ' بیان ' معانی ' کلام۔(جاتا ہے) ریاضی ' حساب ' مناظریات ' طبیعات ' مابعدالطبیعات ' (آتا ہے) عالمیات ' ہندسہ ' تعمیرات ' فنون عقلیہ (جاتا ہے) طب ' فلکیات

نجوم-علم قیافہ ' رمل —

(فلسفی چلا جاتا ہے اور مرزا اکیلا رہ جاتا ہے)

خدا ان عالموں سے سمجھے جو کسی کی بات سنتے ہی نہیں-یہ جو میں سنا کرتا تھا کہ ان بزرگوں کے معلم اول حضرت ارسطا طالیس محض بکی تھے یہ واقعی صحیح ثابت ہوا-خیر ' اب دوسرے حضرت کی زیارت کرنی چاہئے- شاید وہ ان مولانا سے زیادہ سنجیدہ اور معقول ہوں ' اب وہیں جاتا ہوں —

(جاتا ہے)

———: o :———

تیسرا سین- حکیم چلپی دوسرے فلاسفر کا مکان-

(مرزا داخل ہوتا ہے' حکیم صاحب مطالعہ میں مصروف ہیں)

چلپی: (مرزا کو آتا دیکھ کر اس سے مخاطب ہوتے ہیں) آئیے مرزا صاحب' کہئے کیسے آنا ہوا-

مرزا نوشہ: مولانا مجھے ایک خاص معاملہ میں آپ سے مشورہ کی ضرورت ہے-اسی لئے حاضر ہوا ہوں-

(الگ) یہ تو مرد معقول نظر آتا ہے-دوسروں کی سنتا تو ہے)

چلپی: (متانت سے) آپ شوق سے اپنے منشاء کا اظہار کیجئے، لیکن براہ کرم اس طرز گفتگو کو ذرا بدل دیجئے تو اچھا ہے۔ ہمارے فلسفہ میں لکھا ہوا ہے کہ کبھی کوئی قضیہ ایجابی اور قطعی بنا کر پیش نہ کرنا چاہئے بلکہ ہمیشہ احتمالات سے بحث کی جائے اور قطعی حکم سے اجتناب کیا جائے۔ پس آپ کو یہ نہ کہنا چاہئے کہ میں حاضر ہوا ہوں، بلکہ یوں فرمائیے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں حاضر ہوا ہوں —

مرزا نوشہ: معلوم ہوتا ہے؟

چلپی: جی ہاں!

مرزا نوشہ: یا مظہرالعجائب! حضرت معلوم تو آپ سے آپ ہوتا ہے۔ اس لئے کہ یہ واقعہ ہے —

چلپی: یہ استنتاج صحیح نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہو، لیکن واقعہ نہو —

مرزا نوشہ: قبلہ۔ یہ آپ کیا فرما رہے ہیں۔ کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ میں اس وقت جناب کے روبرو حاضر ہوں —

چلپی: یہ امر متنازعہ فیہ ہے، اور ہم کو ہر قضیہ کو مشکوک سمجھنا چاہئے —

مرزا نوشہ: (بگڑ کر) کیا فرمایا؟ کیوں صاحب کیا میں اس وقت یہاں موجود نہیں ہوں، اور کیا آپ مجھ سے مخاطب نہیں ہو رہے ہیں —

چلپی: (اسی متانت کے ساتھ) بظاہر آثار آپ میرے سامنے ہیں، اور بظاہر آثار میں آپ سے مخاطب ہوں، لیکن ایسا ہونا قطعی نہیں ہے۔

مرزا نوشہ: (عاجز ہو کر) لاحول ولاقوۃ، مولانا۔ آپ ضرور مذاق فرما رہے ہیں، میں یہاں کھڑا ہوا ہوں آپ وہاں تشریف رکھتے ہیں، یہ تو صاف واقعہ ہے۔ اس میں بظاہر آثار کا دم چھلا کہاں سے آگیا (ہاتھ جوڑ کر) للہ ان موشگافیوں اور نکتہ آفرینیوں کو ذرا دیر کے لئے چھوڑ دیجئے اور میرا معاملہ سماعت فرمالیجئے۔ میں آپ سے یہ عرض کرنے حاضر ہوا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ اپنی شادی کر لوں۔۔

چلپی: بندہ اس سے لاعلم محض ہے۔۔

مرزا نوشہ: لیکن میں جو عرض کرتا ہوں!

چلپی: ممکن ہے کہ یہی ہو۔۔

مرزا نوشہ: میں جس دوشیزہ سے شادی کرنا چاہتا ہوں وہ نوجوان اور حسین ہے۔۔

چلپی: ایسا ہونا نا ممکن نہیں ہے۔۔

مرزا نوشہ: اب فرمائیے کہ میرا اس کے ساتھ شادی کرنا اچھا ہوگا یا برا۔۔

چلپی: انہی دو صورتوں میں سے ایک۔۔

مرزا نوشہ: (الگ) اللہ رحم کرے، یہ بزرگ تو دوسری ہی راگنی سنا رہے ہیں (فلسفی سے) مولانا۔

میں آپ سے یہ دریافت کر رہا ہوں کہ دوشیزہ
مذکورہ سے نکاح کرنا اچھا ہوگا یا برا—

چلپی: یہ اتفاقات پر منحصر ہے—

مرزا نوشہ: کیا برا ہوگا—

چلپی: جیسی صورت ہو—

مرزا نوشہ: للہ ٹھیک ٹھیک جواب تو دیدیا کیجیے—

چلپی: بندے کی نیت بھی یہی ہے—

مرزا نوشہ: مجھے یہ لڑکی بہت پسند ہے—

چلپی: ہاں یہ ممکن ہے—

مرزا نوشہ: اس کا باپ بھی راضی ہے—

چلپی: اس کے راضی ہونے کا بھی امکان ہو سکتا ہے۔

مرزا نوشہ: لیکن مجھے ڈر ہے کہ کہیں شادی کرنے کے بعد
مجھے دھوکہ نہ ہو—

چلپی: یہ چیز بھی ممتنع نہیں ہے

مرزا نوشہ: تو پھر جناب کا کیا خیال ہے—

چلپی: (تھوڑی دیر سوچ کر) اس میں کوئی چیز
ناممکن تو نہیں معلوم ہوتی—

مرزا نوشہ: اچھا اگر خود آپ میری جگہ ہوتے تو کیا کرتے۔

چلپی: بندہ کچھ نہیں جانتا—

مرزا نوشہ: آپ مجھے کیا کرنے کی صلاح دیتے ہیں—

چلپی: جو آپ کی مرضی ہو—

مرزا نوشہ: واللہ! میں پاگل ہوا جاتا ہوں—

چلپی: تو بندہ اس معاملہ ہی سے ادبر داستر

ہوا جاتا ہے—

مرزا نوشہ: (زور سے) خدا اِن عقلی اُدھیڑ بن میں پڑنے والوں کو غارت کرے—

چلپی: ایسا ہونا بھی ممکنات سے ہے—

مرزا نوشہ: (الگ) رہ تو جا بدمعاش، دیکھہ تو تجھے کیسا ٹھیک بناتا ہوں۔ تمہاری یہ راگنی نہ بدلوا دوں تو نام بدل ڈالوں۔ چلے ہیں وہاں سے فلسفی بن کے، پائل کہیں کا (چلپی کو مارتا ہے)

چلپی: ہائیں۔ ہائیں۔ ارے۔ ارے یہ کیا ہو رہا ہے۔

مرزا نوشہ: یہ تمہاری ہرزہ سرائی کی سزا ہے (سانس لے کر) افوہ، اب میرے دل کی بھڑاس نکلی۔

چلپی: (نہایت غصہ سے) کیوں جی، یہ کیا بے تمیزی تھی۔ تم نے اس طرح سے میری اہانت کی، تم اور مجھہ جیسے حکیم پر ہاتھہ اُٹھاؤ!

مرزا نوشہ: (جھک کر تعظیم بجا لاکر) مولانا، اس طرز گفتگو کو بدل دیجیے تو اچھا ہے، ہر قضیہ کو مشکوک سمجھنا چاہئے۔ آپ یہ کیوں کہتے ہیں کہ "تم نے مجھہ پر ہاتھہ اُٹھایا" آپ کو یہ کہنا چاہئے کہ "ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم نے مجھے مارا"—

چلپی: بیہودہ، بے ادب انسان، میں اس زد و کوب کی شکایت منصف صاحب تک لے جاوں گا—

مرزا نوشہ: (کمال متانت سے) میں اس معاملہ

دست بردار ہوا جاتا ہوں--

چلپی: میرے جسم پر ضرب کے نشانات موجود ہیں—

مرزا نوشہ: ایسا ہونا ممکن ہے—

چلپی: یہ تو تم خود جانتے ہو کہ یہ تمہاری ہی حرکت ہے—

مرزا نوشہ: یہ بھی ناممکن نہیں ہے—

چلپی (غصہ سے) میں تمہارے نام وارنٹ جاری کراوں گا-وارنٹ—

مرزا نوشہ: بندہ اس سے لاعلم محض ہے—

چلپی: اور تم کو سزا دلواوں گا

مرزا نوشہ: یہ بھی ممتنع نہیں ہے—

چلپی: دیکھنا کہ میں کیا کرتا ہوں— (چلا جاتا ہے)

مرزا بھی چلا جاتا ہے—

———: o :———

چوتھا سین— راستہ

مرزا نوشہ: (اکیلا-رومال سے پسینہ صاف کرکے) اب کیا کیا جاے-اس مردود شخص سے تو ایک حرف بھی مشورہ کا نہ مل سکا اور بندہ جیسا آیا تھا ویسا ہی جاتا ہے'شادی کا انجام اتنا مشتبہ ہے کہ سمجھہ میں نہیں آتا کہ کیا کروں-مجھہ سے

زیادہ پریشان کبھی کوئی بھلا آدمی کاھے کو
ھوا ھوگا—

(راستہ کی طرف دیکھہ کر)۔ آخر جوتشی جی پدھار
رھے ھیں، شاید ان سے قسمت کا حال معلوم ھو—

جوتشی جی: (فال کھولیں، رمل نکالیں)

مرزا نوشہ: (آگے بڑھ کر) پالاگوں مہاراج! ذرا ھمارے
کرم کا لیکھا بھی بتلا دیجے—

جوتشی جی: دھن ھو مہاراج، جے ھوگی، (زمین پر پوتھی
کھول کر بیٹھہ جاتے ھیں) لاؤ مہاراج سیدھا
ھستھہ پسارو۔ پدھی پہلے دیوتاؤں کی پرشاد
کے روپیہ دلاؤ—

مرزا نوشہ: (زمین پر بیٹھہ کر) لو مہاراج یہ روپیہ لو
اور میرا کرم بانچ دو،

جوتشی جی: (مرزا کے دائیں ھاتھہ پر ھاتھہ پھیر کر) نم
منم، نم منم سواھا، مہاراج تمھارا نچھتر اترا
کھاد ھے۔ بیا گھات جوگ گنتالیس گھڑی
تیرہ پل پر ھے چندرمان کنیا راس میں براج
رھے ھیں۔ ۱۱ ویں کنڈلی میں برھسپت اور
کیت کا میل ھو رھا ھے، لگن کے لئے یہ گھڑی
سبھہ لکھتا ھے۔ لو سنو مہاراج، تمھارا بواہ
جس کنیا سے ھوگا وہ بڑی سندر ھوگی، اس
کی سیوا کے لئے نگری کے انوپ مانش تمھاری
حویلی پر آئیں گے، اسی کے کارن سنسار میں

تمہارا مان ہوگا—

مرزا نوشہ: جوتشی جی، یہ سب کچھہ صحیح، لیکن تم مجھے اتنا بتا دو کہ یہ کنیا ست ونتی ہوگی یا نہیں مجھے دھوکا تو نہ ہوگا—

پنڈت: (پوتھی لپیٹ کر کھڑے ہو جاتے ہیں) دھوکا کنیا ستونتی ہوگی یا نہیں! رام رام کرو مہاراج رام رام کرو، (چلا جاتا ہے)

مرزا نوشہ (اکیلا) خدا اس جوتشی سے سمجھے، یہ بھی مجھے جیسے کا ویسا چھوڑ گیا (غصہ سے) کچھہ نہیں صاحب، مجھے اس شادی کا انجام ضرور معلوم ہونا چاہئے، اب میں کیا کروں، خوب یاد آیا پیر نبی بخش جی عامل کے پاس جاتا ہوں ان کے عمل کا بڑا چرچا ہے۔ان سے پوری پوری حقیقت معلوم ہوگی۔(اتنے میں شکیلہ کا نوکر خط لئے ہوے گاتا ہوا آتا ہے) اچھا اب شاید حقوق طلبی کا دوسرا پروانہ آیا ہے (نوکر سے) کیا ہے جی؟ چونک کر اور خط چھپانے کی کوشش کر کے)

لڑکا: جی کچھہ نہیں چھوٹی بیوی کا خط لیکر مرزا فہیم کے پاس جا رہا ہوں—

مرزا نوشہ: مرزا فہیم کے پاس! میں یہ خط ضرور پڑھوں گا، (لڑکے سے) لا یہ مجھے دیدے میں مرزا فہیم کو دے دوں گا، تو کہاں جاے گا، یہ لے

چونی ' مٹھائی کھا لینا —

(لڑکا سلام کرکے رخصت ہوتا ہے۔ مرزا خط پڑھتے ہیں)

" فہیم صاحب ' تسلیم ' آپ کا خط ملا۔ آپ بھی کتنے جلد متاثر ہوجاتے ہیں ' کیا آپ سمجھتے ہیں کہ مرزا نوشہ سے شادی کرکے میں بدل جاؤں گی ' یا آپ کا خیال میرے دل سے نکل جائے گا آپ اتنا نہیں سمجھتے کہ اس بوڑھے کی عمر اب کتنے دن کی اور ہے ' چراغ سحری ہو رہا ہے ' اس کے مرنے کے بعد کوئی کانٹا نہ رہے گا ' سردست روپیہ حاصل کرنے کی تدبیر ضروری ہے ' امید ہے کہ آپ اپنے دل کو سمجھا لیں گے ' خدا حافظ "

مرزا خط پڑھ کر غصہ سے پھاڑ ڈالتا ہے " حد ہوگئی سر سے پانی اونچا ہوگیا اب تو مجھے ان نیک بخت سے پیچھا چھڑانا ہی پڑا۔ لاحول ولا قوۃ ' تھوڑا روپیہ خواہ مخواہ خرچ ہوگیا ' لیکن اگر یہ نسبت ٹوٹ جائے تو میں روپیہ سے بھی صبر کر لوں اور سمجھوں کہ بھر پایا۔ میں مرزا عسکری کے پاس جاکر تصفیہ ہی کئے لیتا ہوں —

(جاتا ہے)

———:o:———

پانچواں سین- مرزا عسکری کا مکان- عسکری بیٹھا ہوا ہے، حقہ پی رہا ہے

(مرزا آتا ہے) آخاہ، میاں نوشہ- آؤ بھائی کہو کیسے آے-

مرزا: آداب عرض کرتا ہوں—

عسکری: جیتے رہو، کہو کچھہ کہنا ہے—

مرزا: (تامل سے) قبلہ- کیا عرض کروں، بات یہ ہے کہ بندے نے آپ سے درخواست کی اور آپ نے مجھے اپنی غلامی میں لینا منظور بھی فرما لیا، لیکن اب مجھے خیال آرہا ہے کہ میں ضعیف ہو گیا ہوں اور آپ کی صاحبزادی کے لئے موزوں نہیں ہوں—

عسکری: کیا باتیں کرتے ہو، میاں بچی تو تم سے خوش ہے، اسے تمہاری عمر کا کوئی خیال بھی نہیں ہے، انشاالله، اچھی طرح بسر کر لے جاے گی

مرزا: بجا ارشاد ہوا، لیکن قبلہ، خاکسار کا مزاج بہت وہمی واقع ہوا ہے- بعض اوقات جنون کے دورے بھی اُٹھتے ہیں، وہ غریب اس کی تاب کیوں کر لاے گی—

عسکری: نہیں بھائی، میری لڑکی ماشاالله بہت سنجیدہ و فہمیدہ ہے، وہ ضرور نبھا لے جاے گی

مرزا: جناب والا، بندہ کچھہ عوارض جسمانی میں بھی مبتلا ہے —

عسکری: خیر کیا ہوا، صحت بیماری مقدر کی بات ہے۔ نیک بیویاں اپنے شوہروں کی بیماری کی وجہ سے اُن سے نفرت تو نہیں کرتیں —

مرزا: پھر تو صاف صاف عرض کرنا پڑے گا، میرا مشورہ جناب کو یہ ہے کہ انہیں میرے عقد میں نہ دیں —

عسکری: (غصہ سے) میاں مجھہ سے مذاق کرتے ہو، میں مرتے مرتے مرجاوں گا، لیکن وعدہ خلافی نہ کروں گا —

مرزا: حضرت میں اس وعدہ سے جناب کو سبکدوش کئے دیتا ہوں —

عسکری: نا ممکن ہے، میں تم کو قول دے چکا ہوں اور اگرچہ اس کے رشتہ کے اور لوگ بھی متمنی ہیں، لیکن وہ تمہیں کر دی جائے گی —

مرزا: (الگ) جی ہاں، میں قبول کئے ہی تو لیتا ہوں۔

عسکری: میاں بات یہ ہے کہ مجھے تمہارا خاص طور پر خیال ہے، اور تم مجھے بہت پسند ہو، تمہاری خاطر تو میں اسے شاہزادوں کو بھی نہ دوں، کبھی نہ دوں —

مرزا: خیر یہ حضور کی ذرہ نوازی ہے، لیکن جناب میں قطعی تصفیہ کرچکا ہوں کہ ہرگز شادی

نہ کروں گا۔

عسکری: کیا کہا، کبھی شادی نہ کروں گا۔

مرزا: جی ہاں۔

عسکری: آخر وجہ، سبب؟

مرزا: اس لئے کہ میں اپنے آپ کو شادی کے قابل نہیں سمجھتا، اور کیا سبب ہو سکتا ہے؟ دوسری بات یہ ہے کہ میں اپنے والد مرحوم اور دوسرے بزرگوں کا اتباع کرنا چاہتا ہوں، یہ سب حضرات ہمیشہ اپنی شادیوں کے مخالف رہے۔ اور کبھی اس پر راضی نہ ہوئے۔

عسکری: اچھا تو سنو، اپنی اپنی پسند ہے، میں تم کو مجبور ہرگز نہیں کرتا۔ تم نے شادی کا وعدہ کرلیا تھا، اس لئے میں نے جملہ سامان مکمل کرلیا تھا، اب تم اس سے کنارہ کش ہو رہے ہو، تو خیر، میں زنانے میں جاکر تصفیہ کئے لیتا ہوں اور تم کو ابھی نتیجہ معلوم ہو جائے گا۔ (جاتا ہے)

مرزا: (اطمینان کی سانس لے کر) شکر ہے کہ یہ بزرگ امید سے زیادہ سمجھدار نکلے، میں تو سمجھتا تھا کہ پیچھا چھڑانا دشوار ہو جائیگا۔ واللہ! جب میں غور کرتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ میرا کنارہ کش ہونا اچھا ہی ہوا، اگر میں یہ حرکت کر گذرتا تو عمر بھر پچھتانا

پوتا: (راستہ کی طرف دیکھہ کر) اچھا صاحب زادے صاحب جواب لے کر آرہے ہیں—

(مرزا صمصام بڑے کر و فر سے داخل ہوتے ہیں ہاتھہ میں ایک چھڑی اور دو تلواریں ہیں بہت نرمی سے کہتے ہیں)

مرزا صاحب: خادم کی تسلیم قبول ہو—

مرزا: (مرزا اُٹھہ کر اور سلام کرکے) آداب عرض کرتا ہوں—

صمصام: حضرت قبلہ گاہی سے ابھی ابھی معلوم ہوا کہ جناب نے میری خواہر کے ساتھہ نکاح (رک رک کر) کرنے کا جو وعدہ کیا تھا اس سے اب کنارہ کش ہورہے ہیں—

مرزا: بجا ارشاد ہوا، کیا عرض کروں، کمال افسوس ہوا لیکن.....

صمصام: معذرت کی کیا ضرورت ہے۔اس میں ہرج ہی کیا ہوا—

مرزا: جی نہیں، میں صحیح عرض کرتا ہوں کہ مجھے بے انتہا قلق ہوا، میری خواہش تو یہ تھی کہ.....

صمصام: نہیں صاحب یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے، (دو تلواریں پیش کرتا ہے) مہربانی کرکے ان میں سے ایک تلوار پسند فرمالیجئے—

مرزا: (حیرت سے اس کا منہ دیکھہ کر) ایک تلوار پسند کرلوں؟

صمصام: (متانت کے ساتھہ) جی ہاں! عنایت ہوگی—

مرزا: آخر کیوں؟

صمصام: جی کچھہ نہیں۔ آپ نے وعدے کے باوجود میری خواہر کے ساتھہ عقد کرنے سے انکار کیا۔ اور اب مجھے امید ہے کہ جناب اس حقیر ہدیہ کو قبول فرمائیں گے—

مرزا: میں سمجھا نہیں؟

صمصام: اگر کوئی اور ہوتا، تو خواہ مخواہ شور وغوغا مچاتا، آپ پر غصہ ہوتا، لیکن (مونچھوں پر تاؤ دے کر) ہمارا فرقہ ہر کارروائی نہایت اطمینان کے ساتھہ کرتا ہے اور میں اس وقت آپ سے بہ ادب یہ درخواست کرنے حاضر ہوا ہوں کہ اگر جناب کی رائے ہو تو ہم لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنے کی کوشش کریں—

مرزا: یہ عجیب طرح کا ہدیہ ہے—

صمصام: جلدی کیجیے صاحب۔ (تلوار بڑھا کر) ایک تلوار اٹھا لیجئے—

مرزا: (ڈر کر رکتے ہوے) ویسے تو میں آپ کا ادنیٰ خادم ہوں لیکن سردست مجبور ہوں۔ اس لئے کہ مشق قتل کے قابل کوئی سر میرے پاس نہیں ہے—

(الگ) اس کے تیور تو بڑے بیڈھب نظر آتے ہیں—

صمصام: جناب من، معاف فرمائیے گا، لیکن جو میں عرض کر چکا ہوں، وہ ہوگا ضرور،

مرزا: (غصہ سے) حضرت ایسی پیشکش پر تین حرف۔

صمصام: ہم لوگ ذرا عجلت سے کام لیں تو مناسب ہو، بندے کو مشاعرہ میں جانا ہے۔

مرزا: جناب میں صاف صاف کہے دیتا ہوں کہ اس وقت مجھے اس کام کی مطلق خواہش نہیں ہے۔

صمصام: تو کیا آپ جنگ نہ فرمائیں گے۔؟

مرزا: واللہ نہیں، ہرگز نہیں،

صمصام: کیا آپ تصفیہ کر چکے ہیں۔

مرزا: جی ہاں،

صمصام: (مرزا کو بید سے مارتا ہے، پھر بہت ملائمت سے کہتا ہے) تو اب کم از کم جناب کو شکایت کا تو کوئی موقع نہ ہوگا، آپ خود واقف ہیں کہ میں کس قدر با ضابطہ کارروائی کر رہا ہوں، آپ نے وعدہ خلافی کی، میں نے آپ سے جنگ کرنی چاہی، آپ نے انکار کیا، میں نے آپ کو زد و کوب کی۔ یہ تمام کارروائی بالکل ضابطہ کے مطابق ہوئی ہے۔ آپ شریف آدمی ہیں اور امید ہے کہ میرے طرز عمل پر آپ کو اعتراض نہ ہوگا۔

مرزا: (الگ) (یہ تو بڑا نابکار نکلا)۔

صمصام: (پھر تلوار پیش کر کے) آئیے صاحب، شرفا کی

طرح کام کیجئے ، ورنہ مجھے مجبوراً گوشمالی کرنی پڑے گی —

مرزا: کیا آپ لڑنے پر تلے ہی ہوئے ہیں —

صمصام: جناب ، بندہ کبھی کسی کو مجبور نہیں کرتا ، یا تو آپ مجھ سے جنگ فرمائیے یا میری خواہر کے ساتھ نکاح کیجئے —

مرزا: حضرت افسوس ہے کہ ان دونوں صورتوں میں سے کوئی بھی منظور نہیں ہے —

صمصام: واقعی !

مرزا: واقعی —

صمصام: اچھا تو پھر اجازت ہے نہ (مارتا ہے)

مرزا: ارے ارے یہ کیا ہو رہا ہے —

صمصام: جناب مجھے بے انتہا ملال اس بات کا ہے کہ مجھے آپ کے ساتھ یہ سلوک کرنا پڑتا ہے لیکن بہ ادب اتنا عرض کرتا ہوں کہ جب تک آپ میری ہمشیرہ کے ساتھ نکاح کا وعدہ نہ فرمالیں میں ہاتھ نہیں روک سکتا ۔ (چھڑی اٹھاتا ہے) ۔

مرزا: (لجاجت سے) اچھا بھائی معاف کرو ، میں شادی کروں گا ، کروں گا —

صمصام: مہربان من ، مجھے بہت خوشی ہوئی کہ آپ کے حواس بجا ہو گئے ، اور اب معاملہ صاف ہے ۔ میں بہ حلف عرض کرتا ہوں کہ میں دنیا میں

سب سے زیادہ آپ کی عزت کرتا ہوں ۔ اور اگر
آپ مجھے بدسلوکی پر مجبور کرتے تو مجھے بے
انتہا ملال ہوتا۔ تو میں اب قبلہ گاہی کو بلائے
لاتا ہوں ۔ اور انہیں تصفیہ کی اطلاع دئے
دیتا ہوں (دروازے کے پاس جاکر کہتا ہے)
" ابا جان ۔ مرزا نوشہ اب معقولیت کے ساتھہ
گفتگو کرنے پر آمادہ ہیں۔ انہوں نے نیت کرلی
ہے کہ اب ہر کام بطریق احسن کروں گا۔ اب
آپ خواہر کو اُن کے نکاح میں دے سکتے ہیں —

مرزاعسکری: (باہر آکر) میاں ! قاضی صاحب موجود ہیں ۔
تم کو صرف قبلت کہنے کی زحمت ہوگی —

خدا کا شکر ہے کہ مجھے اس بلا سے نجات مل گئی ۔ اب اس
کی حفاظت کرنا تمہارا فرض ہے ۔ آؤ۔ اب اس کار خیر سے
فراغت کر ڈالیں ۔ اور خدا کا شکر بجالائیں —

دراپ سین

اخبار علمیہ

ریڈیو (Radio) کی حیرت انگیز ایجادوں میں روز بروز اضافہ ہوتا جاتا ہے، چنانچہ Broad casting (اشاعت اصوات) کے لئے خود ہمارے ہندوستان میں کلب قائم ہو چکے ہیں اور شوقین لوگ ان میں جا کر لندن کے مشہور کلاونتوں کے گانے سن سکتے ہیں، لیکن یورپ اور امریکہ میں اس کی نت نئی ایجادیں ہو رہی ہیں۔ آوازوں کی طرح تصویریں بھی چشم زدن میں ہزاروں کوس دور بھیجی جا سکتی ہیں، مثلاً اگر امریکہ میں ایک شخص تقریر کر رہا ہو، تو آپ ہندوستان میں اپنے گھر بیٹھے ہوے آج ہی اس کی تقریر بھی سن سکتے ہیں اور اسے دیکھ بھی سکتے ہیں! اگر یہ ایجاد عام ہو گئی تو دلچسپی کے موقعوں پر جو جم غفیر ہوتا ہے وہ نہ ہوا کرے گا اور دنیا کے اہم واقعات مثلاً کسی مشہور مقرر کی تصویر، تربی کی دوڑ وغیرہ ہر شخص گھر بیٹھے دیکھ سکے گا۔

دور بصری (Television) کے علاوہ ریڈیو (Radio) کی مدد سے دور نویسی بھی ممکن ہو گئی ہے، آپ ادھر

اپنے کمرے میں کسی کاغذ پر دستخط کیجئے، اُدھر چند منٹوں میں دور سے دور مقام پر یہ دستخط پہونچ جائیں گے اور ایک دوسرے آلہ کی مدد سے آپ کا عکس بھی اسی طرح منتقل ہو سکے گا، اس ایجاد نے اگر ایک طرف جرائم کی تعداد میں اضافہ کا امکان پیدا کر دیا ہے تو دوسری طرف اسی کی مدد سے مجرموں کی گرفتاری کے نئے نئے طریقے نکل رہے ہیں، چنانچہ اطلاع ملی ہے کہ لندن کے کانسٹبلوں کو دیاسلائی کی ڈبیا کے برابر ایک آلہ دیا گیا ہے، جب کہیں واردات ہو گی تو صدر دفتر سے اس کی اطلاع چشم زدن میں ہر چوکی پر پہونچ جائے گی اور اس آلہ کے ذریعہ ہر چوکی اس واردات کی پوری تفصیل معلوم کر سکے گی اور فوراً مستعد ہو جائے گی —

حال ہی میں برلن میں ایک ایسا ہوائی جہاز بنایا گیا ہے جس کے پر حسب ضرورت کھولے اور تہ کئے جا سکتے ہیں۔ اس مشین سے معمولی موٹر کا کام بھی لیا جا سکتا ہے اور تھوڑی سی دیر میں حسب ضرورت یہ اُڑنے کے لئے بھی تیار ہو سکتی ہے، یہ "ہوائی موٹر" عنقریب جرمنی کے بازاروں میں بکنا شروع ہو گی —

انسانی قلب کی دھڑکن اس قدر خفیف ہوتی ہے کہ آسانی سے سنی نہیں جا سکتی، خصوصاً مرض یا چیر پھاڑ کی حالت میں قلب کی حرکت کا اندازہ لگانا اور بھی

دشوار ہے۔ لیکن ابھی حال میں وسٹ منسٹر (انگلستان) میں لاسلکی (Wireless) آلات کی جو نمائش ہوئی اس میں ایک ایسا آلہ بھی رکھا گیا تھا جس کی مدد سے قلب کی حرکت کی آواز زور کی ہو جاے چنانچہ اب کئی ڈاکٹر ایک کمرے میں بیٹھے ہوے مریض کے دل کی دھڑکن کو آسانی کے ساتھ سن سکتے ہیں۔ توقع کی جاتی ہے کہ اس ایجاد سے چیر پھاڑ کے حادثوں میں کمی ہو جاے گی —

زمانۂ حال کی مختلف خصوصیات اور ان کے نتائج سے بحث کرتے وقت پرانے لوگ یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ آج کل آدمی کی عمر کم ہو گئی ہے، اور سائنس کی ایجادات، زندگی کی بڑھی ہوئی جد و جہد، ضروریات زندگی کی گرانی، انسانوں کے ہجوم، اور نئے نئے امراض کے شیوع کو دیکھتے ہوے ان کا یہ قیاس غلط نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن مسٹر ہینسن (L. A. Hensin) نے امریکہ کے رسالہ Life and Health (زندگی و صحت) میں جو اعداد شایع کئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم اس ملک کے متعلق یہ خیال صحیح نہیں ہے —

ان اعداد سے معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ میں سنہ ۱۸۰۰ع میں اوسط درازی عمر ۳۳ سال سنہ ۱۸۵۵ میں ۴۰ سال اور سنہ ۱۹۲۰ میں ۵۸ سال تھی گویا کہ سنہ ۱۸۵۵ کے مقابلہ میں اب انسان کی عمر میں ۱۸ سال کا اضافہ ہوا۔

اسی سلسلہ میں ناظرین کے لئے یہ معلوم کرنا باعث

دلچسپی ہوگا کہ درازی عمر کے بارے میں امریکہ کا نمبر پانچواں یا چھٹا ہے، نیو زیلینڈ (New zealand) اس معاملے میں سب سے اول ہے، وہاں اوسط عمر ۶۰ سال ہے، آسٹریلیا، ڈنمارک، ناروے، سویڈن، ہالینڈ کا نمبر اس کے بعد آتا ہے، غریب ہندوستان اس معاملے میں سب سے پیچھے ہے یہاں اوسط عمر ساڑھے بائیس سال ہے!

شرح اموات میں بھی یہی فرق نظر آتا ہے، مختلف سالوں میں امریکہ میں اوسط شرح اموات فی ہزار حسب ذیل رہی —

سنہ ۱۹۱۱ع	۱۷
سنہ ۱۹۲۳ع	۱۲٫۳
سنہ ۱۹۲۴ع	۱۱٫۶

حالانکہ ہمارے ملک میں یہی شرح ۳۷ فی ہزار ہے!

موٹروں میں جو برقی مورچے ہوتے ہیں ان میں بجلی کی رو رواں کرنے کے لئے اب تک یا تو کھٹکوں سے کام لیا جاتا تھا یا دستہ سے، لیکن اب ایسے مورچے (Batteries) بنائے گئے ہیں جن میں صرف آواز کی تموجات سے رو جاری ہو سکتی ہے۔ آئندہ موٹر چلانے والے اسے "چالو" (Start) کرنے کی دقتوں سے بچ جائیں گے اور جس طرح جانوروں کو پکار کر چلایا جاتا ہے، اسی طرح پچکار کر موٹروں کو بھی چلایا جائے گا —

جرمنی اپنی حیرت انگیز کیمیاوی ایجادوں کے لئے ھمیشہ مشہور رھا ھے ' اسی ملک کے کیمیا دانوں نے پہلے مصنوعی طور پر نیل بنا کر ھندوستانی قدرتی نیل کو میدان سے ھٹایا ' اور کارخانوں میں مصنوعی طریقوں سے نائٹروجن (Nitrogen) پیدا کرکے جنوبی امریکہ کی شورہ سازی کی صنعت کو صدمہ پہونچایا - اب اطلاع ملی ھے کہ پروفیسر برگیس (Burgius) اور پروفیسر فشر (Fitscher) متعدد تجربات کے بعد کوئلے سے پٹرولیم نکالنے میں کامیاب ھوگئے ھیں - حکومت جرمنی نے اس تجربہ کی تکمیل کے لئے ۲۶۰۰۰۰۰ روپیہ منظور کئے ھیں - اندازہ کیا جاتا ھے کہ ۶۰ من کوئلے سے تقریباً ۳۰ من تیل نکالا جاسکے گا - یہ تیل معمولی قدرتی پٹرولیم کے مقابلے میں بہت کم دھواں دیتا ھے ' دیکھنا ھے کہ یہ ایجاد کوئلہ کی صنعت پر کیا اثر ڈالتی ھے ؟

اب تک گھڑی کی سوئیوں سے وقت کا اندازہ لگایا جاتا تھا ' لیکن اب ایسی گھڑیاں بنائی گئیں ھیں جن میں سوئیوں کی ضرورت نہیں ھوتی ' اور موٹر کے رفتار پیما (Speedometer) کی طرح خود بخود ھندسے نمودار ھوتے رھتے ھیں ' مثلاً سوا دس بجے گھڑی کی کھڑکی میں حسب ذیل ھندسے آتے ھیں —

10	15

یہ گھڑی بجلی کی قوت سے چلتی ہے، اور چونکہ سوئیوں کے مقابلے میں ہندسے زیادہ آسانی کے ساتھہ وقت بتا سکتے ہیں، اس لئے یہ ریلوے اسٹیشنوں کے لئے خاص طور پر موزوں ہے—

زمانۂ جدید میں طباعت اور صحافت کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ان میں تصویریں بہت کثرت سے استعمال کی جاتی ہیں، اور اس کے فوائد سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا، لیکن عکس اندازی (Photography) میں اب تک سب سے بڑی دقت یہ تھی کہ وقت بہت صرف ہوتا تھا، اب ایک ایسی مشین ایجاد ہوئی ہے جو ایک گھنٹہ میں ۱۰۰۰ اعلیٰ درجہ کے آرٹ فوٹو تیار کر سکتی ہے، اس کی تصویروں کی تیاری کے لئے اندھیرے کی ضرورت نہیں ہوتی، اگر اس کا استعمال عام طور پر ہونے لگے تو ملک میں مصور رسالوں، کتابوں اور اخباروں کی کوئی کمی نہ رہے، اور ہندوستانی طباعت کی ایک بڑی مشکل حل ہو جائے—

اخبار کلیہ

جشن یوم کلیہ

ہماری گزشتہ دو مہینوں کی زندگی کا سب سے زیادہ دل چسپ اور یادگار واقعہ یہی ہے، گزشتہ آذر میں ہمارے کلیہ نے اپنی زندگی کے دو سال ختم کر لئے، اس جشن کے منانے کی یہی وجہ تھی، سفر کے مرحلوں کی طرح، زندگی کی منزلوں کا بھی کچھہ نہ کچھہ نشان ہونا چاہئے، خواہ یہ زندگی اداروں کی ہو یا افراد کی - اس سے منزل کے جائزے میں سہولت ہوتی ہے، یہ پیچھے دیکھنا، آگے بڑھنے کے لئے ہوتا ہے —

دیوالی کی تعطیلات (۱۱-۱۲-۱۳ آذر سنہ ۳۵ ف) میں یہ تقریب منائی گئی، ایک ہفتہ پہلے انتظامات شروع ہوے- کالج کی آرائش کی گئی، سامنے کے حصے اور پہلوؤں پر نفیس بیل بوٹے بنائے گئے، دیواریں سجائی گئیں، کاغذ کے پھولوں اور خوشنما بیلوں سے کالج اور اس کا ہال دلہن بن گیا- آرائش و تزئین کا کام جناب محمود علی صاحب صدر مہتمم مدرسہ صنعت و حرفت، جناب قاضی فضل الدین صاحب ڈرائنگ ماسٹر کالج، جناب نظیر محمد خاں صاحب ڈرائنگ ماسٹر مدرسہ تعلیم المعلمین اورنگ آباد اور جناب رنگناتھہ صاحب و شیخ امام صاحب ڈرائنگ ماسٹران مدرسہ وسطانیہ

نے اپنے ذمہ لیا، اس کا تمام سہرا انہی اصحاب کے سر ہے —

جشن سے کچھہ روز قبل دور و نزدیک کالج کے خیر خواہوں کے نام دعوتی رقعے تقسیم کئے گئے تھے اور ایک روز پہلے ہمارے یہ معزز مہمان تشریف لائے، حیدرآباد سے جو اصحاب اس میں شریک ہوے وہ حسب ذیل ہیں: —

جناب مولوی حمید احمد صاحب انصاری مسجل جامعہ عثمانیہ

جناب مولوی عظمت اللہ خان صاحب مددگار ناظم تعلیمات

جناب مولوی سید ہاشمی صاحب رکن دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ

جناب مولوی شبیر حسن صاحب جوش ملیح آبادی رکن دارالترجمہ

جناب مولوی عبداللہ العمادی صاحب رکن دارالترجمہ

جناب مولوی محمد عبدالحی صاحب پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ

جناب مسٹر نعمت اللہ بیرسٹر ایٹ لا

حیدرآباد کے علاوہ دوسرے مقامات سے بھی اکثر اصحاب تشریف لاے تھے - ان کے اسماے گرامی حسب ذیل ہیں:—

جناب مولوی نظیر حسین صاحب فاروقی مہتمم تعلیمات ضلع نظام آباد

جناب مولوی ثابت علی صاحب منصف ناندیڑ

جناب مولوی میر هاشم علی خاں صاحب ناظم عدالت ناندیڑ

جناب مسٹر ڈ - ب - کامت مہتمم تعلیمات پربھنی

ان سب مہمانوں کو جناب صدر نے اپنے یہاں ٹھیرایا -

ان بزرگوں کے علاوہ کچھہ ایسے بھی تھے جو اپنے فرائض منصبی یا دوسری مصروفیتوں کی وجہ سے شرکت تو نہ فرما سکے لیکن جنھوں نے تاروں اور خطوں کے ذریعے سے اس تقریب کے ساتھہ ہمدردی ظاہر کی - ان کے اسماے گرامی یہ ہیں :—

جناب نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدرالمہام فنانس

جناب نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات

جناب نواب صدر یار جنگ بہادر صدرالصدور

جناب نواب سراج یار جنگ بہادر جج ہائی کورٹ

جناب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فنانس

جناب نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد عدالت و کوتوالی و امور عامہ

جناب مولوی غلام یزدانی صاحب ناظم سررشتۂ آثار قدیمہ

جناب مولوی عبدالرحمن خان صاحب صدر کلیہ جامعہ عثمانیہ

جناب مولوی محمد عنایت اللہ صاحب ناظم سررشتۂ تالیف و ترجمہ

جناب مولوی رحیدالدین صاحب سلیم پروفیسر
کلیہ جامعہ عثمانیہ

جناب مولوی محمود احمد خان صاحب پروفیسر
کلیہ جامعہ عثمانیہ

جناب مولوی سید محمد مہدی صاحب مددگار
ناظم سرشتہ انجمن ہاے اتحادی

جناب مولوی مرزا محمد بیگ صاحب مہتمم
تصفیۂ اراضیات

---

۱۱ آذر سنہ ۳۵ ف کو پانچ بجے شام کے وقت اس تقریب کا آغاز ہوا پہلے کھیل ہوے ' ان کے انتظامات کا سہرا حسب دستور پروفیسر محمد ابرھیم صاحب ایم-اے ' اراکین گیمس کمیٹی اور کالج کے رضا کاروں کے سر ھے ' اسی روز شام کو کالج ھال میں جلسہ ھوا ' صدر صاحب کلیہ نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا - مولوی غلام طیب صاحب بی-اے-یل-ٹی مددگار نے اپنی بلند پایہ نظم دیس کہانی سنائی اور حاضرین کو محظوظ کیا ' حضرت جوش ملیح آبادی نے بھی اپنی اعلیٰ درجہ کی نظم "آفتاب" سنائی اور جلسہ سے تحسین سنی ' اس کے بعد جناب سید ھاشمی صاحب رکن دارلترجمہ نے اپنا پرمغز مضمون پڑھا جو ناظرین صفحات گزشتہ میں دیکھہ چکے ھیں - سکستھہ فارم کے طلبا نے شکسپیر کے مشہور ناٹک مرچنٹ آف وینس (Merchant of Venice) سے عدالت کا سین کھیلا ' سب سے

اچھا پارٹ دامودر نے کیا، یہ پورشیا (Portia) بنے تھے، جناب مسجل صاحب جامعہ عثمانیہ نے اس کی قدردانی فرمائی، اور انہیں ایک طلائی تمغا دیا، اس جلسہ میں مقامی عہدہ دار، وکلا اور دیگر معززین بھی بڑی تعداد میں شریک ہوے، اور ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں —

دوسرا دن (۱۲ آذر) صرف کھیلوں کے لئے مخصوص تھا، اس کے مقابلے ہوے اور سات بجے شام تک ہوتے رہے —

تیرھویں آذر ہماری تقریب کی آخری تاریخ تھی اور اس دن سب سے زیادہ سامان تفریح فراہم کیا گیا تھا، پہلے کھیل ہوے، پھر انعامات تقسیم کئے گئے، اس کے بعد جناب صدر کی طرف سے ایک پر تکلف ایٹ ہوم دیا گیا، اور جلسہ برخاست ہوا، ساڑھے آٹھ بجے شب سے پھر اجتماع شروع ہوا، اگرچہ جگہ کا کافی انتظام کر لیا گیا تھا، لیکن حاضرین کی کثرت کی وجہ سے اس کی دقت محسوس ہوئی، اس دن یہ بزم میدان میں شامیانوں کے نیچے جمی، ایک اسٹیج تیار کیا گیا تھا، جناب مولوی یوسف علی صاحب ایچ-سی-ایس زاید صدر منصف کی عنایت اور کوشش سے ایک مقامی کمپنی سے پردے مل گئے ان کے لگانے کے انتظام میں جناب مولوی جمیل احمد صاحب صدر مہتمم تعمیرات اورنگ آباد، جناب مولوی نظام الدین صاحب مہتمم تعمیرات اورنگ آباد، اور جناب عبدالعزیز صاحب اوورسیر نے خاص طور پر مدد کی، ان حضرات کی

امداد کے بغیر یہ کام نا ممکن تھا ' ہمارے ہر دل عزیز مددگار نواب الدین صاحب اس انتظام کے نگراں تھے اور ان کے ماتحت رضا کاروں کی مدد کے بغیر یہ بیل منڈھے نہ چڑھتی

اس جلسہ کا نظام العمل بہت دلچسپ تھا ' طلبا نے نظمیں سنائیں ' اردو ' مرھٹی ' فارسی ' ھندی انگریزی ' عربی ' ان سب زبانوں میں نظم خوانی ھوئی اور حاضرین بہت محظوظ ھوے ' نظموں کا انتخاب موقع کی مناسبت سے کیا گیا تھا ' اور سب نے انھیں پسند کیا ' پھر اس روز کا سب سے زیادہ دلچسپ حصہ ' مولیر (Moliere) کا ڈراما " نکاح بالجبر " شروع ھوا یہ ڈراما کالج کے اساتذہ نے کیا تھا ' اسے ناظرین گزشتہ اوراق میں ملاحظہ فرمائیں گے - یہ ڈراما اپنی نوعیت کے اعتبار سے بالکل نیا تھا اور بہت مقبول ھوا جناب مولوی قاسم حسین صاحب دوم تعلقدار نے "علامہ خجندی" کو ایک طلائی تمغہ عنایت فرمایا ' اس ڈرامے کے چرچے آج تک باقی ھیں —

ڈرامے کے بعد حضرت جوش ملیح آبادی نے اپنے مخصوص دلکش انداز میں اپنی وہ نظم سنائی جو ناظرین اس رسالہ میں پائیں گے اور حاضرین کو مسحور کرلیا ' خوب داد دی گئی اور فی الحقیقت یہ نظم اس تعریف و توصیف کی مستحق بھی ھے - اخیر میں جناب صدر صاحب کلیہ نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور انھیں الوداع کہی - اس کے بعد یہ جلسہ

برخاست ہوا—

ہمارا یہ جلسہ اس شہر میں اپنی قسم کا پہلا جلسہ تھا ' اور بہت کامیاب رہا - اس کو ختم ہوے دو مہینے ہونے کو آے - لیکن ان پر لطف ایام کی یاد اب تک باقی ہے ' اور آج بھی اس کے تذکرے ہوتے ہیں—

ہمارے کلیہ کے اساتذہ اور طلبا نے اس تقریب کو کامیاب بنانے میں جو حصہ لیا ' وہ محتاج بیان نہیں ہے - ہر شخص نے ' جس سے جو کام بن آیا ' کیا ' دوسری قابل فخر بات یہ ہے کہ " سخنے " اور " قدمے " ہی نہیں بلکہ ان سب نے " درمے " بھی اس کی مدد کی - جناب صدر نے پچاس روپیہ بطور چندہ دیے اور ایٹ ہوم دیا ' اساتذہ کلیہ نے ہنسی خوشی اپنی تنخواہوں کا پانچ فیصدی پیش کیا ' طلبا نے شوق کے ساتھہ چندے دیے - ہمارا یہ جشن فی الحقیقت اس بات کا ایک عملی ثبوت ہے کہ بے غرضانہ کام اور متفقہ سعی کیا کچھہ نہیں کر سکتے !

ہماری دعا ہے کہ ہم اور ہمارے بعد آنے والی نسلیں اسی طرح ہر سال اپنے گزشتہ کارناموں کا جائزہ لیا کریں - اور خدا کرے یہ کارنامے ہمیشہ قابل فخر ہوں ' موجودہ تقریب فی الحقیقت ایک مبارک رسم کا

آغاز تھی، ہمیں اس بات کا افسوس ہے کہ ہم اپنے معزز مہمانوں کو زیادہ عرصہ تک نہ ٹھیرا سکے اور بات کی بات میں یہ تین دن گزر گئے —

خوش درخشید ولے شعلۂ مستعجل بود



جلد ۱ جنوری سنہ ۱۹۲۶ع نمبر ۳

اورنگ



اورنگ آباد کالج کا دوماہی رسالہ

انجمن اردو کے مطبع میں چھپا

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	شذرات	اڈیٹر	۱
۲	آوارہ خوانی	احمد حسین صاحب قدوائی	۹
۳	"ارض دکن سے خطاب"	جناب عبدالقدیر صاحب قدیر اورنگ آبادی	۲۷
۴	واہمہ کی نیرنگیاں	محمد حفیظ الرحمن طالب علم میٹرک کلاس	۳۰
۵	ملک عنبر کے نوکھنڈے سے خطاب	جناب محمد عباس صاحب اقدس منشی عثمانیہ کالج اورنگ آباد	۹۳
۶	نظریۂ جبلت کی تردید	سید عسکری حسین متعلم سال دوم ایف اے عثمانیہ کالج اورنگ آباد	۴۱
۷	مسرت ونمائش	افضل حسین صاحب فاروقی متعلم نظام کالج حیدرآباد دکن	۴۷
۸	من کی موج	من موجی	۵۲
۹	ہندوستان کی سب سے پہلی کرنسی کمیٹی سنہ ۱۷۸۷ عیسوی	ایس ایم جگتاب و مرتضیٰ خاں متعلمین سال دوم عثمانیہ کالج اورنگ آباد دکن	۸۵
۱۰	اخبار علمیہ		۶۹
۱۱	اخبار کلیہ		۷۶

شذرات

ہندوستان میں بہت عرصہ سے یہ بات دیکھنے میں آ رہی ہے کہ ملک کی مختلف سیاسی اور معاشرتی، مذہبی اور علمی انجمنیں ختم سال کے موقع پر اپنی اپنی سالانہ رسمیں ادا کرتی ہیں اور گیارہ مہینے تک عملی کام کی جو کچھ کمی رہی ہے اس کی تلافی بارھویں مہینے دھوم دھام کی تقریروں سے کیا کرتی ہیں - چنانچہ دسمبر سنہ ۲۵ع کے آخری ہفتہ میں علی گڈھ کی مسلم یونیورسٹی نے بھی اپنی پچاس سالہ جوبلی منائی - اس جشن کا اہتمام بہت بڑے پیمانے پر کیا گیا تھا، مہینوں پہلے سے اخبارات اور خطوط کے ذریعہ اس کی شہرت ہوئی تھی، مختلف صوبوں میں وفد بھیجے گئے تھے کہ وہ مہمانوں کو فراہم کریں، جشن کو کامیاب بنانے کے لئے اور دلچسپیاں بھی فراہم کی گئی تھیں - ایجوکیشنل کانفرنس، تعلیم کانفرنس، مسلم لیگ وغیرہ نے بھی اس مرتبہ اپنے اجلاس علی گڈھ میں کئے - جہاں تک رونق اور چہل پہل کا تعلق ہے، علی گڈھ کا پچھلے سال کا آخری ہفتہ اپنی آپ نظیر ہے - ہم اسے برسوں کے جمود کی تلافی سمجھتے ہیں اور اسی میں خوش ہیں —

تقسیم اسناد فضیلت کے موقع پر جو خطبہ پنجاب کے مایۂ ناز بیرسٹر اور مشہور اہل قلم شیخ عبدالقادر صاحب نے پڑھا وہ بہت قابل قدر ہے، موصوف نے مسلم یونیورسٹی کے متعلق جو تجاویز پیش فرمائی ہیں وہ اس قابل ہیں کہ ان پر ارباب جامعہ غور کی نظر ڈالیں، اور کاربند ہوں یونیورسٹی کو اصلی معنوں میں تعلیمی درسگاہ کیوں کر بنایا جائے، السنۂ مشرقی کو ان میں کیا حصہ دیا جائے، کارپردازان جامعہ کا صحیح مطمح نظر کیا ہو، یہ اور اسی قسم کی دوسری باتیں صرف اس قابل نہیں ہیں کہ انہیں جشن کی دھوم دھام میں فراموش کر دیا جائے - ان پر توجہ

اور عمل کی ضرورت ہے —

یہ زمانہ جو گزر رہا ہے، ہندوستان کی یونیورسٹیوں کے لئے عموماً، اور علی گڈھ کی یونیورسٹی کے لئے خصوصاً سخت امتحان کا زمانہ ہے - اس سال مختلف یونیورسٹیوں میں جو خطبات پڑھے گئے ہیں، ان پر غور کی نظر ڈالئے، لارڈ لٹن نے کلکتہ میں، سر چمن لال ستیاواد نے بمبئی میں، سر تیج بہادر سپرو نے لکھنؤ میں، نواب حیدر نواز جنگ بہادر نے لاہور میں اور خود ہمارے نواب امیر جامعہ نے حیدرآباد میں، زبان، ذریعۂ تعلیم، مقصد تعلیم وغیرہ کے متعلق جو اشارے کئے ہیں انھیں سمجھئے تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ہندوستان اپنی درسگاہوں سے کس چیز کی توقع رکھتا ہے - علی گڈھ کو "اُردو نوازی" کے جو موقعے حاصل ہیں وہ شمالی ہندوستان کی کسی اور جامعہ کو میسر نہیں ہیں - جو کچھ ابتدائی دقتیں تھیں انھیں ہماری جامعہ دور کر چکی ہے - وقت ہے کہ اس روشن مثال پر غور کیا جائے - برج اور شاہجہاں آباد کے پڑوس میں انگریزی زبان کی گرم بازاری کب تک رہیگی! غیروں کی ترجمانی سے کہاں تک کام چلے گا!!

جشن جوبلی کے ایام میں جتنی کانفرنسیں ہوئیں، ان میں آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس اور اردو کانفرنس اور مسلم اخبارات کے اڈیٹروں کی کانفرنس تعلیمی اور ادبی لحاظ سے قابل ذکر ہیں —

ایجوکیشنل کانفرنس کا خطبۂ صدارت پشاوری محب قوم سر ملک عبدالقیوم خاں صاحب نے پڑھا - اس میں اکثر و بیشتر کام کی باتیں اور عملی تدبیریں بتائی گئی تھیں - اسے عام طور پر پسند کیا گیا - اس کے بعد متعدد قراردادیں پیش ہوئیں - یہ وہی تھیں جو بارہا منظور ہو چکی ہیں مگر بہت کم عمل ہوا ہے - یہ کانفرنس ابھی تک پرانے ڈھرے پر چلی جا رہی ہے اور حالانکہ حالات بدل چکے ہیں اور تعلیم کے مسئلہ نے نئی نئی صورتیں اختیار کرلی ہیں مگر یہ وہی پرانی لکیر پیٹتے چلی جاتی ہے - ایجوکیشنل کانفرنس

اس وقت ایک بے جان اور بیکار جماعت معلوم ہوتی ہے۔ اگر موجودہ حالات کو مد نظر رکھکر اس کی از سر نو تنظیم کی جائے اور تعلیم کے مسئلہ پر غور کر کے ماہر اور تجربہ کار لوگوں کی رائے لی جائے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کی جائے تو یہی کانفرنس ایک بڑی قوت ہو سکتی ہے۔ اس زمانے میں اسے زندہ کرنے اور باقاعدہ بنانے کی شدید ضرورت ہے۔ آنریری سکرٹری جو روشن خیال بزرگ ہیں اور عامی کاموں سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں، اگر توجہ فرمائیں تو اس کی اصلاح و تنظیم کوئی بڑی بات نہیں اور یہ ان کے زمانۂ معتمدی کی بڑی یادگار ہوگی۔

اردو کانفرنس، جس کا اجلاس اس ہفتۂ جشن میں سب سے اول ہوا، خلاف توقع بہت معمولی رہی۔ جس شان سے اس کی تیاری کی گئی تھی اور اشتہار دئے گئے تھے، اُس شان کی اس کی کارروائی نہ تھی۔ دو دن کی کارروائی دیکھ کر ہمیں کسی قدر مایوسی ہوئی۔ اس کی طرز کارروائی کا بھی وہی ڈھنگ تھا جو سالہا سال سے ایجوکیشنل کانفرنس کا چلا آرہا ہے۔ ہماری رائے میں عامی اور ادبی مسائل کے لئے اس قسم کا ہجوم اور شور و غوغا کچھ زیادہ مناسب نہیں۔ بعض اچھے اچھے رزولیوشن منظور ہوئے مثلاً اردو کو ہندوستان کی عام اور مشترکہ زبان بنانے کی کوشش۔ اردو ٹائپ کی ترویج وغیرہ، لیکن ایسی قرار دادوں کا صرف منظور ہو جانا کافی نہیں جب عملی کارروائی نہ کی جائے۔ اگر یہ کانفرنس اپنی قرار دادوں کو عملی صورت میں نہیں لاسکتی تو کانفرنس کا وجود بیکار ہے۔۔

مسلم اخبارات کے اڈیٹروں کی کانفرنس اگرچہ کچھ زیادہ کامیاب نہیں رہی لیکن اس کا قایم ہونا ایک نیک فال ہے۔ اس کانفرنس کے بانی اور عامل زیادہ دانشمند تھے کہ انہوں نے ایک عام اجلاس کے بعد اڈیٹروں کا ایک اجلاس بھی منعقد کیا اور اس میں انہوں نے ایک ذیلی مجلس قائم کی جو اس کانفرنس کے قواعد اور ضوابط تیار کرے گی۔ اردو اخبارات کو رہنمائی کی بہت ضرورت ہے اور اگر اس کانفرنس نے اتفاق اور دلدہی سے اپنے فرائض ادا کئے تو یہ ایک بہت بڑا قومی کام انجام دے گی۔ کانفرنس کے صدر خاں بہادر مولوی

بشیر الدین صاحب کا خطبہ ایک وسیع تجربہ پر مبنی تھا اور اس میں بہت سی مفید اور کام کی باتیں تھیں جن پر کانفرنس کو اپنے آیندہ اجلاسوں میں ضرور غور کرنا چاہئے —

نورس کے گزشتہ نمبر میں ہم ایک ہندی مستشرق مہارشی گوپال کرشن بھانڈار کر کا ماتم کرچکے ہیں۔ اب ایک محب ایران، یوروپی مستشرق مسٹر ایڈورڈ براؤن کی وفات کی خبر سنا رہے ہیں۔ علمی دنیا کے لئے یہ موت سانحہ سے کم نہیں ہے۔ مسٹر براؤن کیمبرج یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر اور فارسی زبان کے محقق اور ماہر تھے۔ ۱۸۸۰ میں جب ان کی عمر ۱۸ سال کی تھی، انھیں فارسی کا شوق ہوا۔ یہ شوق بڑھتے بڑھتے عشق کی حد تک پہنچ گیا، ۱۸۸۷ میں خود ایران گئے اور ایک سال تک وہاں قیام کیا، یورپ کو، اور خود ایران کو فارسی ادب کے جواہر ریزوں سے آشنا کرانے والا یہی انگریز نژاد محقق تھا! عوفی کا تذکرہ، ایرانی ادبیات کی تاریخ، جس کی اخیر جلد ابھی حال میں شایع ہوئی ہے، چہار مقالہ نظامی عروضی کا ترجمہ اور اس کا مقدمہ، ایرانی انقلاب کی تاریخ، اور ایسی ہی دوسری تصانیف، جب تک فارسی زبان بولنے والے زندہ ہیں، زندہ رہیں گی۔ قومیت اور مذہب کے اختلاف کے باوجود نہایت وسیع النظر تھے۔ ایرانیوں سے کمال درجہ محبت رکھتے تھے۔ ان کی کتاب Press and Poetry in Modern Persia کے ٹائٹل کو دیکھو، زرین حروف میں "پایندہ باد مشروطۂ ایران" لکھا ہوا نظر آئے گا۔ عجیب اتفاق ہے کہ جس سال عیسوی نے ایران کے تخت کو شاہان قاچار سے خالی کرایا، اسی نے ایرانی ادب کے ایک رکن رکین کو بزم حیات سے اٹھایا!

موصوف نے پینسٹھ برس کی عمر پائی، دنیاوی اور انسانی حیثیت سے دیکھو تو یہ مدت حیات طویل نظر آتی ہے، لیکن علمی حیثیت سے دیکھو تو یہی کہنا پڑے گا:-

خوش درخشید ولے شعلۂ مستعجل بود!

کلکتہ کے فارسی اخبار حبل المتین نے ان کی وفات کا ذکر کرتے ہوے اہل فارس سے استدعا کی ہے کہ وہ اس "فیلسوف

یگانہ و مستشرق فرزانہ" کی ایک یادگار قایم کریں، معزز ہم عصر معارت بھی ایک براون نمبر نکالنا چاہتا ہے، ہماری آرزو ہے کہ یہ ارادہ جلد از جلد عملی صورت اختیار کرے اگر بالراست نہیں، تو بالواسطہ ہی، مرنے والے کا ہندوستانیوں اور اردو پر کچھہ نہ کچھہ احسان ہے، شہید علم کو بھی زندہ رہنے کا کچھہ حق تو ضرور ہے —

نورس کے پچھلے نمبر کے شذرات میں ہم نے ان کوششوں کا ذکر کیا تھا جو ایک مدت سے یورپ میں جگت بھاشا کے متعلق ہو رہی ہیں اور اپنے ملک کے اہل قلم حضرات سے درخواست کی تھی کہ وہ بھی ہندوستان کے لئے کوئی "بھارت بھاشا" بنائیں - اسی سلسلہ میں ناظرین اس خبر کو دلچسپی کے ساتھہ سنیں گے کہ کلکتہ کے مشہور انگریزی رسالہ ماڈرن ریویو نے اپنے جنوری نمبر میں مسٹر س - م - گوکھلے کا ایک مضمون شائع کیا ہے، یہ مضمون امریکہ سے لکھہ کر بھیجا گیا ہے فاضل صاحب مضمون نے پہلے تو وہ خصوصیات بتائی ہیں جن کے بغیر کوئی زبان مشترکہ زبان بن ہی نہیں سکتی - مثلاً تحصیل کی سہولت، ادبی ذخیرہ، قواعد کی یکسانی بولنے والوں کی کثرت وغیرہ اور پھر بنگالی زبان کو ان خصوصیات کا حامل بتا کر اسے بطور بھارت بھاشا کے تجویز کیا گیا ہے - اس میں شک نہیں کہ یہ مضمون سطحی ہے اور گہری بحثوں سے قصداً پہلو بچایا گیا ہے لیکن اشارے کی حیثیت ضرور رکھتا ہے - اردو زبان کی بدنصیبی دیکھئے، کہ مضمون نگار ہندی زبان کا ذکر کرتےہیں، اس کے ادبی سرمایہ کو پرکھتے ہیں، اور پھر اس کے خلاف فیصلہ صادر کرتے ہیں، لیکن ہندوستانی زبانوں کے اس سبھا میں غریب اردو کو بار نہیں ملتا، حالانکہ اگر آج کسی زبان میں اس "صدگفتار وصد دستار" ملک کی مشترکہ بھاشا بننے کی صلاحیت ہے تو وہ زبان اردو ہی ہے - ہم کسی آیندہ نمبر میں اس مضمون کا ترجمہ ہدیہ ناظرین کریں گے سر دست صرف ہوا کا رخ بتانا مقصود تھا: —

قافلے دیکھہ، اور ان کی برق رفتاری بھی دیکھہ
رہرو خوابیدہ کی منزل سے بیزاری بھی دیکھہ

ہندی زبانوں کو بگاڑنے یا سنوارنے اور ان کے مستقبل کو روشن یا تاریک بنانے کا جیسا موقع آج کل ہے، ہندوستان کی تاریخ میں پہلے کبھی نہ آیا ہوگا۔ اگر ایک طرف ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں آج مغربی علوم کی صداے باز گشت سنائی دے رہی ہے، تو دوسری طرف ہندی قومیت جنم لے رہی ہے۔ یہی زمانہ اس بچے کی زبان کھانے کا ہے۔ اگر آج اس نے اپنی زبانوں میں اظہار خیال کی قدرت نہ پائی تو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سات سمندر پار کی زبانوں کو اپنی دیو بانی سمجھے گا۔ اردو کی بہنیں اس موقع کی اہمیت کا احساس کر رہی ہیں، ہندی سمیلن، ناگری پرچارنی سبھا، پونہ کا بھنڈارکر انسٹی ٹیوٹ، الہ آباد کا انڈین پریس، بنگالی اور گجراتی زبانوں کے من چلے ادیب سب اس تاک میں ہیں کہ زبان کھاتے ہی یہ بچہ ہمیں منتخب کرے، یہ سب کے سب بدلے ہوے حالات کا ساتھ دے رہے ہیں، لیکن اردو کی بدنصیبی دیکھئے کہ خود اس زبان کے ادیب زبان بندی پر کمر بستہ ہیں۔ اگر کوئی جدت پسند طبیعت انوکھے اسلوب بیان سے کام لیتی ہے، کوئی نئی اصطلاح وضع کرتی ہے، یا خیال کا کوئی نیا سانچہ ڈھونڈہ نکالتی ہے تو ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک اس "بدعت" کے خلاف فتوے صادر ہوتے ہیں، اور ان پر ایسے ایسے اصحاب فن کی بھی مہریں نظر آتی ہیں جنہوں نے اپنی عمر کا معتدبہ حصہ اس زبان کی ظاہری یا معنوی خدمت کی نذر کر دیا ہے!—

جن حضرات نے جنوری کے "رسالہ زمانۂ کانپور" اور "مرقع، لکھنؤ" کو غور سے پڑھا ہوگا وہ ضرور ہمارے خیال کی تائید کریں گے۔ اگر ایک میں "ادب الکاتب" کے پردے میں اردو زبان کا گلا گھونٹا گیا ہے، تو دوسرے میں "اردو زبان کی قدامت" کو عنوان قرار دیکر بعض جدید

نظموں، اور الفاظ کی مذمت کی گئی ہے، ان دونوں مضامین کے لکھنے والے ایسے لوگ ہیں، جن کی جگہ بڑے عرصہ سے اردو خواہوں کی پہلی صف میں محفوظ ہے، "کسی مسئلہ پر روشنی ڈالنا" "عملی جامہ پہنانا" "سماج" اور اسی قسم کے اثر و بیشتر جملوں اور لفظوں کو گردن زدنی قرار دیا گیا ہے، اور یہ کیوں؟ محض اس لئے کہ "متقدمین کی سند نہیں ہے"! اسی طرح سے جامعہ عثمانیہ کی اکثر اصطلاحوں کی خردہ گیری کی گئی ہے، اگرچہ ہم یہاں اس موضوع پر تفصیلی بحث کرنا نہیں چاہتے اور نہ ہم حضرت نظم طباطبائی اور حکیم بوعلی جیسے بزرگوں سے کچھ تعرض کرنا چاہتے ہیں بقول غالب "اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ انہیں کچھ نہ کہو" پھر بھی اتنا عرض کرنے کی اجازت چاہتے ہیں کہ دوسری زبانیں بولنے والوں کے "آداب کاتب و شاعر" اردو نظم و نثر کی کسوٹی نہیں بن سکتے اور نہ ابن رشیق کے اصول بیان و معانی بیسویں صدی کی اردو زبان پر صادق آ سکتے ہیں - زبانوں کے بڑھنے اور پھیلنے کی راہ تقلید بے جا، اور قدامت پرستی دونوں کی شاہراہوں سے دور دور ہے —

ترسم نہ رسی بہ کعبہ اے اعرابی
کایں رہ کہ تو می روی بہ ترکستان است

یوں تو جامعہ عثمانیہ کا دارالترجمہ آٹھ سال سے اُردو زبان کی خدمت کر رہا ہے اور اس کی کوشش سے اب ہماری زبان میں ایسے ایسے علوم پر بھی کچھ کتابیں نظر آتی ہیں جو پہلے اس میں نہ تھے، لیکن ابھی حال میں ان سب علوم کی اصطلاحات علمیہ کو یکجا کر کے انجمن ترقی اردو اورنگ آباد کی طرف سے شایع کیا گیا ہے - جملہ اہم علوم کی اصطلاحیں اور ان کے ترجمے اس کتاب میں آگئے ہیں - اس میں شک نہیں کہ بعض ترجمے پرانے مذاق کے اردو ادیبوں کو ناگوار ہوں گے، لیکن جب یہ علوم عام ہوں گے اور ہماری زبان میں بھی ان پر تصنیف تالیف ہونے لگے گی تو یہ بھڑک نکل جائے گی، دیکھنا ہے کہ ملک اس کتاب کو کس نظر سے دیکھتا ہے —

نوٹ:- ہمیں افسوس ہے کہ فورس کا یہ تیسرا نمبر خلاف معمول بہت دیر میں شایع ہو رہا ہے، انجمن اردو کے پریس کو، جہاں ہمارا یہ رسالہ چھپتا ہے اس عرصہ میں غیر معمولی مصروفیت رہی اور اس کا بار ہمارے رسالہ کو اٹھانا پڑا، ظاہر ہے کہ یہ کوئی عذر نہیں ہے اور نہ کوئی عذر ہو سکتا ہے، ہم اپنے معاونین سے معافی کے خواستگار ہیں —

آوارہ خوانی

(از احمد حسین صاحب قدوائی سابق متعلم عثمانیہ کالج
اورنگ آباد حال مدرس مدرسہ وسطانیہ اورنگ آباد)

مقولے - ضرب المثلیں - فصیح و بلیغ فقرے - انوکھی ترکیب - لفظی زبان کی خوبیاں یا جوہر ہوتے ہیں - جب کسی شخص کی زبان سے اضطراراً یا قصداً نکل جاتے ہیں اور اگر ان میں کچھہ بھی دلکشی یا معنی آفرینی کی صلاحیت ہوتی ہے تو فوراً عوام کی زبانوں پر چڑہ جاتے اور قبولیت عام کی سند حاصل کرلیتے ہیں اور ایک نئے تخیل کا اضافہ کرتے ہیں —

آوارہ خوانی بظاہر تو ایک سیدھی سادی ترکیب لفظی ہے لیکن اس پر جہاں تک غور کیجئے اس کی وسعت بڑھتی جاتی ہے اور ایک جامع و مانع لفظ معلوم ہونے لگتا ہے - حضرت غالب کو اپنی ترکیب ماہ نیم ماہ پر بڑا ناز تھا تو آوارہ خوانی بھی کچھہ کم باعث فخر نہیں - ایک بار یہ لفظ ایک محقق زبان و ادب کی لبوں پر جاری ہوا تو دفعۃً دل میں کھب گیا اور ہم نے اس کو اپنے مضمون کا عنوان بنا لیا —

مولانا نذیر احمد کا قول ہے کہ مطالعہ کتب میں تو عاقلوں سے باتیں ہوتی ہیں اور کار و بار دنیاوی میں جاہلوں سے، مگر یہ قول تمام و کمال صحیح نہیں اور اس کلیہ میں استثنا بھی ہے ہر کتاب عاقل کی تحریر نہیں ہوتی اور نہ ہر گفتگو جہلا سے - سقراط تو تحصیل علم کے لئے کتابوں کو بالکل غیر ضروری خیال کرتا ہے کیونکہ وہ کہتا ہے کہ ان سے سوال و جواب ممکن نہیں اس لئے وہ ہم کو کچھہ سکھلا نہیں سکتیں - یہ قول بھی نیم غلط ہے کیوں کہ کسی کتاب کے مطالعہ سے قبل ہمارے ذہن میں کوئی نہ کوئی سوال ضرور ہوتا ہے جس کا جواب کتاب سے ملتا ہے - اب جواب کا عاقلانہ و جاہلانہ ہونا دونوں ممکن ہیں - ایک انگریزی شاعر کا قول ہے کہ میں اپنی زندگی کے دن زندوں کی بجائے مردوں میں یعنی کتابوں کے درمیان گزارتا ہوں اور ایسے دوست نظر آتے ہیں جو مجھے کبھی نہیں چھوڑ سکتے اور نہ دھوکے کا کبھی ان سے خطرہ ہے —

اب ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ آوارہ خوانی سے کیا مراد ہے اور آوارہ خوان کس کو کہتے ہیں؟ مولانا عبدالحق صاحب اس فاضلانہ مقدمہ میں جو انہوں نے ہاشمی صاحب کے ترجمے مشاہیر یونان و روما پر لکھا ہے فرماتے ہیں کہ "میں ایک بدمعاش اور پاجی آدمی سے باتیں یا بے تکلفی کرتے ہوے جھجکتا ہوں اور آپ بھی اس فعل کو بری نظر سے دیکھتے ہیں لیکن جب ایسی کوئی کتاب پڑھتا ہوں تو نہ خود کو ناگوار ہوتا ہے نہ دوسروں کو - بدمعاش کی کوئی

حرکت شاید ناگوار بھی ہو مگر کتاب ہے کہ اندر ہی اندر اپنا کام کر رہی ہے اور اس کی ہر بات دلربا معلوم ہوتی ہے۔ بازار میں کسی اجنبی سے بے تکلف باتیں کرنا تو ایک مجنونانہ فعل ہے لیکن اسٹیشن پر جو پہلی کتاب نظر پڑے اس کو خرید کر پڑھنا کیا ہے۔ کسی اجنبی شہر میں جا کر بغیر مقصد مارا مارا پھرنا با وجود کثرت آبادی تنہائی سے زیادہ گراں معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح ایک کتب خانے میں کبھی ایک الماری کے پاس جانا کبھی دوسری دیکھنا۔ کبھی ایک کتاب اُٹھا کر پڑھنا کسی وقت دوسری۔ اس طرح سینکڑوں کتب دیکھنے پر بھی جب غور کیا جاے تو معلوم ہوتا ہے کہ کچھہ بھی نہیں پڑھا"۔ اس سے ثابت ہوا کہ آوارہ خواں وہ ہے جس کا کوئی مقصد نہ ہو—

زمانۂ حال میں جب کہ پریس کی آزادی نے کتابوں کی بھر مار کر دی ہے۔ اخبارات و رسائل برساتی کیڑوں کی طرح فضا میں پھیل گئے ہیں ہماری زبان اُردو کا لٹریچر دن بدن وسیع ہوتا جاتا ہے تو معاً یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اس بے مایہ زبان ہی کے ادب کا اگر کوئی شخص مکمل طور پر اور تفصیلی مطالعہ کرنا چاہے تو اس کے لئے عمر نوح درکار ہے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ اُردو میں اب تک آٹھہ ہزار سے زائد کتب لکھی جا چکی ہیں۔ اس صورت میں اگر کوئی شخص صرف کسی ایک شعبہ کو اختیار کر کے "یکدرگیر" پر عامل ہو تو شاید کچھہ کر سکے ورنہ طلب الکل فوت الکل کا مصداق ہو کر رہ جاے گا۔ دوسرے لفظوں میں اس کو یوں

کہہ سکتے ہیں کہ فی زمانہ علوم میں افقی ترقی تقریباً محال ہو گئی ہے البتہ عمودی ترقی کے امکانات ابھی باقی ہیں کتب کی کثرت اور مطالعہ کی نوعیت ایک نئے شخص کے دل و دماغ کو مرعوب کر لیتے ہیں اور وہ اندھیرے میں ٹٹولتا ہے لیکن راستہ نہیں پاتا —

اسکاٹ نے اپنے مشہور و معروف ناول Waverley میں ہیرو کے شوق مطالعہ کا یوں خاکہ کھینچا ہے کہ وہ کتابوں کے سمندر میں اس طرح تیر رہا ہے جیسا کہ ایک جہاز جس میں بادبان نہو - فیضی نے جب اپنے زمانے کی کتب مروجہ پڑھ لیں تو باپ سے سوال کیا کہ مجھکو کیا پڑھنا چاہئے' جواب ملا کہ پھر الف بے سے شروع کرو - مگر یہ اُس زمانہ کی باتیں تھیں کہ جب کتابیں نایاب یا کمیاب تھیں - اِس زمانہ میں جب طالب علم اپنی درسی کتب ختم کر کے مدارس سے نکلتے ہیں تو ان کی تربیت دماغی تو ہو جاتی ہے لیکن واقعی تعلیم اسکول اور کالجوں سے باہر نکلنے پر شروع ہوتی ہے - اب ہر شخص کے لئے یہ فیصلہ کرنا کہ اس کو کونسی کتب زیر مطالعہ رکھنا چاہئیں اور کیا نظر انداز کرنا ہو گا' بہت مشکل امر ہو جاتا ہے —

زندگی میں اس قدر مصروفیتیں ہوتی ہیں کہ ان کو کوئی ترک نہیں کر سکتا اور اگر کوئی صرف مطالعہ کو اپنی زندگی کا مقصد قرار دے لے تو اس کی زندگی محض ایک رہبانیت کی زندگی ہوگی جو دنیا کی ساری لذتیں چھوڑ کر صرف ایک طرف کی ہو رہی ہے اور تمدنی و معاشرتی حیات

سے محروم رہ گئی ہے - زمانہ گذشتہ میں بھی ایسی مثالیں ملتی ہیں اور ہمارے زمانے میں بھی ایسے اشخاص موجود ہیں جن کو شہدائے راہ علم و عمل کا خطاب دیا جا سکتا ہے - لیکن ہم کو صرف ان لوگوں سے بحث ہے جو دنیاوی زندگی کے لوازم کے ساتھہ ساتھہ مطالعہ بھی جاری رکھنا چاہتے ہیں اور علوم و فنون کو بالاستیعاب حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ کونسا طریقہ اختیار کریں - اس ضمن میں سب سے زیادہ مشکل سوال وقت کا ہے اس لئے ایسا طریقہ معلوم کرنا چاہئے کہ تھوڑے وقت میں کافی معلومات بہم پہنچ سکیں - اس کے جواب میں یہ کہا جائے گا کہ منتخب کتب و مضامین کا صرف مطالعہ کیا جائے - یا کسی خاص فن کی تحصیل کی کوشش ہو اور پڑھنے سے قبل ایک خاص مقصد یا سوال ذہن میں ہو اس کے ماتحت سب کچھہ ہونا چاہئے - لیکن یہ سوال پھر بھی باقی رہ جائے گا کہ اس انتخاب میں رہنمائی کون کرے؟ کسی کتاب کی خوبی یا قباحت بغیر پڑھے کیونکر معلوم ہو سکتی ہے؟ یہیں سے آوارہ خوان کی داستان شروع ہو جاتی ہے —

بعض شوقین تو اس طرح کے ہوتے ہیں کہ جو کچھہ رطب و یابس سامنے آجاتا ہے بے تکلف پڑھنا شروع کر دیتے ہیں اور بغیر کتاب کو ختم کئے نہیں چھوڑتے - بلکہ بعض تو ایسے کیڑے ہوتے ہیں کہ اخباروں کے اشتہارات کا ایک ایک حرف پڑھ لیتے ہیں اس کے بعد انہیں پتہ چلتا ہے کہ محض تضیع اوقات ہوئی - لیکن بکثرت ایسے لوگ ہیں جنہیں یہ بھی حس نہیں ہوتی ایسا

مطالعہ محض بے کار ہے اور ان کا کوئی مفید نتیجہ مرتب نہیں ہوتا دراصل ایسی کتب دنیا میں بہت کم ہیں جو اول سے آخر تک صرف قیمتی اطلاعات پر مشتمل ہوں اور ناظر کی معلومات میں کچھہ نیا اضافہ کریں ورنہ عموماً ہر کتاب میں برائے بیت یعنی بھرتی کے مضامین بکثرت ہوتے ہیں بعض بڑی ضخیم کتابوں میں بھی اگر کام کی باتیں تلاش کرو تو بہت کم پاو گے —

اب ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک میں مطالعہ کرنے والوں کا کیا حال ہے - اسی ضمن میں ہم معمولی پڑھے لکھے لوگوں کے مطالعہ پر نظر ڈالیں گے کہ ان کی آوارہ خوانی کے کیا اسباب ہیں اور انہیں کن ترغیبات و موانعات سے سابقہ پڑتا ہے - ایک شخص جب کسی کتب خانے یا دارالاخبار میں نیا نیا داخل ہوتا ہے اور کتابیں شیشے کی الماریوں میں قرینے سے رکھی اخبارات و رسائل ترتیب سے میزوں پر لگے ہوے دیکھتا ہے تو فوراً پہلے ایک رسالہ کو ہاتھہ میں لے کر چند منٹ ادھر اُدھر کی چار سطریں پڑھتا ہے اس کے بعد کسی دوسرے اخبار کی طرف نظر پلٹی تو اس کی سرخیاں دیکھنا شروع کر دیں - اس سے طبعیت اکتائی تو کسی مصور رسالے کی دلکش تصاویر پر نظر جا پڑی کچھہ دیر تک صانع کردگار کی خوش آفرینی کی داد دی یا فوٹو گرافر کی چابکدستی پر زبانی حال سے بیساختہ واہ واہ نکل گئی - اب اپنی جگہہ سے اُٹھہ کر کتابوں کی الماریوں پر نظر ڈالی جو کتاب سب سے زیادہ خوبصورت اور سنہری جلد کی معلوم ہوئی اس کو

نکلوا کر چند اوراق الٹے پلٹے اور اگر اتفاق سے وہ کتاب کسی ایسے فن کی نکلی جس سے ہمارے قاری کو کوئی مس نہیں تو فوراً الگ رکھدی۔ اب جو دل گھبرایا تو کتاب حاضری پر اپنے دستخط ثبت کرکے خواہ مخواہ لہو لگا کے شہیدوں میں داخل ہوگئے اور مطالعہ کرنے والوں کی فہرست میں ایک نام کا اضافہ کردیا۔ پس سارے مطالعہ کی کل یہ کائنات تھی۔ یہ تو بیچارہ پھر کچھہ غنیمت تھا۔ بعض حضرات تو صرف اشتہارات پر ایک نظر ڈالکر ہی بلا کسی مضمون کی چند سطور کو تکلیف دئیے ہوے واپس ہوجاتے ہیں۔ یہ روز مرہ کا مشاہدہ ہے —

آوارہ خواں کی اسی نفسی کیفیت کا مطالعہ کرکے مسیحی مشنریوں نے بائبل کی اشاعت میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی ہے۔ مختصر سنہری جلد کی کتب چھاپ کر لوگوں کی توجہ کو منعطف کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ فن اشتہار بازی میں بھی اس سے کام لیا گیا ہے کہ ناظر کو خواہ مخواہ اس کے پڑھنے کی ترغیب ہو۔ ایک دوسری نفسی حالت بھی قابل غور ہے کہ خوبصورت اور خوش خط چھپی ہوئی کتاب ناظر کو مرعوب کر لیتی ہے اور عموماً لوگ ہر چھپی ہوئی کتاب کو صحیح سمجھتے ہیں خواہ اس میں رطب و یابس ہو۔ اول سے آخر تک اس کو پڑھنا اپنی ناموری خیال کرتے اور قاضی کی لال کتاب سے زائد اس کی وقعت سمجھتے ہیں۔ اکثر عوام جب کوئی واقعہ بیان کرتے ہیں اگر کسی نے اس میں کچھہ شک کیا تو فوراً جواب دیتے ہیں یہ تو کتاب میں

بھی چھپ گیا ھے۔ اس سے زائد معتبر ھونے کی دلیل اور کیا ھوسکتی ھے۔ یہ تو عوام ھیں آج کل کے تعلیم یافتہ حضرات تو جب تک کوئی واقعہ اخبارات میں نہیں پڑہ لیتے انہیں یقین ھی نہیں آتا اور ریوٹر ایجنسی کی خبروں کو وحی آسمانی سے کم خیال نہیں کرتے جس پر حضرت اکبر مرحوم کو یہ کہنا پڑا: ع:

پانیر لکھتا ھے بیمار کا حال اچھا ھے

ملٹن کہتا ھے کہ اچھی کتاب کا گلا گھوٹنا بالکل ایسا ھے جیسے کسی انسان کا گلا گھوٹنا۔ کیوں کہ فضولیات کے پڑھنے سے اچھی کتابیں مردوں کے برابر ھوجاتی ھیں، دنیا میں ایسے لوگ بہت کم ھیں جو باقاعدہ مطالعہ کرتے ھوں اور درجہ اعلیٰ کی کتب پڑھتے ھوں ورنہ عام طور سے یہی دیکھا جاتا ھے کہ جب ھم کسی سے کوئی سوال کرتے ھیں تو ھمارے ذھن میں وہ پہلے سے موجود ھوتا ھے لیکن جب ھم کتاب کو اُٹھاتے ھیں تو بالکل خالی الذھن ھوکر۔ حقیقی مطالعہ میں سب سے اول کوئی نہ کوئی سوال یا مسئلہ پیش از پیش دماغ میں ھونا چاھئے اور اس کا جواب اس سے لینا چاھئے ورنہ بجائے فایدہ کے الٹا نقصان ھوگا اور ھر مطالعہ کسی نہ کسی مقصد کو پیش نظر رکھہ کر ھو تو البتہ مفید ھے ورنہ محض تضیع اوقات۔ بعض کتب ایسی ھوتی ھیں جنہیں ربط و تسلسل کے لئے اول سے آخر تک پڑھنا پڑتا ھے لیکن اکثر کتب تو صرف جستہ جستہ پڑھنے کے لئے ھیں کیوں کہ دنیا کی مشغولیتیں اس قدر بڑہ گئی ھیں کہ ھر کتاب کو پوری طرح

پڑھنا نا ممکن ہو گیا ہے --

اب ہم کو یہ دیکھنا چاہئے کہ عام طور پر لوگ اس زمانہ میں کیا پڑھتے ہیں - سب سے زیادہ اس وقت جو کتب پڑھی جاتی ہیں وہ صرف ناول ہیں - یہ لٹریچر ملک میں جس وقت سے شائع ہوا ہے نوجوانوں کا بہت سا وقت ضائع کرا دیتا ہے اور بعض نوآموز طالب علموں کو اس نے دین و دنیا کہیں کا نہ رکھا - ملک کا ایک بڑا طبقہ ابوالعلائی پریس اور مہادیو پرشاد ورما کا مرہون منت ہے کہ انہوں نے یہ حشرات الارض جس کے لئے بارش بھی لازمی نہیں اس قدر افراط سے پیدا کر دیا ہے اور جس سے فضا اس قدر متاثر ہوگئی ہے کہ کسی اور شے کے لئے گنجائش بہت کم رہ گئی ہے - ہر ریل کا مسافر اسٹیشن پر دو ایک کتابیں ضرور خرید لیتا ہے کہ سفر آسانی کے ساتھ طے ہو جاوے - دوسرا نمبر اخبارات کا ہے چوں کہ زمانہ جنگ سے و نیز اہل ملک کی عام سیاسی بیداری کی بدولت ان کے پڑھنے والے بکثرت پیدا ہو گئے ہیں اور گذشتہ جنگ کے ایام میں تو جہلا بھی ایک پیسہ کا اخبار خرید کر ہر کسی آیندہ روندہ خواندہ شخص سے اس کو پڑھوا کر ضرور سنتے تھے اور ریوٹر کے تاروں پر بحث و تنقید کرتے تھے اور جرمن کی شکست کی خبریں خلاف توقع پا کر انکا یقین نہ کرتے تھے اور بعض تو بڑے بڑے اہم مسائل پر نہایت متانت سے گفتگو کرتے ہوے پائے گئے ہیں - ہمارے نوجوان فیشن ایبل جب کوئی ریل کا سفر کرتے ہیں تو درجہ سوم کے گنواروں کو مرعوب کرنے کے لئے جہاں کوٹ

پتلون کے ساتھہ ہیٹ لگانا ضروری خیال کرتے ہیں تا کہ آرام سے بیٹھنے کی جگہ مل جائے وہاں ایک انگریزی اخبار بھی خریدنا لازم ہوتا ہے خواہ اس زبان کے حرف شناس بھی نہوں - ایک مرتبہ ایک صاحب کا ریل میں ساتھہ ہوا جو اسی طرح انگریزی اخبار سے خبریں پڑھکر دھقانیوں کو سنا رہے تھے - غور کرنے پر معلوم ہوا کہ حضرت اخبار کو الٹائے ہوے تھے اور ساری من گھڑت باتیں سنا کر داد حاصل کر رہے تھے - جب ان کو معلوم ہوا کہ اس درجہ میں کچھہ انگریزی داں بھی موجود ہیں تو نادم ہو کر اگلے اسٹیشن سے دوسرے درجہ میں چلے گئے - کلبوں میں بھی کبھی کبھی ایسے لوگ نظر آجایا کرتے ہیں - اسی سلسلہ میں ایک واقعہ اور بھی قابل ذکر ہے ہمارے ملک کے مشہور ناواقف مورخ ایک مرتبہ اپنے سفر یورپ کے حالات بیان کر رہے تھے اور انگلستان کے امرا کے ذکر میں انہوں نے فرمایا کہ وہاں کے دولتمند بھی بعض معاملات میں ہمارے ہندوستانی روسا سے کم احدی نہیں ہوتے یہانتک کہ خود اخبار بھی پڑھنے کی تکلیف گوارا نہیں کر سکتے البتہ ان کے منشی کبھی آکر اخبارات کے کچھہ مضامین پڑھکر سنا دیا کرتے ہیں - انھوں نے زیادہ سے زیادہ اگر کیا تو مصور رسالوں کی تصاویر پر ایک دزدیدہ نظر ڈال لی - ان لوگوں کو اگر ہندوستان کی وایسرائلٹی بھی عطا کی جارے تو بھی شاید اس قدر زحمت سفر وہ گوارا نہ کریں —

اب رسائل کے مطالعہ کرنے والوں کی طرف توجہ کیجئے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر رسالہ کو اس کی شکایت ہے کہ ملک

میں اس جنس گراں کا کوئی خریدار نہیں - اس لئے عدم دستیابی یا کمیابی قدردانان کی بدولت یاملک کے تعلیم یافتہ گروہ کے تغافل کے صدقے میں کچھہ دنوں زندہ رھکر ھمیشہ کے لئے سوجاتے ھیں - اس کی وجہ ایک حد تک صرف غفلت اور جمہود ھی نہیں ھے بلکہ انکا لغو اور فضول لٹریچر اور بازاری مضامین بھی بڑی حدتک ذمہ دار ھیں جن کا نہ پڑھنا ھی بہتر ھے - لیکن دوسرے طرف جب ھم ایسے اعلی پایہ کے رسائل پرنظر ڈالتے ھیں - جیسے معارف یا اُردو ھیں اور ان کے قدرشناس بھی کافی نہیں پاتے تو معاً یہ خیال آجاتا ھے کہ ملک میں ابھی ذوق صحیح اور طبع سلیم کی شاید صرف ابتدا ھوئی ھے --

مگر اب حالات بدل رھے ھیں- انگریزی تعلیم کی بدولت اعلی قسم کا لیٹریچر ملک میں پیدا کرنے کی کوششیں ھورھی ھیں اور نوجوان تعلیم یافتہ لوگوں کا ایک بڑا گروہ مطالعہ میں انہماک وطلب صادق کے آثار ظاھر کررھا ھے - اس وقت ضرورت ھے کہ صحیح رھنمائی کیجائے تاکہ انتخاب کتب میں ان کو آسانی ھو اور ادنی قسم کے لٹریچر سے وہ محفوظ رہ سکیں - ملتن نے کہا ھے کہ عمدہ کتاب حیات جاودانی ھے اور یہ قول بالکل سچ ھے کیونکہ وہ خود بھی زندہ ھے اور اپنے پڑھنے والے کو بھی زندہ رکھتی ھے - دنیا میں ایسے لوگوں کی تعداد کافی ھے جو کسی کتاب کو پڑھکر اپنے خیالات کو ھیجان میں لائے اور بڑے رفارمر بن گئے - مطالعہ کتب کی بدولت ھی

بکثرت اشخاص نے اپنے لئے نئی شاہ راہیں نکالیں —

ہماری اُردو زبان بھی اب بہترین ادب نگار پیدا کر رہی ہے۔ ادب لطیف کے بجائے جملہ فنون میں کتب ذریعہ تراجم و تالیف کتب مہیا کیجا رہی ہیں - ہماری عثمانیہ یونیورسٹی اور اس کے ساتھہ دارالترجمہ نے ایک نئے باب کا اضافہ کر دیا ہے - ایک طرف اگر دارالمصنفین علوم مشرقی کو اُردو کا لباس پہنا رہا ہے تو دوسرے طرف انجمن ترقی اُردو فنون مغربی کو دیسی لباس میں ملبوس دیکھنا چاہتی ہے - سارے ملک میں عموماً اب آثار ترقی ہویدا ہیں - اب مفید کتب اور قابل مطالعہ تحریرات کی کمی دور ہو رہی ہے - اگرچہ ابھی اُردو کو اپنی ہمسایہ زبانوں مثل بنگالی - مرہٹی اور گجراتی کا درجہ ملنے میں ذرا دیر ہے لیکن بہ تعجیل اس کی طرف قدم زنی جاری ہے۔ سب سے بڑی ضرورت اس وقت اُردو افسانہ ٹکلو پیڈیا کی ہے جس کا احساس ترقی پر ہے - اور وہ دن دور نہیں کہ جب یہ مشکل بھی حل ہو جائیگی۔ مختلف علوم وفنون کے اذیتر اب باسانی مل سکتے ہیں - بیسویں صدی میں جسقدر اردو نے ترقی کی ہے وہ حیرت انگیز ہے - باقی ساری عمر میں جو کچھہ سرمایہ مہیا کیا گیا تھا وہ صرف شعرا کے ضخیم دیوانوں یا بڑے افسانوں کے سوا کچھہ نہ تھا —

یہ سب کچھہ صحیح ہے لیکن اب بھی یہ سوال باقی رہ جاتا ہے کہ ملک کی نئی پود کو راستہ دکھانے کے لئے مشعل بردار کی خدمت کون انجام دے گیا - اس کا جواب یہ ہے کہ

ہماری خوش قسمتی سے اس زمانے میں ایسے بزرگان قوم کی ایک کافی تعداد موجود ہے جنہوں نے اپنی ساری عمر مطالعہ میں صرف کردی ہے اور ایک بڑا زمانہ گذارنے کے بعد صرف یہ معلوم کر سکے کہ عمر کا ایک بڑا حصہ آوارہ خوانی میں گزرا اور سوائے بیکار و فضول کتب کے بہت کم مفید مطالعہ ہوسکا گویا یہ حصہ عمر ضائع ہوا اور لایعنی باتوں میں بسر ہوا اور جب تجربہ نے شاہراہ مقصود دکھلائی تو عمر آخر ہوچکی تھی اب سوائے حسرت و افسوس کے کیا رکھا تھا - جن موانعات یا ترغیبات کا اُن کو سامنا ہوا وہی ہر نوجوان کو ابتداء میں پیش آیا کرتے ہیں - اور ایک بڑے مرحلہ کے بعد یہ پتہ چلتا ہے کہ مفید کیا ہے اور غیر ضروری کونسا - ان اشخاص میں ایک تعداد ایسی بھی ہے کہ جنہوں نے کسی مدرسے یا یونی ورسٹی میں تعلیم نہیں پائی تھی بلکہ اپنے ذوق سلیم کی بدولت بڑے مشاہیر ادیب یا مصنف بنگئے - مگر یہ بالکل مستثنیٰ لوگ ہیں انکی تقلید ہر کسی کے لئے قابل عمل نہیں - زمانۂ قدیم میں ایسے غیر معمولی دل و دماغ کے علما و فضلا گذرے ہیں کہ ان کے مطالعے کا شوق جب ہم سنتے ہیں تو بمشکل یقین آتا ہے انکی تصنیفات کی ضخامت کو دیکھکر معاً یہ خیال ہوتا ہے کہ دوسرا شخص اسیقدر عرصہ میں شاید محض کتابت بھی نہ کر سکیگا - لیکن افسوس ہے کہ ان بڑے اشخاص کے کارناموں سے ہمیں ہرگز یہ پتہ نہیں چلتا کہ انکا طریق مطالعہ کیا تھا - بعض کی نسبت تو یہ معلوم ہوا کہ وہ کتاب کو تین بار سے کم نہیں پڑھتے تھے اور بعض خاص باتوں کو نوٹ کر

کے یاد کرتے تھے—

اس لئے ضرورت ہے کہ کوئی شخص جو نہالان ملک کو نہایت صحیح مشورہ دے سکے سب سے پہلے یہ حل کرے کہ جب کوئی طالبعلم پڑھنے لکھنے کی معمولی استعداد پیدا کرچکے تو اس کے بعد آئندہ کن اصولوں پر اپنے مزید معلومات کی بنیاد رکھے اور بے راہہ چل کر بھٹکتا نہ پھرے۔ نہ وقت ضائع کرے اور نہ بے راہ روی سے غلط نتایج تک پہونچے بلکہ منزل مقصود اس کو سامنے دکھلائی دے جس کے شوق میں راہ کی دشواریاں اس کی ہمت نہ پست کر دیں۔ یعنی مضامین کتب کو کم وقت میں بالاستیعاب حاصل کرسکے۔ میرے خیال میں سب سے پہلے ہماری زبان میں انگریزی کتب کیطرح Index یعنی اشارہ نما لگائے جاویں اور فہرست مطالب مبسوط اور مفصل ہونی چاہئے اس کے علاوہ عنوان بندی سے بھی زائد کام لیا جائے۔ اس صورت میں ہر شخص جس خاص شے کو معلوم کرنا چاہتا ہے اس کی تلاش میں اس کو دقت نہ ہوگی اور ساری کتاب کی ورق گردانی سے بچ جائیگا۔ دوسری شے جو بہت ضروری ہے وہ یہ ہے کہ ہماری زبان میں بھی آسامی کتب یعنی Bibliography کے فن پر کتب تیار کی جائیں جس سے یہ تو معلوم ہوسکے کہ کس فن میں کون سی کتب موجود ہیں یا کسی خاص موضوع پر اہم تصانیف کتنی لکھی جا چکی ہیں۔ عربی زبان میں ابن ندیم کی الفہرست ہے جس میں کتب خانہ خدیو کے متعلق مکمل حالات موجود ہیں انگریزی میں ایسی کتابیں بکثرت ہیں۔ حال میں دارالمصنفین اعظم گڈہ کی طرف سے ایک مختصر

فہرست شائع ہوئی ہے لیکن وہ ابھی بالکل ناکافی ہے۔ ایسی فہرستوں کی تیاری کے بعد جملہ مصنفین، ان کے مختصر حالات، ان کی کتب کے مضامین کا خلاصہ، اگر یکجا ہوجائے تو مطالعہ کے فن میں بڑی حد تک رہنمائی کریگا۔ انسائکلوپیڈیا یا بریٹینکا کی طرح اگر کوئی کتاب اردو میں ہو تو مختلف علوم کے بہترین مضامین اعلیٰ پایہ کے مصنفین کے لکھے ہوئے یکجا مل سکینگے اور ہر شخص کو کسی خاص نوعیت یا فن کے مضامین میں کما حقہ و بلا زیادہ زحمت اٹھائے واقفیت حاصل ہوسکیگی لیکن اس سے یہ مراد ہرگز نہیں کہ کوئی شخص اس فن میں ماہر ہوجائیگا کیونکہ اگر کوئی شخص کسی ڈکشنری کو حفظ یاد بھی کرے تو بھی اسے زبان نہیں آسکتی جب تک ادب کا تفصیلی مطالعہ نہ کرے —

اس زمانے کی تصنیفات بکثرت ایسی مل سکتی ہیں جو ہزاروں کتب کا عطر مجموعہ ہوتی ہیں اور انسان ان سے اپنا دل و دماغ معطر کرسکتا ہے اور ایک کثیر مطالعہ اور تضیع اوقات سے بچ سکتا ہے۔ اور اب روز بروز اس طرف میلان بڑھتا جاتا ہے کہ جملہ علوم کو سائنس بنا دیا جائے۔ اس زمانے کی ایجادات نے بعد زمان و مکاں کو بیحد گھٹا دیا ہے اور آدمی اب بجائے تو کارزمین رانکو ساختی کے فضا میں آسمان پرداختی کر رہا ہے۔ محنت بچانے والی کلیں اپنا کام کر رہی ہیں۔ اس لئے اس بات کا بھی اب امکان ہوگیا ہے کہ ایسے طریقہ بھی ایجاد ہو جائینگے جن کی مدد سے کوئی شخص بہت کم وقت میں زائد مطالعہ کر سکے اور عرصہ قلیل

میں جملہ علوم کو حاصل کرسکے۔فی الحال یورپ و امریکہ میں مطالعہ کے طریقوں کی تحقیقات ہو رہی ہے اور ان ممالک کے جیسے ترقی یافتہ لوگوں کا حال یہ ہے کہ ان میں بمشکل فی ہزار ۱۳۲ - ایسے نکلتے ہیں جو کسی کتاب کی کوئی خاص بحث ڈھونڈ کر نکال سکیں اور اسے پڑھ سکیں۔چہ جائیکہ ہمارا ملک جہاں فی ہزار ایک کی نسبت بھی مشکل معلوم ہوتی ہے اس لیے یہاں کے لیے۔سر دست تو یہی کہا جا سکتا ہے کہ کوئی شخص اپنی عمر میں بکثرت علوم و فنون کو حاصل نہیں کرسکتا اس لیے اس کو کسی ایک کا ہو رہنا چاہئے اور ایک فنی ہو کر اس میں کامل ہونا ممکن ہے۔لیکن شاید یہ کہا جائے کہ اس صورت میں یہ شخص عام معلومات میں ناقص رہ جائیگا۔اور مضمون کی یکسانیت زندگی کو اجیرن کردیگی کیونکہ فطرت انسانی عموماً تنوع پسند ہے اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ دنیا کے دیگر فنون میں اس کو ابجد خوانی بھی نہیں کرنی چاہئے البتہ یہ ضرور ہے کہ تخصیص صرف ایک ہی میں ہونا چاہئے۔

آوارہ خوان کی زندگی ایک بھونرے یا تیتری کی سی ہے جو ہر پھول کی لذت اٹھاتے ہیں لیکن کچھہ اندوختہ نہیں کرتے یا مثل جھینگر کے ہے جو ساری کتابیں چاٹ کر بھی عالم نہیں بنتے مگر باقاعدہ مطالعہ کرنے والا شہد کی مکھی کی طرح ہے جو مختلف پھولوں سے عرق لے کر ان کو ترکیب دیتی اور ایسی نفیس شے تیار کرتی ہے جس سے خود بھی متمتع ہو اور خلقت کو بھی فائدہ پہونچائے۔یعنی اس کو دع ما کدر اور

خذما صفا پر عمل پیرا ہونا چاہئے —

اب رہی اس کی دوسری صنف کہ پڑھنا کیونکر چاہئے - اس کے جواب کے لیے زمانہ موجودہ میں جو اصول و قواعد تعلیم یورپ و امریکہ میں علم النفس کی مدد سے ترتیب دیے گئے ہیں ان کے لحاظ سے وقت کی دو تہائی حصے کی بچت ہوجاتی ہے - پیمائش ذہن کا طریقہ بھی نہایت درجہ مفید ثابت ہوکر رواج پذیر ہو رہا ہے - اس صورت میں دماغ پر بلا مزید بار ڈالے ہوئے بہت کچھہ دل پر نقش کیا جا سکتا ہے - مطالعہ کے لیے سب سے اول اطمینان خاطر ہونا چاہئے اور جگہ جہاں انسان بیٹھکر کتاب دیکھے پر سکون ہونا چاہئے نشست ایسی ہو جس سے سارے حواس کام کر سکیں اور بدن میں مستعدی پائی جاوے - کتاب کھولتے ہی یہ سوال کر لیا جاوے کہ کیا معلومات حاصل کرنا ہیں پہلے ابواب و مضامین کی سرخیوں پر نظر پڑے - یعنی انڈکس کو دیکھنا چاہئے بعد ازاں صرف اپنے مفید مطلب حصوں کو پڑھنا چاہئے - کتاب شروع کرکے جلد جلد پڑھی جاوے - درمیان میں پنسل سے خاص مواقع پر نشانات کر لئے جاویں یا الگ نوٹ کر لیا جاوے - تو اس صورت میں ساری کتاب اپنی ہوجائیگی - قراءت میں بعض کی رائے ہے کہ آہستہ پڑھنا چاہئے لیکن بعض آواز سے پڑھنے کو ترجیح دیتے ہیں - صورت اول میں صرف قوت باصرہ پر اثر پڑتا ہے اور دوسری صورت میں سامعہ و باصرہ دونوں اپنا کام کرتے ہیں - ترکیب اول سے وقت کی کفایت اور ترکیب دویم میں دل دماغ پر گہرے نقوش پڑتے ہیں - آرام طلبی کے

ساتھہ لیت کر پڑھنا بالکل غیر مفید ھے اور بعض لوگ جو سوتے وقت کتاب ھاتھہ میں لیتے ھیں اس سے ان کا مقصد صرف نیند لانا ھوتا ھے پڑھنے سے اس کو سروکار نہیں - اس صورت میں خیالات کی یکسوئی سے جلد نیند آ جاتی ھے اور کتاب ھاتھوں سے چھوٹ کر الگ جا گرتی ھے - یہ تھی آوارہ خوانی کی سرگذشت جو اوپر بیان ھوئی آئندہ چلکر شاید نفسیات کی رو سے کچھہ مزید روشنی ڈالی جا سکے —

"ارض دکن سے خطاب"

(از جناب عبدالقدیر صاحب قدیر اورنگ آبادی)

اے دکن کی سرزمیں، اے مایہ دار جامعہ
تیری ہستی سے ہے وابستہ وقار جامعہ

دیدنی ہے منظر صبح بہار، جامعہ
ہوں مبارک تجھکو یہ لیل و نہار جامعہ

حبذا کیا تیری فطرت آسماں پرواز ہے
آج کل ہر فرد تیرا، گوش بر آواز ہے

مدتوں تیری فضا آلودۂ ظلمت رہی
اور مہنوں تساہل تیری کیفیت رہی

تیری دنیا آج تک آسودۂ غفلت رہی
با وجود افکار تازہ خوگر راحت رہی

ہاں! مگر اب آج کل شیرازۂ حکمت ہے تو
ہے تو کہنے کو زمیں پر مائل رفعت ہے تو

روغن اندازی کی تو نے شمعدان علم میں
اور جنبش ڈال دی کیا کاروان علم میں

ہے کہاں مد مقابل تیرا شان علم میں
امتیاز حاصل ہے تجھکو اب جہان علم میں

تو نے بزمِ جامعہ کچھہ اسطرح آباد کی
یاد تازہ ہو گئی، غرناطہ و بغداد کی،
دورِ حاضر میں ہے تو گہوارۂ علم و ہنر
تیرا مستقبل نظر آتا ہے خوش آئیندہ تر

آبیاری ادب پر تو نے جو باندھی کمر
تیری ہمسایہ زمینوں پر بھی ہے اُس کا اثر
ہر ادائے دلنشین تیری ادب آموز ہے
ہر نفس تیری فضا کا، انجمن افروز ہے
شاہد اُردو نے، کہتے ہیں، لیا تجھہ میں جنم
اس لئے ہے اُس کے سر پر تیرا دامانِ کرم
پرورش تو کر رہی ہے اُس کی با ناز و نعم
پایا ہے تیری بدولت اُس نے یہ عزو حشم
ہر نظر اُردو کے حق میں تیری لطف آمیز ہے
بادۂ ایثار سے ساغر ترا لبریز ہے
تیرے فرزندوں کی گر پیہم یہی کاوش رہی
اور یہی اِک آرزو سرمایۂ نازش رہی
یو نہی مہسر علم کی ان پر اگر تابش رہی
اور درس ارتقا ہی کی انہیں خواہش رہی
پھر تو ہو جائیگی تو رشک کمال مغربی
تجھہ سے قایم ہو گئی مشرق میں مثال مغربی
تیری ہستی ناروا، کیوں! موردِ الزام ہے
ساری آبادی کو جب کہ ایک ہی پیغام ہے"

تو بلا تفریق ملت، چشمۂ اقوام ہے
گھاٹ سے سیراب تیرے آج خاص و عام ہے
تیرے دامن میں پھلے پھولے ترا دارالعلوم
ہوں کرم فرما زیادہ تجھ پہ سلطان العلوم



واھمہ کی نیرنگیاں

اگر کوئی شخص امراض دماغ کے دوا خانوں یا پاگل خانوں میں جاے تو اُسے بہت جلد یہ محسوس ہو جاے گا کہ بیماروں میں گونا گوں واھمے اور التباسات پاے جاتے ھیں —

اگر ان مقامات میں تم سیاح کی حیثیت سے جاؤ اور صف مجانین سے گزرو تو تمہیں کہیں تو ایسے بزرگ ملیں گے جو کہ لاکھوں روپیوں کی ملکیت کے دعویدار ھیں! کوئی صاحب سلطان روم اور شہنشاہ ھند کی خیالی مسند پر متمکن نظر آئیں گے! کوئی اپنی علمیت کے نشہ میں مست نظر آے گا اور ھزاروں زبانوں کے جاننے کا دعویٰ کریگا اور کوئی صاحب علاج معالجے میں خود کو مسیحاے دوراں خیال کرتے ھونگے! کہیں کہیں کوئی ایسا مریض نظر آے گا جس کا دعویٰ ھو گا کہ میں شیخ وفاتی اور رستم ھوں اور اگر آپ اعتراض کریں کہ وہ رستم اور ساتھ ھی شیخ وفاتی دونوں کیسے ھو سکتا ھے تو آپ کو جواب ملے گا کہ —

"میں ایک ماں سے رستم اور دوسری سے شیخ وفاتی ھوں!"

ڈاکٹر اسٹا ڈرت ایک بیمار کا حال اس کی زبانی سنکر یوں لکھتا ھے کہ ایک مرتبہ ایک شریر گھوڑے نے چند بچوں کو جو سڑک پر کھیل رھے تھے اور جن میں وہ بھی شریک تھا خوف زدہ کر کے بھگا دیا۔ چالیس سال کے بعد جب اُن بچوں کی ماؤں نے اپنے اپنے بچے کو ڈھونڈ نکالا تو یہ ممکن تھا کہ وہ بچے آپس میں تبدیل ھوجاتے اور یہ (بیمار) منصب شہزادگی کا وارث بن جاتا! بالآخر یہ بات حسب حال صحیح ھوھی چکی۔ اب یہ شخص پاگل خانے میں ھے اور شہزادہ بنا ھوا ھے—

اگر کوئی ایسے مریضوں کو ذرا بھی عزت و حرمت کی نگاھوں سے دیکھے تو وہ سمجھتے ھیں کہ اِس کا سبب صرف اُن کی اھمیت اور عظمت ھے—

ان خاص حالتوں سے قطع نظر عوارض دماغ کے دواخانوں میں اکثر یہ آوازیں بھی سنائی دیتی ھیں—

"میں تمام دنیا میں سب سے زیادہ متمول ھوں"

"میں طاقت و جوانمردی میں رستم زمانہ ھوں"

"میں زندہ رھنے کے قابل نہیں"

"میں مرچکا ھوں۔ میں کبھی نہیں مروں گا"

"میں نے ایک بڑے جرم کا ارتکاب کیا ھے"

"دنیا مرے خلاف مصروف سازش ھے"

"میں ایک بادشاہ کا بیٹا ھوں"

"میں ایک نہایت خوبصورت لڑکی سے شادی کرنا چاھتا ھوں"

"میں حیوان مطلق ہوں"!

ممکن ہے کہ کہیں کوئی عورت یہ شکایت کرتی ہوئی نظر آے کہ کوئی فرضی شخص اُس کے عشق میں گرفتار ہے اُس پر ظلم کرتا ہے اور اِسے اسی چیز کا سوہان ہے—

بعض اوقات دارالمجانین میں دو رشتہ دار مریض ایسے ملیں گے کہ دونوں کی زبانوں پر ایک ہی دعوے مہمل ہو- لیکن ایسے واہمے اور التباسات ضرور نہیں کہ نشان جنون ہی سمجھے جائیں-ذی عقل انسانوں میں بھی ایسی چیزوں کا پایا جانا عجب نہیں ہے-اکثر لوگ منتر-جادو-گنڈا-اور تعویذ کے قائل ہوتے ہیں-ایسے بھی ہیں کہ دستر خوان پر تیرہ آدمیوں کا ہونا منحوس سمجھتے ہیں-کچھ ایسے ہوتے ہیں جو اپنے سامنے سے کسی رنگ کی بلی کا راہ کترنا برا شگون سمجھتے ہیں-بچوں کو پریوں کے وجود کا یقین ہوتا ہے خوبصورت گڑیوں کو اپنا جیسا جیتا جاگتا خیال کرتے ہیں' لیکن اِن باتوں سے عام راے اُنہیں مجنوں نہیں کہتی—

پس معلوم ہوا کہ حالت جنون کی طرح حالت ہوشیاری کے بھی راہمے ہوتے ہیں' اور ہم کو ان دونوں میں فرق کرنا چاہئے-حالت ہوش کے واہمہ کی یہ تعریف کی جاسکتی ہے کہ وہ ایسے خیالات ہیں کہ جنہیں اُس شخص کے (جو اُنہیں باندھے) ہم فرقہ-ہم خیال و ہم نسل مانیں

وہ لوگ جو "ڈارون" کے قانون ارتقا کو نہیں جانتے کسی ایسے شخص کو جو ذوی الحیات کی تخلیق کی توجیہ ارتقائی اصولوں پر کرے دیوانہ سمجھتے ہیں مگر

چونکہ وہ شخص اُن چیزوں کے غور وخوض میں اپنی عمر صرف کرتا ہے اور اس کے علاوہ ماہران علم الحیات اُس کے بیان کی صحت یا غلطی خوب جانتے ہیں اور اُس کے حامی رہتے ہیں اس لئے یہ اپنے خیال پر اصرار نہیں کرتے —

اِس کے بالعکس حالت جنوں کے واہمے جس وقت سنے جاتے ہیں ویسے ہی مہمل و بے بنیاد معلوم ہوتے ہیں، لیکن پھر بھی طبی نفسیات کے ماہر جانتے ہیں کہ ان کی تہ میں دبے ہوئے جذبات اور مسدود خواہشات اپنا کام کر رہی ہیں —

چونکہ ہم جانتے ہیں کہ ایسے مجانین نہ صرف اپنے بلکہ سوسائٹی کے حق میں بھی مضرت رساں ہوتے اس لئے مجبور ہو کر اُنہیں دارالمجانین میں داخل کر دیتے ہیں جہاں اُن کا علاج کیا جاتا ہے اور اُن کے حرکات کی نگرانی بھی خوب ہوتی ہے —

یہ لوگ تو خیر مجنوں سمجھے ہی جاتے ہیں، لیکن ہمیں اُن لوگوں کو جو اپنی علوے شان پر یقین کامل رکھتے ہیں اپنے فرقہ-جماعت-یا گزشتہ کامیابیوں پر فخر کرتے ہیں اور اِس پردہ میں اپنے ہمجنسوں کے ساتھ نامناسب برتاؤ کرتے ہیں کیا کہنا چاہئے؟ ضرورت ہے کہ اس سوال کا جواب صداقت اور تحقیق کے بعد دیا جائے کیونکہ ممکن ہے کہ ہم بھی ان کی طرح کے غلط خیالات میں مبتلا ہوں —

ہر شخص بہت آسانی کے ساتھ اپنے دل میں یہ خیال قائم کر لیتا ہے کہ اُس سے زیادہ نیک اور دنیا کے لئے اہم کوئی

دوسرا نہیں-اُس کی جماعت اور قوم عمدہ ترین ہے - اور اُس کا مخالف نہ صرف غلطی پر ہے بلکہ مکار اور بد معاش بھی!—

لیکن سائنس سے ہمیں کیا معلوم ہوتا ہے؟ کائنات کی وسعت بے پایاں میں کرۂ زمین خود ایک ذرا نقطہ ہے—

کسی شخص کو کسی دوسرے سے پیشتر وجود میں آنیسے شرمندہ نہونا چاہئے ۲۵۰۰۰ اور ۴۰۰۰۰ سال کے درمیان دنیا میں ایسے لوگ آئے جنہیں صحیح طور پر اشرف المخلوقات کہا جا سکتا ہے - اور اُنہیں کی نسلیں اب بحیثیت مجموعی ہومو سیپیئنس (Homo-sapiens) کے نام سے پکاری جاتی ہیں - اگر ہم طبعی تاریخ کا مطالعہ کریں اور انسان اور اُس کی بنائی ہوئی چیزوں کی تدریجی ترقی دیکھیں تو ہمیں اُن اجزا کا علم ہوجائیگا جنکا مرکب نتیجہ انسانی ترقی ہے—

اقوام کی تاریخ ہمیں کیا بتلاتی ہے؟ موجودہ اقوام کے ماضی کی تاریخ میں بہت سی باتیں اُن کے لئے قابل فخر اور بہت سی موجب ننگ پائی جاتی ہیں-ہماری رائے ہے کہ ناظرین یچ-جی ویلز کی تاریخ "دی آرٹ لائن آف ہسٹری" کا مطالعہ ضرور کریں-اُس کا مصنف لکھتا ہے کہ انسانی تاریخ در اصل خیالات کی تاریخ ہے-جنگوں کے وقوع میں آنے سے پہلے کے انسانی خیالات کی جانچ پرتال اس سے کی جاتی ہے-گذشتہ چھہ سال کے عرصہ میں جمے ہوے خیالات-تعصبات اور ذہنی حدود جن کی نظیر تاریخ میں کہیں نہیں ملتی-

جنگ کے ساتھہ ھی دنیا کے دلوں سے رخصت ھوگئے۔ یوں تو دنیا کے مسلمہ اور مفروضہ خیالات اُس کے ارتقا کے ساتھہ ساتھہ بدلتے آرھے ھیں لیکن جنگ عظیم کے بعد ایسی تبدیلی کی حد ھو گئی۔ غالباً اس سے پہلے ایک ھی مقصود کے ساتھہ اور ایک ھی تقدیر کے فیصلہ پر رضامند اور متفق ھوکر کبھی آدمی آپس میں مقابل نہیں ھوے ھونگے۔ سردست ھم اس کا اندازہ نہیں لگا سکتے کہ کتنی دنیا میں جنگ کے قبل کے خیالات بھولے گئے اور کتنی دنیا اب انہیں بھولنے لگی ھے۔ ھم میں سے بہت کم لوگوں نے اپنے خیالات کی تبدیلیوں کا اندازہ لگایا ھے —

سب سے زیادہ استبدادی واھمے بڑی مشکل کے بعد دلوں سے مٹتے ھیں۔ (فرانس کی نسبت جس نے بے انتہا آفتیں برداشت کیں اور اپنے خیالات کا ٹھہرہ پا لیا کسے خیال تھا کہ وہ پھر اُسی دماغی حالت میں مبتلا ھوکر مراکش کے بہادران ریف سے جنگ کریگا؟ —

'روح جنگ' ('دی سول آف دی وار') کا مصنف فلپ گبس اپنی کتاب میں ایک سپاھی کا قول نقل کرتا ھے۔ اس نے کہا کہ "قدیمی فوج کی حد ھوگئی۔ آئندہ ھمیشہ اس آفتوں کے دوبارہ سہنے سے آدمی انکار ھی کرتے رھینگے۔ اگر مجھے خیال ھو کہ میرا کوئی لڑکا اُن آفتوں میں پڑیگا جو میں کچھہ عرصہ سے سہہ رھا ھوں تو میں اُس کو اِن سے بچانے کے لیے گلا گھونٹ کر مار ڈالوں" لیکن ابھی جنگ کو ختم ھوئے زیادہ زمانہ نہیں گذرا اور فرانس پھر جنگ میں

مصروف ہے۔ اُس سے اُن زخمہائے کاری کے خیال کو جو 'باشے' اور 'ھن' کے ہاتھوں اُس کے جسم پر لگے تھے بھلا دیا ہے۔ زور اور حکومت کے مریضوں کو جلد یا دیر کسی نہ کسی قسم کے غمناک حادثہ سے دوچار ہونا پڑتا ہے —

اب چین کی موجودہ حالت پر نظر ڈالیے۔ کہا جاتا ہے کہ ہمیں اس ملک میں اپنے رعب و داب کو برقرار رکھنا چاہئے۔ جاپان۔ امریکہ اور یورپ اس بات پر تلے ہوے ہیں کہ معاملات چین کی غیر جانبدارانہ تحقیق کی بجائے زور و قوت کے مظاہرہ سے اپنی اخلاقی برتری ثابت کی جائے —

بمبئی کی موجودہ حالت ہی پر نظر ڈالو۔ وہاں آج کل گرنیوں کے مالکوں اور مزدوروں کے درمیان کشیدگی ہوگئی ہے۔ گرنیوں کے مالکوں کا اصل مدعا کسب منافع ہے۔ اُنہیں مزدوروں کی زندگی کی ضروریات کے متعلق کچھہ فکر ہی نہیں۔ وہ صرف اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ انصاف چاہتے ہیں لیکن کیسا انصاف! وہ جو قانون رسد و طلب اور تجارت کی موجودہ نازک حالت کا لحاظ رکھے۔ غرض وہ ہر چیز کا خیال کرنے پر آمادہ ہیں۔ مگر مزدوروں کی آسائش کا مطلق لحاظ نہیں کرتے۔ اور اس پر بھی انہیں یہ دعویٰ ہے (اور یہ سراسر غلط خیالی پر مبنی ہے) کہ وہ انسان ہیں۔ مہذب و رحمدل ہیں۔ باتمیز شہری ہیں اور عزت و احتشام کے سزاوار ہیں —

لیکن سب سے زیادہ ہولناک اور نفرت انگیز ایک اور بات بھی ہندوستان میں پائی جاتی ہے کہ غربا کو

ان کی ذات کی وجہ سے گلی کوچوں سے گذرنے اور تالابوں اور کنوؤں کے آزادانہ استعمال میں لانے سے روکا جاتا ھے —

کیا یہ تمام حرکات انسانی غلط خیالی کے نتیجے نہیں ھیں؟ کیا واھمے کے ایسے شکار مجنوں نہیں ھوتے؟ اگر اُنہیں پاگل نہیں خیال کیا جاتا تو کیا اسلئے کہ وہ ذی عقل ھیں اور پاگل خانوں کے پاگلوں سے زیادہ ھوشمند؟ نہیں نہیں —

اچھے کو برا برے کو اچھا سمجھے
کتنی یہ بری سمجھہ ھے اچھا سمجھے!

ایسا نہیں ھے - اِن جھوٹے دعویداران ھوش وخرد کو ایسے خیالات کی وجہ سے ذی فہم سمجھنا سمجھنے والوں کی سمجھہ کا پھیر ھے - واِلا ھم مانتے ھیں کہ نہ جنون کسی انسان کی عقل سے بیگانہ ھے نہ کوئی دماغ اس کے بعیز ھے مگر ھوش و خرد کے پردے میں پوشیدہ ھونے اور اِس نفرت انگیز ظہور کی وجہ سے اپنی اصلی اور محدود عزت بھی کھو دینے کی وجہ سے کارخانہ عالم زبر وزیر ھے —

جن جن حضرات کو خاص مراعات حاصل ھیں وہ اسی لئے اپنی نظروں میں آپ نیک اور باخدا نظر آتے ھیں کہ وہ واھمے میں گرفتار ھیں - اس کے سوا اور کوئی دوسری توجیہہ ممکن نہیں ھے —

اگر ھندوستان سے ایسے خیالات دور کیے جا سکتے ھیں تو صرف اس کے بسنے والوں کے متحدہ پاکیزہ خیالات اور حرکات واعمال حسنہ سے! کیونکہ اگر ھم دنیا کی بری باتوں کو مٹانا چاھتے ھوں تو یہ ضروری ھے کہ ھم اپنے آپ پر

نظر ڈالیں اور خود اپنے التباسات کو اپنے دل و دماغ سے یک قلم دور کریں —

[نوٹ - پاگل خانوں کے پاگل تو زیر معالجہ ہیں مگر یہ مجانین ذی عقل کس مرض کی دوا ہیں ؟ اگر یہ اپنا علاج آپ کریں تو اُن کے دفاتر خیالات اُن کے لئے نسخہائے شفا ہیں ورنہ پروانہ جات قضا ہیں ! ۱۲ مترجم] —

محمد حفیظ الرحمن طالب علم میٹرک

ملک عنبر کے نوکھنڈے سے خطاب

(از جناب محمد عباس صاحب اقدس حیدرآبادی
منشی عثمانیہ کالج اورنگ آباد)

یادگار عہد ماضی رہگئے ہیں جو کھنڈر
اب بھی اپنی شوکت رفتہ پہ ہیں وہ نوحہ گر
خفتہ ہنگامے ہیں ان کے منظر غمناک میں
دیکھنے کو ان کی ہستی مل گئی ہے خاک میں
نوکھنڈے کے بام و در ہیں سوگوار غم بنے
ہر روش قطرات شبنم گریۂ پیہم بنے
ٹوٹتی پھوٹتی سی کمانیں اور یہ طاق و رواق
کہہ رہے ہیں زایروں کو الوداع و الفراق
نقش فانی جم گیا تصویر دھندلی ہو گئی
چھا گیا ادبار تجھ پر تیری قسمت سو گئی
غلغلہ ہے یاس و حرماں کا ترے آغوش میں
ہے نہاں افسانۂ رنگیں لب خاموش میں
اب کہاں دامن میں وہ رنگینیاں گلزار کی
لوٹتی ہیں خاک پر بیلیں در و دیوار کی

تیری ہستی تھی کبھی رونق فزاے کائنات
جھلملا کر بجھہ گئی آخر تری شمع حیات

مکڑیاں تانے ہیں جالے تیری عشرت گاہ میں
ہیں خس و خاشاک کے انبار تیری راہ میں

جاگتے سوتے تری بربادیوں کا غم کریں
جی میں آتا ہے کہ ہم برسوں ترا ماتم کریں

چشم عبرت دیکھہ کر حالت تری حیران ہے
پہلے تو آباد ہوگا آج کل ویران ہے

رہنے والوں نے ترے دیکھی تھی شان زندگی
راز دنیا کے بتا! اے رازدان زندگی

ہاے وہ دن جو شبستاں نور سے معمور تھا
ہاے وہ دن جو شبستاں جلوہ گاہ طور تھا

ہن برستا تھا جہاں اب خاک اڑتی ہے وہیں
ایسی بربادی کے افسانے ہیں عبرت آفریں

جس محل کے رہنے والے عیش سے مانوس تھے
جس محل کے دائیں بائیں سیکڑوں فانوس تھے

ان کی تربت کا نشاں اے دیدۂ عبرت نہ پوچھہ
اب مجھے تو چھیڑ کر اسلاف کی عظمت نہ پوچھہ

رہ گیا ہے جو نشاں وہ خاک سے ہمدوش ہے
ذرہ ذرہ اب یہاں کا محشر خاموش ہے

نظریۂ جبلت کی تردید

سید عسکری حسین متعلم سال دوم ایف عثمانیہ کالج
اورنگ آباد - دکن

اب تک یہ خیال رائج تھا کہ بچوں کی ذہنی ساخت کا بہت بڑا حصہ جبلی ہوتا ہے اور وہ ماں کے پیٹ ہی سے بعض صلاحتیں لئے ہوے پیدا ہوتے ہیں مثلاً خوف، غصہ، عجوبہ پسندی کا میلان، تقلید کا رجحان وغیرہ، اس مضمون میں اس نظریہ کی تردید کی گئی ہے، یہ ناظرین کو تعجب خیز ضرور نظر آے گی، لیکن نئی نہیں ہے، اس سے پیشتر بھی اٹھارویں صدی میں فرانس کے مایۂ ناز فلسفی (Rosseau) نے معصومیت اطفال کا نظریہ (Theory of the Unspoilt Child) پیش کیا تھا، جس میں اس نے یہ بتایا تھا کہ بچوں کی خرابی کی ذمہ دار ان کی فطرت، یا توریث نہیں، بلکہ صرف ماحول ہے، ہر بچہ ایک سادے کاغذ کی طرح صاف ذہن لئے ہوے پیدا ہوتا ہے، جتنے نقش و نگار ہوتے ہیں، تعلیم و تربیت کی بدولت ہوتے ہیں، اگر یہ خیال صحیح ہے تو والدین اور مدرسین کی ذمہ داری پہلے سے کہیں زیادہ ہو جاتی ہے - اڈیٹر)

بچوں کی ابتدائی حالت پر اگر غور کیا جاے تو معلوم ہوتا ہے کہ جب وہ پیدا ہوتے ہیں تو ان میں نہ تو جذبہ محبت ہی ہوتا ہے اور نہ خوف۔ بچہ فطرتاً نہیں بلکہ سیکھہ کر ماں سے محبت کرتا ہے۔ پہلے وہ ایک اجنبی سی ہوتی ہے، لیکن رفتہ رفتہ یہ اجنبی پن غائب ہوتا جاتا ہے۔ کوئی بچہ پیدائشی دھتا (Right Handed) یا کھبا (Left Handed) نہیں ہوتا اور نہ وہ کسی قسم کی ذہانت وراثتاً لاتا ہے۔ اس میں کوئی ایسی شے نہیں ہوتی جس کو ہم باطنی یا "ادنیٰ فطرت" کے نام سے موسوم کریں۔ یہ تمام چیزیں اس کو دنیا میں آنے کے بعد حاصل ہوتی ہیں۔ یہ اکتسابی ہوتی ہیں۔ جس چیز کو عرف عام میں "انسانی فطرت" کہا جاتا ہے اور جس کے متعلق خیال ہے کہ وہ پیدائشی ہوتی ہے جس کے پردے میں ہم اپنی خامیوں اور غلطیوں کو بشریت کہہ کر چھپاتے ہیں وہ ایک لغو خیال ہے۔ ایک نو زائیدہ بچہ ان تمام چیزوں سے مبرا ہوتا ہے۔ غلطی تقاضاے بشریت نہیں ہے۔ "الانسان مرکب من الخطا والنسیان" سے یہ مراد لینا غلطی ہے۔—

ڈاکٹر واٹسن (Watsan) نے ایک ہزار سے زائد بچوں کا مشاہدہ کیا ہے اور جو نتیجہ اس سے برامد ہوا وہ نہایت ہی تعجب خیز ہے۔ لیکن اس نتیجہ سے بھی زیادہ تعجب کے قابل بات یہ ہے کہ اب تک علماے سائنس کا ذہن اس طرف کیوں منتقل نہیں ہوا—

ڈاکٹر واٹسن کا دعویٰ ہے کہ اس قسم کی کوئی شہادت نہیں مل سکتی جو نفسیات دانوں کے اس خیال کو صحیح

ثابت کرے کہ آدمی میں جذبات خوف (عرفی اشکال محبت رشک و رقابت، جنگ جوئی ، غصہ وناخوشی ، رحم ، تجسس ، کسی شے پر تصرف ، اخذیت ، * مرض سرقہ Kleptomania ، کھیل - تیزی ، تعامل ، شرم و حیا ، صفائی ، تہذیب اور والدین کی محبت وغیرہ پیدائشی طور پر موجود ہوتی ہے - تجربہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ تمام چیزیں اکتسابی ہوتی ہیں نہ کہ فطری - مختصر یہ کہ کوئی بچہ شعور ، کیفیات ذہنی ، مرکبات ذہنی (Complexes) تخیل ، ارادہ وغیرہ ساتھ لے کر پیدا نہیں ہوتا - یہ تمام خیال ہی خیال ہے —

رنگ

کوئی بچہ بھی کسی خاص قسم کی ذہانت لیکر پیدا نہیں ہوتا - ذہانت کا خیال ہمکو صرف دماغ ہی کے حوالہ سے نہیں کرنا چاہئے - سوچنے کا تعلق تمام جسم سے ہے ، اور خاص طور پر خنجرہ سے - کوئی ایسا اصول ہمارے پاس نہیں ہے جو یہ ثابت کردے کہ سفید رنگ کے بچے شعور میں کالے ، پیلے ، بھورے رنگ رکھنے والے بچوں سے بہتر ہوتے ہیں - اور نہ کوئی اصول ایسا ہی ہے جو اس بات کی شہادت دے کہ جو بچے تن مارک

---

* بعض لوگوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ باوجود مالدار ہونے کے ان میں ایک قسم کی چوری کی عادت ہوتی ہے کہیں نہ کہیں سے کچھ نہ کچھ چھپا کر جیب میں ڈال لیتے ہیں - خواہ وہ ٹوٹے ہوے چینی کے ٹکڑے ہی کیوں نہ ہوں —

اور تاروے کے والدین سے پیدا ہوتے ہیں وہ جیگو سلاو-
سامی، اور یونانی بچوں سے زیادہ ذہین ہوتے ہیں-
جیسا کہ ڈاکٹر واٹسن کہتے ہیں کہ جب کسی عمر کے
بچہ کو (جسکی پرورش صحیح اصولوں پر کی گئی ہو)
سانپ، مچھلی، اندھیرا، جلتا ہوا کاغذ، بلی، کتا، پرندہ
بندر اور اس قسم کے دوسرے تہیجات سے متہیج کرو تو
اس قسم کا ہیجان کبھی نہ پیدا ہوگا جس کو عرف
عام میں ہم خوف سے منسوب کرتے ہیں اور جو سانس
کا رکنا- چیز کی طرف سے پلٹنا، دوڑنا، رینگنا، وغیرہ
کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے اصل یہ ہے کہ خوف میں مدد کرنے
والی صرف دو چیزیں ہیں ایک زور کی آواز اور دوسرا
سہارے کا باقی نہ رہنا-یہ تمام تہیجات جو ہم کو کسی شے سے باز
رکھتے ہیں جیسے پیچھے ہٹنا کسی شے کی طرف سے پلٹنا وغیرہ
سب سیکھے ہوے ہوتے ہیں —

مذکورۂ بالا بیان ایک روشن شمع کے تجربہ سے اچھی
طرح واضح ہوجائیگا - رکھی ہوئی متھائی پر ہاتھہ ڈالئے
اور شمع کی لو سے ہاتھہ کھینچنے میں جو حرکتیں ہوتی
ہیں وہ ایک ساتھہ قائم کی جاتی ہیں -اگر بچہ کی آنکھوں
کے سامنے شمع لائی جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ وہی اشتیاق
کے حرکات جو متھائی کے وقت سرزد ہوئے تھے شمع کو دیکھکر
بھی ہو رہے ہیں - شمع کو بچے کے سامنے لیجاتے ہوے
اس کا خیال رہے کہ بچہ کے اتنی قریب نہ لیجائی جائے کہ
وہ اپنے ہاتھہ کو جلا لے لیکن اتنا قریب ہونا اس کا ضروری

ھے کہ بچہ ھر کوشش میں اپنے ھاتھہ کو لو کے قریب لاسکے - اس سے یہ تہیجات پیدا ھونگے - کسی قدر ھاتھہ کی انگلیوں کا بند کرنا، جلدی سے انگلیوں کو بندکرنا - انگلیوں کوکھول دینا - ھاتھہ کا پھیلانا اور اگر حدت بہت ھی زیادہ ھو تو بازو کھینچ لیاجا تا ھے - یہ جملہ حرکات بالکل متھائی والی حرکات کی طرح ھوتی ھیں —

جب بچہ ایک مرتبہ نہیں بلکہ کئی دفعہ اپنا ھاتھہ جلا لیتا ھے تب کہیں اسے اس کا تجربہ ھوتا ھے کہ لو سے ھاتھہ مس نہ کیا جائے یہ بھی ممکن ھے کہ چند شدید چرکے ھی اس کو تجربہ کرادیں اور زیادہ کی اس کو ضرورت نہ ھو - اس مثال سے ھم کو بچہ کے جبلی جوابی حرکات کا علم ھوتا ھے اور یہ اس امر کا بین ثبوت ھے کہ خاص خاص چیزوں کا خوف بچوں میں اکتسابی ھوتا ھے —

ھاتھہ بڑھانے کی جبلی عادت

ایکسو پچاس دن کے بچہ سے لیکر ایک سال عمر والے بچہ پر اضطراری گرفت کے متعلق تجربہ کیا گیا تاکہ یہ معلوم ھوسکے کہ پہلے کو نسا ھاتھہ چیزوں کے طرف بڑھایا جاتا ھے - اس کے واسطے ایک پیپر منٹ کی چسنی یا شمع استعمال کی گئی - ان میں سے ایک چیز اس کے چہرے کے سامنے آھستہ آھستہ لائی گئی تو ھاتھہ بڑھایا گیا - ایک اور شخص اس تجربہ کے دوران میں یہ نوٹ کرتا رھا کہ کو نسا ھاتھہ پہلے استعمال ھوتا ھے اور اگر دونوں ھاتھہ استعمال ھوے جیسا کہ اکثر ھوتا ھے تو پہلے کونسے ھاتھہ سے چیز کو مس کیاگیا - ان آزمائشوں سے

معلوم ہوا کہ یہ خیال کہ ایک ہاتھہ ہی زیادہ تر استعمال کیا جاتا ہے صحیح نہیں ہے۔ گرفت میں داہنے - بائیں ہاتھہ کی کوئی قید نہیں ہے —

چار ماہ سے ایک سال تک کی عمر والے ایسے بچوں کا امتحان بھی کیا گیا جنہوں نے اب تک کوئی جانور دیکھا ہی نہ تھا —

ایسے امتحان کے لئے بچوں کو ماں یا کھلائی کی گود میں بٹھا دیا گیا اور جیسے ہی وہ چپ ہو گئے اچانک ان کے سامنے ایک زندہ جانور چھوڑ دیا گیا —

ٹی T) (جو ۱۶۵۸ دن کی لڑکی تھی) اس کے سامنے ایک سیاہ پالو بلی کو چھوڑا گیا اور اس بلی کو بچی کے قریب آنے دیا گیا - بچی اس کی طرف دونوں ہاتھہ پھیلا کر جھپٹی، اس نے پہلے اس کی ناک کو چھوا اور پھر اس کے پنجوں سے کھیلنے لگی —

ڈاکٹر واٹسن کا بیان ہے کہ کسی تجربہ میں کسی بچہ میں بھی کسی قسم کا فطری خوف نہیں پایا گیا —

مسرت و نمائش

(از افضل حسین فاروقی متعلم نظام کالج - حیدرآباد)

شاہان یورپ نے یہ ایک طریقہ اختیار کر رکھا ہے کہ ان کی رعایا میں سے جو شخص مستوجب اکرام ہوتا ہے اسے دو گز نیلا فیتہ تحفتاً دیدیتے ہیں' جسے پانے والا اپنے سینہ پر لگاتا ہے - جن لوگوں کی اس طور پر عزت افزائی کی جاتی ہے' وہ "بہادر" کے لقب سے موسوم کئے جاتے ہیں' اور خود بادشاہ ایسے گروہوں کے سردار ہوا کرتے ہیں - اہم خدمات کا اس طرح صلہ دینا بڑی کفایت شعاری ہے - بادشاہ بڑے خوش نصیب ہیں کہ ان کی رعایا ایسے حقیر انعام سے مطمئن ہو جاتی ہے - اگر کسی امیر کی کسی لڑائی میں ٹانگ ضائع ہو جائے تو بادشاہ دو گز فیتہ اُسے دیدیتا ہے' اور گویا اس کے گم شدہ عضو کی اس طور پر تلافی کر دی جاتی ہے - اگر کوئی شخص اپنی تمام آبائی دولت دوسرے ممالک میں اپنے ملک کی وقعت برقرار رکھنے میں صرف کر دے تو بادشاہ اُسے دو گز فیتہ دے دیتے ہیں جو گویا اُس کے جائداد کے مساوی تصور کیا جاتا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ جب تک بادشاہ کے پاس گز بھر نیلا یا سبز فیتہ موجود ہے تو اُسے مدبرین' سپہ سالار اور سپاہیوں کی قلت کا اندیشہ نہیں رہتا ہے —

میں ایسی سلطنتوں کی حسن و خوبی کے سمجھنے سے قاصر ہوں جہاں کے رہنے والے کثیر آبائی جائداد کے باوجود محض خالی خولی الطاف و اکرام کے خاطر حقیقی صعوبتیں برداشت کرنے پر آمادہ رہتے ہیں۔ کوئی شخص جس کے پاس معقول پونجی ہو جب وہ کسی ایسی خدمت کی انجام دہی میں مصروف ہوتا ہے جس سے اس کی عزو جاہ میں اضافہ ہو، تو اسے اپنے مرتبہ کے لحاظ سے بہت کچھہ تکلیفیں برداشت کرنا پڑتی ہیں، اور اس کے مقابلہ میں اسے کوئی ایسی حقیقی خوشی میسر نہیں آتی جس سے وہ پہلے محروم رہا ہو —

درباریوں کے زمرہ میں داخل ہونیسے قبل وہ بفراغت کھاتا۔ سوتا جاگتا تھا خدمت سے مستفیض ہونے کی وجہ سے اُس کی یہ حالت برقرار نہیں رہتی۔ خانگی حیثیت میں بھی خوشامدی اس سے اسی طرح لپٹے رہتے تھے جس طرح بر سر اقتدار ہونے پر، اور اپنے گھر میں اپنی تمام رغبتوں اور خواہشوں کو وہ بلا پس و پیش لوگوں پر آشکارا ہوے بغیر پورا کرسکتا تھا —

جس شخص کے پاس خود دولت موجود ہو اس کی دولت میں کسی قدر اضافہ ہو جانے سے اِسے کیا حقیقی مفاد ہوا۔ کچھہ بھی نہیں کیا کسی امیر کی دولت بڑھنے سے اس کی بھوک بڑھہ جاتی ہے؟ اگر یہ ہے تو اس قسم کی نظیریں بہت کچھہ باعث دلچسپی ہو سکتی ہیں —

کیا ایسا شخص جس کی ایک ہزار کی آمدنی ہو دو ہزار کی آمدنی ہونے پر دو بیویوں کی ہمراہی کا لطف اُٹھا سکتا

ھے یا بجائے ایک گونہ شکم پر ھونے کے دو گونہ شکم پر ھو سکتا ھے ؟ اگر ایسا ھو سکتا ھو تو یقیناً ایسا شخص قابل معافی ھے ' کیونکہ اس طور پر اس کا دائرۂ مسرت وسیع ھو جاتا ھے - لیکن صورت حال یہ ھے کہ بجاے اس کے کہ اس کا دائرۂ مسرت وسیع ھو اس کی مسرت میں انحطاط ھو جاتا ھے - کیونکہ وہ ان کی توسیع کے خیال سے تکالیف برداشت کرنے پر مجبور ھوتا ھے ' اور جیون جیون دولت میں اضافہ ھوتا جاتا ھے ' حصول مسرت کی صلاحیت اسمیں سے مفقود ھوتی جاتی ھے —

بجاے اس کے کہ بڑے آدمیوں پر رشک کیا جاے ' مجھے تو ان پر ایک طور پر ترس آتا ھے - میں اُنہیں نیک نہاد گمراہ اشخاص متصور کرتا ھوں - اپنی تمام مسرتوں کے لئے جن سے وہ بہرہ اندوز ھوتے ھیں وہ خود اپنے نہیں بلکہ ھمارے ممنون اور رھین منت ھیں - وہ اپنے لئے نہیں بلکہ ھمارے لئے لباس فاخرہ کا بار اُٹھاتے ھیں - ھماری خوشی کے لئے وہ لوازمہ سے آراستہ رھتے ھیں جو بڑے تزک و احتشام سے ان کے جلو میں رھتے ھیں - بڑے بڑے نازک دماغ شخص کے لئے اچکن اور ایک ملازم اس کی ضروریات پورا کرنے کے لئے کافی ھے - جن لوگوں کے پاس سنیکڑوں کی تعداد میں ملبوسات و ملازمین ھیں - وہ صرف ایک کو اپنے آرام کے لئے اور باقی ۹۹ کو ھماری مسرت افزائی کے لئے رکھتے ھیں - کنفیوشیس (Confucius) کا یہ مقولہ کس قدر صحیح ھے کہ ھم بجاے اس کے کہ خود اپنے آپ کو یہ اطمینان دلانے کی کوشش کریں کہ ھم مسرور

ھیں دوسروں کو اپنی مسرت کا یقین دلانے کے لئے تمام تکالیف برداشت کرتے ھیں —

اسطرح کی نمائش کا لوگوں میں چرچہ ھونے اور اپنے رتبہ کی وقعت بر قرار رکھنے کی خواھش گو جاہ طلب اشخاص کے لئے باعث تکالیف ھو لیکن سوسائیٹی کے لئے یہ امر مناسب ھے کہ ایسے لوگ بھی موجود ھیں جو آرام و اطمینان کو خطرہ اور گزبھر فیتہ پر نثار کرتے ھیں۔ ان کی خود نمائی سے ھمارا کچھہ نہیں بگڑتا، کسی بچہ کو اس کے کھاونے سے محروم رکھنا بھلا کب زیبا ھے؟ اگر کوئی تاوک یا تیز اپنے جلو میں آدمیوں کی قطاریں رکھنا پسند کرے، تو خود اس کے لئے یہ ایک بلا ھے۔ اگر وہ عام گذر گاھوں پر سنیکڑوں حاشیہ بردار ھماری مسرت افزائی کی غرض سے لئے پھریں تو یہ ان کے لئے کیا کم مصیبت ھے۔ صرف تماشائی ھی مسرت اندوز ھوتے اور مسرت پھنچاتے ھیں حاشیہ بردار اور جلوس کے شایق ان کے بار میں دبے رھتے ھیں —

ایک چینی عہدہ دار کی جس کو اس بات پر بڑا ناز تھا کہ اس کے تمام لباس میں جواھرات ٹکے ھیں، راستہ میں ایک پجاری سے مڈبھیڑ ھوی۔ پجاری تمام گلی کوچوں میں اس کے ساتھہ ساتھہ پھرتا رھا، اور راستہ بھر اس کی تعظیم کرتا اور اس کے جواھرات کا شکریہ ادا کرتا رھا۔ چینی نے اس سے مخاطب ھو کر کہا "اے دوست میں نے تو کوئی جواھر تجھے نہیں دئے پھر اس حرکت سے کیا مطلب ھے" پوجاری نے کہا تمنے جواھر تو نہیں دئے لیکن مجھے ان کے دیکھنے

کا موقع دیا - ہم میں تم میں سوائے اس کے کوئی فرق
نہیں کہ تمہیں ان کی حفاظت کی زحمت گوارا کرنا پڑتی ہے
اور مجھے اس خدمت کے انجام دینے کی مطلقاً خواہش نہیں —

(گولڈا سمتھ)

من کی موج

(۲)

(ہم گزشتہ نمبر میں اپنے من-موجی دوست کا تعارف ناظرین نورس سے کرا چکے ہیں، پہلی موج میں انہوں نے اسمائے صفات کے متعلق اظہار خیال فرمایا تھا، اس دوسری موج میں دنیا کے نئے پرانے معیاروں کا ذکر ہے، وہ شکایت کرتے ہیں کہ ایک طرف تو لوگ "دور نو" اور "عصر جدید" کا شور مچاتے ہیں، اور دوسری طرف اپنے پرانے معیاروں کو نہیں بدلتے، ہم اس کے متعلق اپنی ذاتی رائے محفوظ رکھتے ہیں، اعتراض و تنقید کا موقع تو وہاں ہے جہاں فکر رہنما ہو، لیکن من کی موج ارسطو اور مل کے منطقی قوانین کی پابند نہیں ہو سکتی، اگر ہمارے من-موجی دوست اجازت دیں تو ہم ان کو ایک گُر کی بات بتائیں اور وہ یہ ہے کہ حق بات کڑوی ضرور ہوتی ہے، لیکن ہر کڑوی بات حق نہیں ہوا کرتی — اڈیٹر)

"دنیا بدل رہی ہے"!

کل اتفاقاً یہ الفاظ مجھے سنائی دئے، میں حسب دستور

اپنے مکان کے دروازے پر بیٹھا ہوا تھا، سامنے ایک نئی عمارت بن رہی ہے، مزدوروں نے لکڑی اور بانس کا ایک بڑا اونچا مچان بنایا ہے، دو دو تین تین بھاری پتھر سر پر رکھے ہوئے اس مچان پر چڑھ رہے تھے - میں انھیں دیکھ رہا تھا اور سوچ رہا تھا ..... میں سوچ رہا تھا کہ کیا اس مکان، اس مچان اور ان مزدوروں کی طرح ہم سب اس سنسار میں اپنی بلندی دوسروں کی بلندی کے لئے بناتے ہیں..... کیا آتش بازی کی ہوائی کی طرح ہم سب محض اس لئے اوپر اُڑتے ہیں کہ دوسرے خوش ہوں ..... اتنے میں یہ الفاظ میرے کان میں پڑے :—

"دنیا بدل رہی ہے"

میں نے مڑ کر دیکھا، میرا دوست ہاتھ میں ایک اخبار لئے ہوئے کھڑا تھا، آنکھوں میں چمک، ہونٹوں پر ویسی ہی ہنسی جیسی بالک سپنے میں ہنستے ہیں —— کہنے لگا :- "جانتے ہو یہ کیا بن رہا ہے؟ یہاں بے تار کی خبر رسانی کا اسٹیشن ہو گا، ولایت کے گانے، امریکہ کی تقریریں یہاں سنائی دیں گی - دنیا بدل رہی ہے" —

مجھے بے اختیار ہنسی آگئی - میں جب کبھی "بیسویں صدی" "نیا زمانہ" "نئی دنیا" "نئے خیالات" اور اسی سانچے کے ڈھالے ہوئے دوسرے الفاظ سنتا ہوں تو بے اختیار ہنس دیتا ہوں، میں نے جواب دیا — "ہاں! پرانی آتما نیا روپ لے رہی ہے، پرانے چھلکے پر نیا چھلکا

نکل رہا ہے' لیکن گودا رہی ہے جو ویدوں کے زمانے سے پہلے تھا" میرے دوست نے اپنی عادت کے موافق بڑے زور سے قہقہہ لگایا' کہنے لگا۔" تم نے تو دنیا کو تج دیا ہے' جگ کے الٹ پھیر تم کیا جانو! کل صبح زبردستی تم کو اپنے ساتھ لے چلوں گا۔ تب تم کو معلوم ہو گا کہ ہماری دھرتی کروٹ لے رہی ہے یا نہیں" یہ کہا اور ہنستا ہوا چلا گیا —

میں دور تک اسے دیکھتا رہا۔ کیسے بے فکر اور بھولے لوگ ہیں' ایک جیب میں ولایتی سرنا ہے' دوسری میں دیسی کسوٹی' اُسے اِس پر کستے ہیں' زرد لکیر دیکھ کر اُسے کُندن سمجھتے ہیں..... اصلی بدلنا تو کسوٹی کا ہے!

میں پھر مکان' مچان اور مزدوروں کی دھن میں لگ گیا' یہ دو ہاتھ دو پاؤں کے پتلے اُسی طرح اپنی ذمہ داریوں کا بھاری بوجھ نیچے سے اوپر لے جا رہے تھے.....

آج میرا دوست مجھے شہر میں ادھر اُدھر پھراتا رہا۔ اس نے مجھے نئی نئی عمارتیں دکھائیں' پرانے اینٹ پتھر کے نئے استھان! پرانی آتما کے نئے روپ!! " یہ نئی سڑک ہے' اس پر ٹریم چلے گی " .... " یہ نیا بنک گھر ہے " ..... " یہ نئی دکان ہے " ..... " یہ نئے قسم کا مدرسہ ہے "۔ خدا معلوم کیا کیا بتاتا رہا اور باتیں کرتا رہا' وہ بہت خوش تھا' جیسے لڑکیاں ہنس ہنس کر اپنی سہیلیوں سکھیوں کو پرانی گڑیوں کے نئے زیور دکھاتی ہیں۔! میں نے کوئی جواب نہیں دیا' کانوں میں اس کی آواز آ رہی تھی' لیکن اندر والا گھڑی

کی "تک تک" کی طرح برابر یہی کہہ رہا تھا.... اصلی بدلنا تو کسوٹی کا ہے! جب تک گیا تو کہنے لگا۔ "اب قائل ہوئے کہ نہیں! شانتی پور بدل رہا ہے۔ دنیا بدل رہی ہے" میں ٹھنڈی سانس بھر کے چپ ہو گیا —

سامنے ایک حلوائی کی دوکان تھی۔ ترازو ہاتھ میں لئے ہوئے کچھ تول رہا تھا۔ میں اپنے دوست کا ہاتھ پکڑ کر اسے وہاں لے گیا، حلوائی سے کہا:

"لالہ! دنیا بدل رہی ہے، تم اپنے باٹ بدل دو" ہنسنے لگا۔ کہا "ہمارے یہاں اسی کا چلن ہے، گاہک نہیں مانتے".....

پھر ایک بزاز کے یہاں گئے۔ کپڑا ناپ رہا تھا، میں نے کہا "اپنا گز نہیں بدلتے" اس نے منہ پھیر لیا.....

راستہ میں ایک سپاہی ملا، اس کے ساتھ ایک بھلا مانس تھا، ہاتھ میں ہتکڑی، آنکھوں میں شرافت! میں نے کہا "جمعدار صاحب! اسے کیوں پکڑا ہے" کہنے لگا:

"اس نے ایک دوکان سے اپنے بچوں کے لئے آٹا چرایا ہے" میں نے: "کیا دنیا نے چوری کا معیار ابھی نہیں بدلا..... وہ مجھے گھورتا ہوا چلا گیا —

سچا بول اندر ان کا پول ہوتا ہے

تھوڑی دور چل کر ایک مکان میں پہونچے، ایک لکڑی کے تختے پر بڑے موٹے حرفوں میں لکھا ہوا تھا "سیٹھ اشرفی مل کا پن خانہ" ہزاروں اپاہج اور نکمے جمع تھے،

زبردستی کے اپاہج! کام کے نکمے!! میں نے داروغہ سے پوچھا۔" بھائی انہیں خیرات کیوں دیتے ہیں؟" کہنے لگا۔" نیک کام ہے، سیٹھ کی دیا معلوم ہوتی ہے، فیاضی ہے" نیک کام! دیا! فیاضی! سب وہی پرانے سانچے! کیا واقعی دنیا بدل رہی ہے.....

پرانے بانت، پرانا گز! پرانا قانونی معیار! پرانا اخلاقی معیار! دنیا میں ہر طرف وہی پرانی کسوٹی! اور اندر سے آتما کی وہی پرانی ٹک ٹک.....'' اصلی بدلنا کسوٹی کا ہے''! میں نے اپنے دوست کی طرف غور سے دیکھا۔ کیا دنیا بدل رہی ہے! اس نے آہستہ سے کہا" معلوم ہوگیا۔ اب لوٹ چلو"

دھرتی آے دن نیا سونا اُگلتی ہے۔ سنسار اپنا روپ نت نیا بدلتا ہے، پرانے بانت گھس گئے۔ پرانے گز چھوٹے ہوگئے۔ بہت سے پرانے جرم ہلکے ہوگئے، پرانی نیکیاں بدیاں، اور پرانی بدیاں نیکیاں ہوگئیں، پرانے معیار، پرانی کسوٹیاں آج کام کی نہیں، رہیں، پھر دنیا، انہیں کیوں نہیں بدلتی! ست جگ کے ست کو کلجگ میں بھی ست کیوں جانتی ہے! ایک پن خانہ قائم کرکے دس کی بنیاد کیوں رکھتی ہے۔ آج سانپ کی رکھشا کرنے کل نیولا کیوں پالتی ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نئے کندن کے لئے نئی کسوٹی کیوں نہیں ڈھونڈھتی۔ وہی حلوائی کی بات:—

کاہک نہیں مانتے .....

اب میرا درست "دھرتی کی کورت" کا قایل نہیں رہا، میں اس سے کبھی کبھی مذاق میں پوچھتا ہوں ---- "دنیا کب بدلیگی"؟ اس سوال کو سنکر اس کی حالت بدل جاتی ہے، آنکھیں پھیل کر ایسی ہو جاتی ہیں جیسے کوئی شام کے دھند لکے میں دور کی چیز دیکھ رہا ہو، وہ بہت دھیمی آواز سے جواب دیتا ہے —

"جب کاھک مانیں گے!"

باقی آئندہ

من-موجی

ھندوستان کی سب سے پہلی کرنسی کمیٹی
سنہ ۱۷۸۷ عیسوی

(ایس -ایم جگتاب و مرتضیٰ خاں متعلمین سال دوم عثمانیہ کالج
اورنگ آباد دکن)

چند ماہ قبل ایک رایل کرنسی کمیشن حکومت ھند کی طرف سے ھندوستانی زر کے متعلق مقرر کیا گیا ھے اس سلسلہ میں اگر سب سے پہلے ھندوستانی کرنسی کمیشن کے متعلق کچھ لکھا جائے تو وہ صرف تاریخی نقطۂ نگاہ سے اھم ھی نہیں بلکہ دلچسپ بھی ھوگا —

مہروں پر بٹہ سنہ ۱۷۶۶ء سے جو دو فلزی طریقہ اختیار کیا گیا تھا وہ صرف کلکتہ کی حد تک محدود تھا۔ مہریں ایک غیر متعین شرح پر گردش کرتی تھیں - اس شرح کا انحصار بازار کے سونے اور چاندی کے نرخ پر تھا - اور تقریباً (۱۶) سال تک یعنے سنہ ۱۷۶۹ء سے سنہ ۱۷۸۵ء تک اس نرخ میں کوئی زیادہ اضافہ واقع نہیں ھوا - لیکن سر جان شور صاحب کی سنہ ۱۷۹۶ء کی رپورٹ سے معلوم ھوتا ھے کہ سنہ ۱۷۸۶ کے آغاز میں مہروں پر بٹہ کے اضافے کی شکایتیں شروع ھوئیں اور کلکتہ میں مہروں کا اضافہ ھونے لگا - چنانچہ لوگوں

نے ان کو ضرورت سے زیادہ مقدار میں اپنے خانگی اغراض کے لئے جمع کرنا شروع کیا حتیٰ کے ماہ اگست سنہ ۱۷۸۸ ء میں ایک مہر کی قیمت (۳) روپیہ تک پہونچ گئی۔ جو اسی سال ماہ مارچ میں صرف ۲ آنے تھی —

انعقاد کمیٹی - نومبر سنہ ۱۷۸۷ء میں لارڈ کارنوالس نے ایک کمیٹی اس غرض سے مقرر کی کہ وہ چاندنی کے سکوں کی کمی اور بٹہ کے اضافے کے اسباب دریافت کرے اور اصلاحی تجاویز پیش کرے —

ممبران کمیٹی | اس کمیٹی کے کل ۶ ممبر تھے:— ہربرٹ ہیرس، رچرڈ جانسن، سی، کک ریل، جان برگ، ولیم ہارڈنگ، اور لمبرٹ جو غالباً سکریٹری تھا۔ زیادہ تر اس کمیٹی میں سرکاری افسروں کی تعداد تھی لیکن پھر بھی یورپی سوداگروں کی کافی نمایندگی تھی، کیوں کہ اس زمانہ میں کمپنی کے ملازم تاجر بھی ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ ہیرس وغیرہ جیسے اشخاص تجارت میں مشغول تھے۔ اس کمیٹی نے تاجروں کی نمایندگی بالکل اسی طرح کی جیسے کہ زمانہ حال کا رائل کرنسی کمیشن ہے؛ آج اتنا اضافہ اور ہے کہ ایک معاشیات دان، چند ہندوستانی تاجر اور چند غیر ملکی ماہرین بھی کمیشن میں شریک ہیں —

اُس زمانے میں مسئلہ زر Currency اس قدر اہمیت نہ رکھتا تھا جیسے آج کل۔ چنانچہ کمیٹی نے اپنا کام صرف (۶) ماہ کے اندر ہی ختم کر لیا اور ایک جلسہ اس کے قیام کے دو روز بعد ہی منعقد ہوا - اور بعد ازاں ہفتہ واری جلسے ہونے لگے

اس کمیٹی کے کل آٹھ جلسے ہوے - کمیٹی نے اپنی رپورٹ کے ساتھ ایک معذرت نامہ بھی داخل کیا کہ وہ اپنے مفوضہ فرائض کو پوری طور سے انجام نہ دے سکی لیکن اس پر بھی اس کی رپورٹ ۳۰ صفحوں سے کم نہ تھی —

کمیٹی نے ۵) پانچ گماشتوں کی شہادتیں لیں جن میں تین مارواڑی ساہوکار اور دو بنگالی صراف تھے - اس سے پتہ چلتا ہے کہ بنگالیوں میں اس زمانہ میں زیادہ ساہوکار نہ تھے - شہادتوں کے سننے کا طریقہ بالکل سادہ تھے، آج کل کی طرح کوئی طویل تحریری شہادت پیش نہ کی گئی - مہانند نی جو گوپال داس کا گماشتہ تھا) شہادت سب سے پہلے لی گئی اس نے حسب ذیل شہادت دی :-

۱ - سوال مہروں پر پتہ لگانے کا کیا سبب ہے؟

۱ - جواب چاندی کے سکوں کی طلب میں اضافہ —

۲ - س کن کن مقامات میں "سکہ روپیہ" روانہ کیا جاتا ہے؟ —

۲ - ج ہر جگہ جہاں خرید ہوتی ہے —

۳ - س کیا ڈھاکہ میں صرف ارکاٹی روپیہ نہیں چلتا ہے؟ -

۳ - ج کلکتہ سے (۱۹) لاکھ "سورتی سکہ کا روپیہ" ڈھاکہ کو روانہ کیا گیا ہے —

۴ - س گذشتہ سال چاندی کے سکوں پر پتہ کیوں نہیں لگایا گیا؟ —

۴ - ج اس وجہ سے کہ ان کی تعداد کافی تھی —

۵ - س اس کی کیا وجہ؟ —

۵-ج یہ میں کیسے کہہ سکتا ہوں:—

۶-س کیا تم نے کسی وقت اس کمی کے اسباب پر غور کیا؟

۶-ج میں نے اس مسئلہ پر کبھی غور نہیں کیا!

۷-س یہ کمی اس وجہ سے تو واقع نہیں ہوتی ہے کہ لوگوں نے اپنی خانگی اغراض کے خاطر روپیہ جمع کر رکھا ہے؟—

۷-ج صرافت تو ایسا نہیں کرتے-اور میں دوسروں کے متعلق کچھہ نہیں کہہ سکتا—

۸-س کیا تم نے کبھی چاندی کے سکوں کی خرید اور فروخت کی ہے،

۸-ج میں نے کبھی ایسا نہیں کیا-میں صرف ہنڈی کا بیوپار کرتا ہوں!—

۹-س وہ کون لوگ ہیں جو چاندی کے سکوں کا بیوپار کرتے ہیں؟—

۹-ج وہ بنگالی بازاری صراف ہیں—

دوسرے گواہ کا بیان

اس کے بعد دوسرا گواہ نیمی چرن، جو سیو رام پال کا گماشتہ اور بنگالی بازاری صرافوں کا نمایندہ تھا، پیش کیا گیا-اور اس نے فطرتاً یہ الزام بڑے بڑے مارواڑی صرافوں کے سر لگایا-اس گواہ نے اپنی شہادت میں متضاد بیانات دئے، مثلاً اس نے بٹہ کی وجہ یہ بتلائی کہ نیا سکہ نہیں بنا لیکن جب پوچھا گیا کہ کیا سکہ سازی کی غرض سے چاندی داخل کی گئی تو کوئی جواب نہ دے سکا-پھر اس پر حسب ذیل

جرح ہوئی—

۱ – س اس سال چاندی کی مقدار میں کمی کیوں واقع ہوئی؟—

۱ – ج کیوں کہ گذشتہ سال وہ زیادہ مقدار میں تھی- میں صرف ایک معمولی بیوپاری ہوں اور بڑے بڑے بیوپاریوں سے خرید کیا کرتا ہوں—

۲ – س وہ بڑے بڑے بیوپاری کون ہیں؟—

۲ – ج گوپال داس، نند رام بیدی ناتھہ، سامبرو ناتھہ، ارجن جی نالگی—

۳ – س وہ چاندی کے روپئے کس طرح حاصل کرتے ہیں؟—

۳ – ج یہ مجھکو معلوم نہیں-اس شاہد نے روپیوں کی کمی کا باعث رسد کی کمی کو قرار دیا اور روپیہ کے جمع کئے جانے کے متعلق تجاہل سے کام لیا- لیکن دبی زبان سے یہ کہا کہ ''میں اتنا ضرور کہوں گا کہ چاندی کی رسد کے مقابلہ میں طلب بہت زیادہ ہے''—

باقی ماندہ دو گواہوں ہری پرشاد اور کونائے سیل (گماشتگان بلول داس اور نلمر سیل) کے بیانات بھی اسی قسم کے تھے- یہ شہادتیں بالکل غیر تشفی بخش تھیں- کمیٹی مذکورۂ بالا اشخاص سے یہ اقرار کروانا چاہتی تھی کہ چاندی کی کمی کا باعث اس کا جمع کیا جانا ہے اور اس غرض سے کمیٹی نے گماشتوں سے آسان سوالات کئے- لیکن گماشتوں نے نمک حلالی سے کام لیکر چاندی کی کمی کو اس سبب کی طرف منسوب

ھی نہ کیا۔ان کے بیانات سے اصلی مسئلہ کی کچھہ بھی وضاحت نہوسکی'۔

سونے کی غیر ھر دلعزیزی۔کمیٹی نے زیر بحث مسئلہ پر دو مختلف پہلوؤں سے بحث کی۔اس نے پہلے مہروں کے ھر دلعزیز نہونے کے وجوھات تشریح سے بیان کیں۔انہوں نے بتلایا کہ طلائی مہروں کی قیمت کی زیادتی (تقریباً ۳۶ شلنگ) انھیں کلکتہ کے باھر وسیع حصۂ ملک میں مروج نہیں ھونے دیتی۔اس میں کوئی شک نہیں کہ مہریں ڈھاکہ' مرشدآباد' پٹنہ' اور بنارس میں چلتی ھیں لیکن یہ سب ملا کر بھی شہر کلکتہ کی کل مہروں کے مقابلہ میں ایک چوتھائی سے بھی زیادہ نہیں۔اس طرح کسی سکہ کا کسی خاص مقام میں جمع ھو جانا اس سکہ کی کثرت کا باعث ھوگا اور زر کاغذی کی گردش سے اس پریسیڈنسی کی زر کی مجموعی مقدار میں اور اضافہ ھو جاتا ھے۔اس کے علاوہ ڈیڑھ کروڑ سرٹیفکٹ اور اسی قدر تمسکات بینک نوٹ وغیرہ کے علاوہ شہر میں رائج ھیں۔اور زر کی اس کثرت کا وھی نتیجہ ھوگا جو خود سونے کی مقدار کی زیادتی کا ھوتا'۔

ھم دیکھتے ھیں کہ یہاں پر مسئلہ مقدار زر سے بحث کی گئی ھے لیکن مبہم ھے۔

چاندی کی ھر دلعزیزی۔بعد ازاں کمیٹی اس مسئلہ پر بحث کرنے لگی "چاندی کی زیادتی کی کیا وجہ ھے" اس سے معلوم ھوتا ھے کہ وہ مہروں پر بٹہ کے کٹنے اور چاندی پر اس کے ملنے کو علیحدہ علیحدہ چیزیں سمجھتی تھی اس کی

رائے میں کمی کی وجہ' سنہ ۱۷۵۷ ع سے اس کی درآمد کا کم اور برآمد کا زیادہ ہونا ہے کیونکہ چاندی دوسری پریسیڈنسیوں اور چین کو روانہ کیجاتی ہے-اور ضرور ہے کہ اس کی وجہ سے خود بنگال میں سونے اور چاندی کی نسبت میں مستقلاً تبدیلی پیدا ہو-لیکن کمیٹی سنہ ۱۷۸۷ ع میں مہروں پر بٹہ میں یکایک زیادتی ہونے کی وجہ بتلا نہ سکی- کمیٹی نے اس زیادتی کو ان ہنڈیوں کے کثیر استعمال سے منسوب کیا جو کلکتہ میں مالگزاری کی ادائی کے لئے استعمال ہوتی تھیں- لیکن "کلکتہ میں نقرئی سکہ کی کمی کا باعث (جو غالباً اپنی اہمیت کے اعتبار سے مذکورۂ صدر وجوہ سے کم نہیں ہے) شاید یہ ہوکہ سونے کے سکہ کی قیمت چاندی کے سکہ کی قیمت کے مقابلہ میں بہت ہی زیادہ ہے"—

سفارشات - کمیٹی نے مذکورہ بالا معلومات کی بناء پر حسب ذیل اہم سفارشیں کی ہیں:-

۱ - "جس قدر روپیہ گورنمنٹ کے ہاتھہ آئے' اٹھنی اور چونی جاری ہو-اور انگریزی معیار کی طرح اس میں بھی بھرت ملائی جائے'—

۲ - انفرادی طور پر سکہ سازی کی فیس نہ لی جاے—

۳ - اسی طرح سونے کی مہروں کو آدھے' پاؤ' آٹھویں حصوں میں تقسیم در تقسیم کیا جاے-لیکن موجودہ معیار میں کوئی فرق نہ آنے پاے—

۴ - ان صرافوں کو سخت سزا دی جاے جو جدید مضروب طلائی مہر کے معاوضہ میں جدید (۱۶) روپیہ سے کم دیں —

۵ - سونے اور چاندی کے سکوں کی قیمت میں وہی تناسب رکھا جاوے جو ہندوستان میں سونے اور چاندی کی قیمت میں پایا جاے'—

کاکرل کی مخالفانہ رائے کا خلاصہ - کاکرل نے کمیٹی کی رپورٹ پر اپنا ایک حاشیہ لگایا جس میں اس نے کمیٹی کی راے سے حسب ذیل وجوہ پر اختلاف کیا :-

(۱) کہ چاندی پر بٹہ کا باعث مالگزاری کی ادائی کی ہنڈیوں کا کثیر تعداد میں ہونا ہے—

(۲) دفعتاً بڑی مقدار میں یکایک نوٹس کا رائج ہونا بھی اس کا سبب ہے-جنرل بینک قرض دینے کے لئے ضمانتیں طلب کرتے ہیں اور اس طرح ہندوستانیوں کے سامنے ایک بری مثال پیش کی جاتی ہے جس کی وجہ سے عام ساکھ کو بہت صدمہ پہونچتا ہے—

(۳) دستاویزات وغیرہ کا اجرا سنہ ۱۷۸۷ ع میں ہوا نہ کہ سنہ ۱۷۸۶ ع میں اور سرٹیفکٹ کا اجرا بٹہ کا باعث نہ تھا—

کمیٹی کی طرف سے اس کی تردید

اس کا کمیٹی کے بہت سے ممبروں نے اس طرح جواب دیا کہ جہاں تک کاکرل کے پہلے اعتراض کا تعلق ہے تو وہ فی الحقیقت چاندی کی گرانی کی ایک بڑی وجہ تھی اور تیسری وجہ کو تو خود کمیٹی تسلیم کرچکی ہے دوسرے اعتراض کے متعلق انہوں نے یہ حجت پیش کی کہ بیانک نوٹس تقریباً (۱۲) لاکھہ کی مالیت کے رائج ہیں اور یہ مقدار ایک خاص

قسم کے زر نقد میں پوری طور سے کمی پیدا نہیں کرسکتی۔ انگلستان میں، جہاں بینک نوٹس کثیر تعداد میں رائج ہیں، کسی شخص نے چاندی کی عارضی کمی کو اس واقعہ سے منسوب کرنیکا خیال نہ کیا" کمیٹی کے بہت سے ممبروں نے یہ بھی حجت پیش کی کہ بیانک کا ضمانتی قرضہ دینے کا طریقہ بھی کوئی عجیب طریقہ نہ تھا اور نہ ہی اس سے "کوئی ایسی نظیر قائم ہوئی جو عام ساکھہ کے لئے مضر ہوتی اور نہ قرض کا یہ طریقہ کسی دوسرے بیانک میں عام اعتبار کی کمی کا باعث ہوا"—

معاشئین کے لئے رپورٹ دلچسپ ہے

یہ ممکن نہیں کہ اس مختصر مضمون میں رپورٹ کے بہت سے دلچسپ حصوں کو زیادہ تفصیل کے ساتھہ بیان کیا جاے۔ البتہ یہاں ایک اہم واقعہ کی طرف مکرر اشارہ کیا جاتا ہے۔ اس رپورٹ میں Adam Smith صاحب کی Wealth of Nations کا حوالہ دیا گیا ہے اور مذکورۂ بالا بحثوں کے پڑھنے سے یہ صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ کمیٹی کے ممبر معاشیات کے ان اصولوں سے واقف تھے جو اس وقت انگلستان میں پھیلے ہوے تھے۔ میں نے پہلے قدر زر کے اس نظریہ کی طرف اشارہ کیا ہے جو رپورٹ میں پیش کیا گیا ہے اسی طرح سے بنگال میں محصول نمک کے بار کے متعلق بھی ایک نہایت دلچسپ بحث اُٹھائی گئی ہے اس طرح یہ رپورٹ معاشیات کے طالب علموں کے لئے خاصی دلچسپ ہے۔ اگرچہ اس کی قدر و منزلت

(۱۳۸) برس گزر جانے کی وجہ سے کم ہوگئی ہے ' باین ہمہ یہ ظاہر ہے کہ سنہ ۱۷۸۷ع کی کرنسی کمیٹی نے اسی قسم کے مسئلہ پر جو موجودہ رایل کمیشن کے زیر غور ہے ' بحث کی تھی - کمیٹی نے سفارش کی تھی کہ طلائی سکہ اور چاندی کے روپیہ کا قدیم تناسب روپیہ میں بھرت کا اضافہ کر کے قائم رکھا جاوے - اسی طریقہ کو سر ڈاڈی با ڈلال نے اپنی minority رپورٹ میں Bapington Smith Comittee کے سامنے پیش کیا تھا-سنہ۱۷۸۷ کی کرنسی کمیٹی کی طرح موجودہ رایل کمیشن کو یہ تصفیہ کرنا ہوگا کہ سونے کے ساورن اور چاندی کے روپیہ کی شرح مبادلہ کیا رہے اور ان کی سرکاری اور بازاری قیمت کا تفاوت دور کرنا پڑیگا - کمیٹی کے ملازمین محض تاجر نہ تھے برطانوی نظم حکومت کے طالب علم کو ۱۷۸۷ع کی کمیٹی کی رپورٹ کے مطالعہ سے ایک فائدہ اور ہوگا - اس سے معلوم ہوگا کہ کمیٹیوں کے ذریعہ تحقیقات کا طریقہ ابتدائی حکومت میں بھی ' بالکل وہی تھا - جو آج کل ہے - سنہ ۱۷۸۸ع میں کرنسی کمیٹی کے بھی صدر اور سکریٹری تھے کمیٹی نے سوال بند بھی مرتب کیا تھا گواہوں پر جرح بھی ہوتی تھی یاد داشتیں بھی طلب کی گئی تھیں اور اعتراضی نوٹ بھی شریک کیا جا چکا ہے - اس ملک کے ابتدائی برطانوی عہدہ داروں کے متعلق عام رائے یہ ہے کہ وہ محض نا خواندہ قسمت آزما لوگ تھے جو اس ملک میں صرف " سونے کا درخت "

هلانے کے لئے آئے تھے - سنہ ۱۷۸۷ ع کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ عام طور پر ایسی رائے کا قائم کرنا قرین انصاف نہیں ہے- کہ جان کمپنی کے بعض ملازمین اس قدیم زمانے میں بھی مشہور انگریزی معاشیات دانوں کی تصنیفات پڑھتے تھے اور ان کے نظریوں کا استعمال اس ملک کے معاشی مسائل کے حل میں کیا کرتے تھے -

اخبار علمیہ

اس بات سے بہت کم لوگ واقف ہیں کہ برطانیہ کی طرح چین کو بھی ایک "ان سائکلو پیڈیا" کی ترتیب کا شرف حاصل ہے، یہہ زبردست تالیف سنہ ۱۷۷۲ میں مکمل ہو چکی تھی، لیکن اب تک اس کی طباعت کا تصفیہ نہوا تھا یہ ۳۶۰۰۰ مجلدات پر مشتمل ہے، یہ جلدیں اب تک ایک شاندار دو منزلہ عمارت میں بحفاظت تمام رکھی رہیں اور اب شنگھای کا کمرشیل پریس انہیں چھاپے گا ناظرین کو اس تالیف کی ضخامت کا اندزہ اس سے ہوگا کہ ہر مجلد ۱۸ × ۱۲ سائز کا ہے، اور یہ ایک اسپیشل ٹرین کے ذریعہ پیکنگ سے شنگھائی پہنچای جائین گی، اس کی طباعت کے لئے ۱۰ سال کی ضرورت ہوگی، اس کے تیس بڑے ست بحساب تیس ہزار روپیہ فی ست اور چھوٹے بحساب نو ہزار روپیہ فی ست تیار ہونگے۔

کیا ہماری زبان اس قسم کی تالیف کا کوئی خواب دیکھہ سکتی ہے؟ -

کان کنی اب تک قسمت کا کھیل سمجھا جاتا تھا۔

اور بہت کچھہ صرفے اور محنت کے بعد بھی دھاتوں کا دستیاب ہونا مقدر یا اتفاق پر منحصر تھا' لیکن اب ایسے آلے بنائے گئے ہیں جن کی مدد سے انسان بغیر زمین کھودے ہوے معدنیات کی موجودگی یا عدم موجودگی کا پتہ لگا سکتا ہے چنانچہ امریکہ کی تیل اور کان کنی کی اکثر کمپنیاں ان آلون کو کامیابی کے ساتھہ استعمال کر چکی ہیں۔

تعلیم نسوان کے سلسلہ میں اب تک دست کاری کشیدہ کاری' خانہ داری وغیرہ کے مدرسوں کا حال سننے میں آتا تھا' لیکن حال میں بوسٹن (امریکہ) کے نسوانی کالج میں ایک نیا شعبہ بیویوں کی تعلیم کے لئے کھولا گیا ہے - اس میں لڑکیوں کو آئندہ ازدواجی زندگی کے متعلق تعلیم دی جائیگی اس کا نام شعبۂ محبت ونکاح ہے مدرسے کی طرح' نصاب تعلیم بھی کچھہ کم دلچسپ نہیں ہے' بوسٹن یونیورسٹی کے اساتذہ اپنا کچھہ وقت اس شعبہ کو بھی دیتے ہیں مثلاً نفسیات کا پروفیسر' نو جوان خواتین کو مردوں کی نفسیاتی خصوصیات سے آگاہ کرتا ہے' اور عورتوں اور مردوں میں جو ذہنی اور نفسی اختلات پایا جاتا ہے۔ اسی طرح سے حساب کا پروفیسر خانہ داری پڑھاتا ہے اس سے آگاہ کرتا ہے۔ معاشیات کا پروفیسر طالبات کو امریکی خاندانوں کی معاشی زندگی کے مختلف پہلو بتاتا ہے اور عمرانیات (Sociology) کا پروفیسر صنف قوی و نازک کا باہمی تعلق' عورتوں کے حقوق ان کی ملازمت وغیرہ کے متعلق

درس دیتا ھے۔ شادی کے مسئلہ کی تحقیق خاص طور پر کی جاتی ھے، اور لڑکیوں کو خاص طور پر یہ سکھایا جاتا ھے کہ وہ جذبات سے الگ ھٹ کر شادی کے مسئلہ کو صرف کاروباری اور تجارتی حیثیت سے دیکھیں، جب نصاب کی تکمیل ھوچکتی ھے تو کامیاب لڑکیوں کو C.B. (Certified Bride) سند یافتہ زوجہ) کی ڈگری دی جاتی ھے۔ اس "شعبہ محبت و نکاح" کی صدر مسز میکڈ و نیالڈ نام کی ایک خاتون ھیں، ھم ناظرین کی دلچسپی کے لئے اس عجیب و غریب امتحان کا ایک سوال درج ذیل کرتے ھیں—

"میری براؤن ایک عورت ھے، وہ گاف (Golf) کی شوقین ھے۔ اسے کلب کی زندگی اور مجمع سے نفرت ھے، سگریٹ پینا بھی اسے نا پسند ھے، اس کے شوھر کا وقت زیادہ تر کلب کی دلچسپیوں میں صرف ھوتا ھے۔ انھیں ایک دوسرے سے محبت ضرور ھے، لیکن مذاق میں فرق ھے۔ میری چونکہ ایک سنجیدہ خاتون ھے اس لئے وہ یہ تصفیہ کرتی ھے کہ ....."

اس جملہ کو ۲۰۰ الفاظ میں مکمل کرو"۔

بات یہ ھے کہ جو ملک جیسا ھوتا ھے اس کی ھر بات اُسی رنگ میں ڈھل جاتی ھے۔ تجارتی ملکوں میں شادی بیاہ بھی تجارت کی ایک شاخ ھوگئی ھے۔ شادی کو اگر جذبات سے اور خاص کر جذبۂ محبت سے الگ کرکے دیکھا جاے تو ایک معمولی "سودا" ھوجائیگا۔ آج کل اکثر ھمارے نوجوان بھی اور خاص کر یورپ کے تعلیم یافتہ شادی کو اسی نظر سے

دیکھتے ھیں۔ وہ یہ نہیں دیکھتے کہ لڑکی کیسی ھے بلکہ یہ دیکھتے ھیں کہ اس سے شادی کرنے سے روپیہ کس قدر ملے گا۔

جزیرۂ سماترا میں حال ھی میں دنیا کا عجیب ترین پھول دیکھا گیا، کھلنے کے ۲۲ دن کے بعد تک اس کا طول صرف ۱۹-انچ تھا لیکن دو ھفتے کے بعد ھی یکایک ۴ فٹ ۴-انچ ھوگیا۔ چالیسویں دن اس کا طول ۸ فٹ ھوگیا۔ اس کے تین دن بعد ھی یہ پھول مرجھا گیا،

اب تک فصلیں کاٹنے کے بعد میدانوں میں سکھائی جاتی تھیں، لیکن اب ایک ایسی مشین بنائی گئی ھے جس کے ذریعہ سے غلہ اور گھانس کے انبار ذراسی دیر میں خشک کرلئے جائیں گے، یہ مشین گرمی، جاڑے، برسات ھر موسم میں کام دے سکتی ھے اور اس طرح سکھانے میں جو اخراجات ھوں گے وہ دستی محنت کے مقابلہ میں بہت کم ھوں گے۔ دوسرا بڑا فائدہ یہ ھے کہ دھوپ میں سکھانے سے گھاس کے جو ضروری اجزا جاتے رھتے ھیں وہ بھی اب محفوظ رھیں گے اور مصنوعی طریقوں سے سکھائی ھوئی گھاس میں دھوپ میں خشک کی ھوئی گھاس کے مقابلہ میں زیادہ غذائیت ھوگی خیال کیا جاتا ھے کہ اگر اس مشین کا استعمال عام طور پر ھونے لگے تو خراب فصلوں کا کوئی اندیشہ نہ رھے گا اور زراعت میں ایک نیا انقلاب ھوجائے گا،

اب تک مدافعت کے لئے تپنچے اور دوسرے اسلحہ استعمال کئے جاتے تھے، جس سے اتلاف جان کی نوبت آتی تھی، لیکن اب امریکہ میں ایک نئے قسم کا آلہ بنایا گیا ہے، جس سے مدافعت بھی ہوجاتی ہے، اور کسی کی جان بھی نہیں جاتی، یہ ایک چھوٹا ڈنڈا ہوتا ہے، جو اندر سے خالی ہوتا ہے اور اس کے اندر ایک قسم کا گیس بھرا رہتا ہے، جو بٹن دباتے ہی تیزی کے ساتھ باہر نکلتا ہے، اس گیس کی خاصیت یہ ہے کہ ۵۰ فٹ کے فاصلہ تک اس سے انسان عارضی طور پر بصارت سے محروم ہو جاتا ہے۔ آج کل امریکہ میں بنک کے چپراسی اور دوسرے راہگیر رات کے وقت چوروں سے بچنے کے لئے اس آلہ کو اپنے پاس رکھتے ہیں یہ بھی پستول کی طرح آسانی سے جیبوں میں رکھا جا سکتا ہے —

جرمنی اگرچہ میدان جنگ میں شکست کھا چکا ہے لیکن صنعت و حرفت کے میدان میں وہ اب بھی پیش پیش ہے، وہاں آج کل دنیا کا سب سے بڑا برقی انجن (Dynamo) تیار کیا جارہا ہے، اس کے ذریعہ سے ۱۵۰۰۰ گھوڑوں کی طاقت پیدا کی جا سکے گی، یہ قوت انگلستان کے سب سے بڑے برقی انجن کی قوت سے دوگنی ہے۔

گزشتہ ۵ سالوں میں ہندوستان میں یونیورسٹیوں کی تعداد دگنی ہوگئی ہے، ملک کے بعض ماہرین تعلیم اس اضافہ کو شبہہ کی نظروں سے دیکھتے ہیں۔ ہم ان کی توجہ

کے لئے ذیل میں جاپان کی یونیورسٹیوں کی تعداد درج کرتے ہیں، اگر ان پر نظر ڈالتے وقت جاپان اور ہندوستان کے رقبہ اور آبادی کے تناسب کو مد نظر رکھا جائے، تو نتیجہ زیادہ سبق آموز ہوگا۔

سال	یونیورسٹیوں کی تعداد
۱۹۲۰	۶
۱۹۲۱	۱۶
۱۹۲۲	۱۸
۱۹۲۳	۳۱

گزشتہ سورج گرہن کے موقع پر سماترا میں دنیا کے مختلف مقامات سے ہیئت داں اور ماہرین سائنس جمع ہوئے تھے، انگلستان، جرمنی، فرانسی، امریکہ، ہر ملک نے اپنے نمائندے بھیجے، ان لوگوں نے بڑی بڑی دور بینوں کی مدد سے سورج کا مشاہدہ کیا ہے اور گرہن کی حالت میں اس کی رنگین تصویریں بھی لی ہیں، ان تصویروں کی مدد سے اس تحقیق میں مدد ملے گی کہ سورج میں کون کون سی گیسیں پائی جاتی ہیں۔

اب تک تیز ترین رفتار کا قیاس ایک میل فی منٹ لگایا جاتا ہے، اور ہمارے ہندوستان میں عام طور پر پنجاب میل کی رفتار کو نظیر کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، لیکن حال میں پولٹزر (Pulitzer) کپ کے لئے

ہوائی جہازوں کا جو مقابلہ ہوا اس میں تیز تر بن ہوائی جہاز کی رفتار ۲۵۰ میل فی گھنٹہ تھی، ۱۷ برس پہلے جب ولبر رائٹ (Wilbur-Wright) فضای پرواز کا موجد، ۳۷ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑا تھا تو لوگوں کو حیرت ہوتی تھی - آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا -

---

اس سال کا ادب کا نوبل پرائز ایک سوئڈی خاتون سگرڈ انڈسٹ Sigrid Undset کو ملا ہے - پچھلے سال یہ آئر لینڈ کے مشہور شاعر W.B.Yeats کو، اور اس سے پیشتر ہمارے ہندوستان کے مایہ ناز فلسفی اور شاعر رابندر ناتھ ٹیگور کو ملا تھا- اس انعام کی مالیت تقریباً دیڑ لاکھ روپیہ ہوتی ہے-

اخبار کلیہ

بہمن کے بعد کا زمانہ ہر کلیہ کی دلچسپیوں اور تفریحوں کے لئے جزر کا زمانہ ہوتا ہے، چنانچہ ہمارے کلیہ میں بھی یہ پچھلے تین ماہ ایسے ہی رہے۔ سوائے مختلف بزموں کے جلسوں کے، اور روزانہ کھیلوں کے، اور کوئی بات خاص طور پر ذکر کے قابل نہیں ہے۔ دسمبر میں جو سالانہ ٹورنامنٹ ہوا کرتا تھا وہ اس سال حضور منجھلی صاحبزادی صاحبہ مرحومہ ومغفورہ کی وفات حسرت آیات کی وجہ سے ملتوی کردیا گیا۔

سال دوم، عثمانیہ میٹرک، اور سکستھ فارم کے طلبا کے آزمائشی امتحانات ختم ہو چکے ہیں، اور ان کی شرکت کی درخواستیں بھی روانہ ہو چکی ہیں۔ پروفیسروں اور مدرسین کی کوششوں کا جہاں تک دخل تھا، وہ ختم ہو گئیں، اور اب صرف طلبا کی اپنی محنت کی ضرورت ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہمارے کلیہ کے نونہال پچھلے سال کے کارناموں پر نظر رکھیں گے۔ جانے والوں نے ان کے لئے ایک روشن اور قابل تقلید مثال چھوڑی ہے، اس کی تقلید کرنی، اور اسے روشن تر بنانا، یہ انہیں کا کام ہے۔

ہم ان سب قسمت آزماؤں کو الوداع کہتے ہیں، اور امید کرتے ہیں کہ جس طرح ان کی اس کلیہ کی زندگی باہمی ربط، محبت اور میل جول میں کٹی، ویسی ہی ان کی آئندہ زندگی بھی ہوگی، ان کی جگہ، اور ان کی یاد ہم سب کے دلوں میں ہے اور ہمیشہ رہیگی - ہمیں یہ بھی امید ہے کہ اس چھوٹی سی دنیا سے باہر قدم رکھنے کے بعد وہ اسے بالکل ہی بھول نہ جائیں گے - ہم ان کے مضامین اور حالات کو ہمیشہ خوشی کے ساتھہ اس رسالہ میں شایع کرتے رہیں گے، اور وہ زندگی کے جس میدان میں بھی ہونگے، ہم سب کی دعائیں ان کے ساتھہ رہیں گی--

---

خوشی کی بات ہے کہ ہمارا پورفنڈ بدستور اپنا مفید کام کررہا ہے، اس کا سنہ ۳۳ف کا موازنہ ہم کسی پچھلے نمبر میں شایع کرچکے ہیں، اب ذیل میں سنہ ۳۴ف کی آمد و خرچ کی مدیں دکھاتے ہیں، جن محسنوں نے اس میں حصہ لیا ہے، اور جن ہمدرد معاونین نے اس کی مدد کی ہے، ہم ان سب کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اور امید کرتے ہیں، کہ باہمی امداد اور ایثار کا یہ سلسلہ بہت دنوں تک جاری رہےگا-

فرد حساب بابتہ سنہ ۱۳۳۴ فصلی

آمد

مدات	روپیہ	آنہ	پائی
نقد بدست بتاریخ یکم آذر سنہ ۳۴ فصلی	۱	۲	
عطیہ نواب رضا یار جنگ بہادر			
اول تعلقدار ضلع	۱۲۰		
عطیہ از بک ڈپو	۶۶	۵	۶
چندہ اساتذہ صاحبان	۲۶۷	۸	
مزید چندے	۳۸	۹	۴
وصول از فیس روشنائی و امتحان	۱۴۳	۱۳	۸
چندہ طلباء کلیہ	۳۴	۸	۱۱
وصول از فروخت کتب	۱	۸	
جملہ آمد	۶۷۳	۷	۵
کل خرچ	۶۱۳	۵	۱۰
نقد بدست بتاریخ ۳۰ آبان سنہ ۳۴ فصلی	۶۰	۶	۷

خرچ

	روپیہ	آنہ	پائی
سرمایہ وظیفۂ کلیہ	۵۰		
خرید کتب	۲۹۸	۱۴	۶
وظائف وغیرہ	۱۳۹	۹	۴
خرید روشنائی و کاغذ برائے امتحان	۱۰۰	۱۴	
کرایہ ریل چہار طلبائے سکستہ فارم	۲۴		
میزان	۶۱۳	۵	۱۰